روحانی وجسمانی امراض اور دینی ودنیاوی پریشانیوں کے ازالہ کیلئے بہترین تحفہ

احسن الوظائف

اسم اعظم اور
درود شریف کے
حیرت انگیز
اثرات و
برکات

پسند فرمودہ

شیخ طاہر عابد صاحب
جامعہ مدینۃ العلوم خیبر بازار پشاور

مناظر اسلام وکیل الاحناف حضرت مولانا
مفتی محمد ندیم المحمودی صاحب

شیخ الحدیث مولانا
تحسین اللہ ہزاروی صاحب مدظلہ

مفتی محمد نعیم صاحب
خلیفہ مجاز
مفتی سید مختار الدین شاہ صاحب

کلمات دعائیہ

مولانا عرفان اللہ صاحب
ناظم تعلیمات جامعہ دار العلوم نعمانیہ نمک منڈی پشاور

پسند فرمودہ

مفتی محمد نعیم الطالب صاحب
خادم جامعہ مظہر العلوم الاسلامیہ محمد مدینہ کالونی پشاور

ازقلم

بندہ شریف اللہ طالب
معلم جامعہ محمدیہ شیر و جنگی گلاب ٹاؤن پشاور
سابق معلم جامعہ دار العلوم نعمانیہ محلہ گلاب خانہ نمک منڈی پشاور

احسن الوظائف

مؤلف: شریف اللہ طالب
متعلم جامعہ محمدیہ شیرو جنگی گلاب ٹاؤن پشاور
سابقہ متعلم جامعہ دارالعلوم نعمانیہ
محلّہ گلاب خانہ نمک منڈی پشاور

نام کتاب : احسن الوظائف
مؤلف: شریف اللہ طالب
کمپوزنگ: اورنگزیب، شریف اللہ طالب
پبلشرز: آفاق پرنٹنگ پریس
تعداد: 500

ملنے کا پتہ

۱۔ بیت علم محلّہ جنگی پشاور
۲۔ مکتبہ امدایہ محلّہ جنگی پشاور
۳۔ مکتبہ عثمانی محلّہ جنگی پشاور
۴۔ مکتبہ رحمانیہ محلّہ جنگی پشاور
۵۔ مکتبہ عمر فاروق محلّہ جنگی پشاور
۶۔ مکتبہ ابوبکر صدیق محلّہ جنگی پشاور

فہرست

﴿تقریظ﴾

شیخ القرآن والحدیث حضرت مولانا محمد طاہر عابد صاحب ﴿مدظلہ﴾

خادم الاحادیث النبویّہ جامعہ مدینۃ العلوم خیبر بازار پشاور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِی خَلَقَ اللَّوحَ وَالقَلَمُ وَ عَلَّمَ الاِنۡسَانَ مالم یَعۡلَمۡ والصَّلوة والسَّلام علٰی محَّمد نِ الَّذی اَرۡسَلَهٗ اِلی الۡعرب والۡعجم وَعلٰی آله وصحبه الَّذین هم بُحور الۡعلوم والُحکم. اَمَّا بعد !

شریعت محمدیہ ﷺ میں تمام امراض کا روحانی علاج موجود ہے۔اللہ تعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتے ہیں:وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقرآنِ مَاھُوَ شِفآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤمِنِیۡنَ﴿سورۃ بنی اسرائیل آیۃ نمبر82﴾

اسی طرح عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے درد کی شکایت کی جو اِن کے جسم کی کسی حصّہ میں تھا۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم اس جگہ پر اپنا ہاتھ رکھو، جہاں تکلیف ہے،اور تین مرتبہ ''بسم اللہ'' پڑھو اور سات مرتبہ اَعُوۡذُ بِعِزَّةِاللّٰهِ وَقُدۡرَتِهٖ مِنۡ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ'' پڑھو.یعنی میں پناہ لیتا ہوں اللہ تعالی کی عظمت اور اس کی قدرت کی،اس تکلیف کی شر سے جو میں پا رہا ہوں۔اور جس کا مجھے خطرہ ہے،فرماتے ہیں میں نے ایسا کیا۔تو اللہ تعالی نے میری وہ تکلیف دور فرمادی۔(صحیح مسلم باب استحباب وضع یدہ علی موضع الالم مع الدعآء)

نبی کریم ﷺ نے ہمیں ہر موقع کے دعاؤں کی تلقین کی ہے،ان میں سے بعض کو برادرِ مکرّم شریف اللہ صاحب نے'احسن الوظائف' کے نام سے مرتب کی ہیں ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالی جلّ شانہ اس کتاب کو نافع الخلائق بنادے،اور اس کو مقبولیت سے نوازے۔آمین۔خادم الاحادیث النبویہ جامعہ مدینۃ العلوم (شیخ القرآن والحدیث حضرت مولانا) بندہ محمد طاہر عابد صاحب عفا اللہ عنہ

﴿تقریظ﴾

حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب ﴿مدظلہ﴾

خلیفہ مجاز شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سید مختار الدین شاہ صاحب ﴿مدظلہ﴾

مدّرس جامعہ محمدیّہ شیرو جنگی لڑمہ چارسدہ روڑ پشاور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ للّٰہ رَبِّ الۡعالمین والصَّلوۃ والسَّلام علی اَشۡرفِ الانۡبیآء محمدٍوَّاٰلِہ واَصۡحابہٖ اجمعین وبعد.

برادر طالب علم شریف اللہ صاحب زید مجدھم نے 'احسن الوظائف' کے نام سے کئی صفحات پر مشتمل کتاب تحریر کیا ہے بندہ نے جگہ جگہ دیکھی بڑی محنت سے وظائف کے چند اوراق کو جمع کیا ہے اللہ تعالی اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور برادر مکرّم کیلئے صدقہ جاریہ بنائے۔ (آمین)

بندہ مفتی محمد نعیم صاحب خادم الطلباء

استاذ الحدیث جامعہ محمدیہ شرو جنگی پشاور

14.01.2022

﴿تقریظ﴾

مناظر الاسلام وکیل الاحناف حضرت مولانا مفتی محمد ندیم المحمودی صاحب (مدظلہ عالیہ)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الذی من قال: وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقراٰنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمؤمنین ﴿سورۃ بنی اسرائیل آیۃ نمبر 82﴾ **والصّلوۃ والسّلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ واصحابہٖ واتباعہٖ وائمتہٖ الۡمجتھدین ومَن تَبِعھُمۡ باحسان الی یوم الدین**

امّا بعد شریعت محمدیہ ﷺ تمام مخلوق کے لئے تاقیامت راہنمائی ہے، اورانسان افضل المخلوقات ہیں اور انسان کے ساتھ رنج وخوشی لاحق ہے جس میں شریعت نے ہمیں راستہ دکھایا ہے۔ اسی سلسلے میں برادر مکرّم محمد شریف اللہ صاحب حفظہ اللہ نے شریعت ہی سے بعض اوراق وظائف متعین کیئے ہیں، اگرچہ میں ملکی دورے پر ہوں اور میں نے بالاستعاب مطالعہ نہیں کیا خصوصًا بعض حوالہ جات کے اصل مخرج دیکھنے سے قاصر رہا، لیکن جیّد علمائے کرام کے تقاریظ دیکھے انکی تصدیق پر اعتماد کرلیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ یہ کتاب مؤلف اور انکے والدین اور اساتذہ کرام کیلئے سببِ مغفرت بنائے اور اُمت مسلمہ کیلئے راہِ ھدایت بنائے۔ (آمین)

محمد ندیم المحمودی بحالت سفر

تقریظ

حضرت مولانا مفتی محمد نعیم الطالب صاحب

اَلْحمد للّٰہ ربِّ الْعالمین و الصّلوۃ و السّلام علی سیّد الانبیاء و المرسلین وعلی آلہ و اصحابہٖ اجمعین:قال اللہ تبارك وتعالیٰ: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقرآنِ مَاھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمؤمنین وَ لا یَزِیدُ الظّٰلِمِین اِلَّا خَسارا ﴿سورۃ بنی اسرائیل آیۃ نمبر82﴾

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال:مااَنْزل اللہ دَاءً اِلَّا اَنْزل لہ شفاءً
﴿صحیح البخاری، کتاب الطب﴾

و بعد! زیرنظر کتاب ''احسن الوظائف'' کے بعض مواضع کو عجلت کے ساتھ مطالعہ کیا، کتاب کو اھل العلم وعوام الناس دونوں طبقوں کے لیے مفید پایا، کتاب ھذا کے لیے استاذی المکرّم، استاذ الحدیث، استاذ العلماء حضرت مولانا طاھر عابد صاحب زیدمجدھم کی تقریظ سند بعد حجت ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ برادر محترم جناب متعلم شریف اللہ الطالب صاحب کی کاوش کو مقبول فرمادیں، اس کے اور اس کے والدین کے لئے آخرت کا توشہ بنادے، اور ناظرین کیلئے باعث برکات وانوارات بنادے۔ آمین یا ربّ العالمین

احقر العباد:محمد نعیم الطالب عفا اللہ عنہ و والدیہ

خادم جامعہ مظھر العلوم الاسلامیہ،نیو مدینہ کالونی پشاور

(عرض مؤلف)

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ للّٰہ رَبِّ الْعالمین و الصَّلوۃ و السَّلام علی اَشْرفِ الانْبیآء محمدٍوَّ اٰلِہٖ و اَصْحابہٖ اَجْمعین و بعد. شریعت محمدیہ ﷺ میں تمام امراض کا روحانی علاج موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتے ہیں:**وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقرآنِ مَاھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ**﴿سورۃ بنی اسرائیل)

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال:مااَنْزل اللہ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَہٗ شفاءً
﴿صحیح البخاری، کتاب الطب﴾

الحمد اللہ فضل الٰہی سے ہی احسن الوظائف کتاب مکمل ہوا۔ اس کتاب کے اشاعت میں میرے اساتذہ کرام اور عوام الناس اور دوستوں نے خوب تعاون کیا، اللہ رب العزت اس کی اس سعی کو قبول فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ اس کے اس سعی کے بدلے دنیا وآخرت میں دے، اللہ تعالیٰ ان کو مزید دین کے کاموں میں خرچ کرنے کی توفیق عطا کردے۔

آخر میں قارئین سے درخواست ہے کہ جن احباب کو اس کتاب سے نفع ہو وہ اس کتاب کو دوسروں کو پڑھنے کی ترغیب ضرور دیں یہ آپ کا اس ناکارہ پر احسان عظیم ہوگا آپ کی ترغیب سے کوئی اس کو پڑھنے والا بن گیا تو جب تک وہ پڑھتا رہے گا آپ کو اس کے پڑھنے کا پورا پورا آجر ملتا رہے گا۔

اس ساتھ ساتھ آپ سے درخواست ہے جن احباب کو اس کتاب سے نفع ہو وہ مجھ ناکارہ کو اور میرے والدین، اساتذہ کرام کو اور دوستوں کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم ﷺ کی صحیح صحیح پیروی کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور خاتمہ بالخیر فرمائے (آمین)

(مؤلف متعلم شریف اللہ طالب)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم

اَلۡحَمۡدُلِلّٰهِ الۡمُتَوَحّدِ بِجَلالِ ذَاتِهٖ وَ كَمَالِ صِفَاتِهٖ الۡمُتَقَدّسِ فِیۡ نُعُوۡتِ الۡجَبرُوۡتِ عَنۡ شَوَائِبِ النَّقۡصِ وَسِمَاتِهٖ وَالصَّلوٰةُ علٰى نَبِيّهٖ مُحَمَّدٍ نِ الۡمُئوَيَّدِ بِسَاطِعِ حُجَجِهٖ ووَاضِحِ بِيّناتِهٖ وَعَلٰى آلِهٖ،وَاَصۡحَابِهٖ هُدَاةِ طَرِيقِ الۡحَقّ وحُمَاتِهٖ وَ بَعۡدُ

﴿باب(1)اسمائے حُسۡنٰی﴾

قال الله تعالیٰ : وِلِلّٰهِ اَلاَ سۡمَاءُ الۡحُسۡنیٰ فَادۡعُوۡهُ بِهَا. (سورۃ الاعراف:آیۃ 180)

اللہ تعالی کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالی کے اچھے اچھے نام ہیں پس تم اس کو انہی ناموں سے پکارا کرو۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالی کے 99 نام ہیں جو ان کو یاد کرلے وہ جنت میں جائے گا۔(بخاری ومسلم)

1:۔ اَللّٰهُ (اللہ رب العزت کا ذاتی نام)

جوشخص روزانہ ایک ہزار(1000)مرتبہ ''يَا اَللّٰهُ'' پڑھے گا۔انشاءاللہ اس کے دل کے تمام شکوک و شبہات دور ہوجائیں گے اور عزم ویقین کی قوت نصیب ہوگی۔جو لاعلاج مریض ہو اور اس کے مرض سے اطباء عاجز آگئے ہوں وہ بکثرت ''یااللہ'' کا ورد رکھے اور اس کے بعد شفاء کی دعا مانگے اس کو شفاء نصیب ہوگی بشرطیکہ موت کا وقت نہ آگیا ہو۔

جوشخص اللہ کا محبت الٰہی کی وجہ سے ذکر کرے گا اور شک نہیں کرے گا وہ صاحب یقین میں سے ہوگا۔جو ہرنماز کے بعد ساتھ (7)بار(هُوَ اللّٰهُ الرَّحِيۡمُ) پڑھتا رہے گا۔اس کا ایمان سلب نہیں ہوگا اور وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

جوشخص ایک ہزار مرتبہ(1000)(يَا اللّٰهُ يَا هُوَ) پڑھے گا اس کے دل میں ایمان اور معرفت الٰہی کو مضبوط کردیا جائے گا جوشخص جمعہ مبارک کے دن عصر کی نماز پڑھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر مغرب تک (يا اَللّٰهُ يا رَحۡمٰنُ یارَحِیۡمُ)پڑھتا رہے گا پھر اللہ تعالیٰ سے جو چیز مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عطا فرمائیں گے۔

2:۔اَلرَّحۡمٰنُ (بے حد رحم کرنے والا)

جوشخص روزانہ ہرنماز کے بعد سو(100)مرتبہ يـا رحـمٰنُ پڑھے گا۔اس کے دل سے انشاءاللہ ہرقسم کی سختی اور غفلت دور ہوجائے گی۔اگر کوئی شخص الـرَّحۡمٰنُ /الرَّحِيۡمُ کو لکھ کر اور دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے تو درخت کے پھل میں برکت ہوگا ۔اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والا ہر امرِ مکروہ سے محفوظ رہتا ہے اسے لکھ کر اور دھو کر پلانے سے گرم بخار سے شفاء نصیب ہوتی ہیں۔جو کوئی اس اسم کو صبح

کی نماز کے بعد دوسو اٹھانوے(298)بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر بہت رحم فرمائے گا۔جو کوئی اکتالیس(41)دن تک روزانہ اکتالیس(41)بار (يَـا رَحۡـمٰـنَ الـدُّنۡيَـا وَالۡاٰخِـرَةِ وَيَـارَحِيۡـمَهُـمَا) پڑھے گا اس کی ضرورت وحاجت آسانی سے پوری ہوگی جو کسی جابر حکمران کے پاس جاتے وقت(يـا رحـمٰنُ يـا رَحِيۡمُ) پڑھتا جائے اللہ تعالیٰ اسے ظالم کے شر سے بچالیتے ہیں اور خیر عطا فرماتے ہیں۔

3:۔ اَلرَّحِيۡمُ (بڑا مہربان)

جوشخص روزانہ ہرنماز کے بعد سو(100)مرتبہ يَا رَحِيۡمُ پڑھے گا اس کے دل کی غفلت اور نسیان دفع ہوجائے گا۔

اور تمام دنیوی آفتوں اور عمل مکروہ سے ان شاءاللہ محفوظ رہے گا اور تمام مخلوق اس پر مہربان ہوجائے گی۔

جوشخص ہرروز سو(100)بار پڑھنے کا معمول بنائے اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت نصیب ہوتی ہے اور لوگوں کے قلوب اس کے لئے نرم ہوجاتے ہیں جو اس کا کثرت سے ورد کرتا ہے وہ مستجاب الدعوات بن جاتا ہے اور زمانے کے مصائب سے محفوظ رہتا ہے۔جو کوئی ہرروز پانچ سو(500)بار پڑھے گا دولت پائے گا اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس پر مہربان وشفیق ہوگی اور جو اسے صبح کی نماز کے بعد پانچ سو پچپن (555)بار پڑھتا رہے وہ ہر حاجت سے غنی رہے گا۔اور جوشخص اسے روزانہ سو (100)بار پڑھے اس کے دل کی قساوت (سختی) دور ہوجاتی ہے۔جس کو کسی ناگوار کام کا اندیشہ ہو وہ (الرَّحۡمٰن الرَّحِيۡمُ) کو کثرت سے پڑھے ان شاءاللہ محفوظ رہے گا۔اگر اسے لکھ کر پانی سے دھو کر پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈالا جائے تو پھل میں برکت ہوتی ہے۔

4:۔اَلۡمَلِكُ (حقیقی بادشاہ)

جوشخص روزانہ صبح کی نماز کے بعد ''يَا مَلِكُ'' کثرت سے پڑھا کریگا اللہ اسے غنی فرمادیں گے اور جو زوال کے وقت ایک سوبیس(120)بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکو صفائے قلب اور غنائے ظاہر وباطن سے سرفراز فرمائیں گے۔جوشخص اس اسم کو پڑھتا ہے اس کا نفس اس کی اطاعت کرتا ہے اور اسے عزت و حرمت حاصل ہوتی ہیں جو سورج نکلنے کے وقت تین ہزار(3000)بار یہ اسم پاک پڑھے گا وہ جو مراد مانگے گا حاصل ہوجائے گی۔مال وملک والا آدمی اگر یہ اسم (اَلۡقُدُّوۡسُ) کے ساتھ ملا کر پڑھے گا۔تو اس کا مال وملک قائم رہے گا اور جو اس اسم کو فجر کی نماز کے بعد ایک سو بیس(120)بار پڑھنے کا معمول بنائے اللہ تعالیٰ اسے اپنی عنایات کے ذریعہ غنی فرمادیتے ہیں۔اگر حکمران اسے پڑھنے کا معمول

بنائے تو بڑے بڑے سرکش ومتکبر لوگ ان کے مطیع وفرمانبردار بن جائیں۔

5:۔اَلقُدُّوسُ (نقائص سے پاک ذات)

جو شخص روزانہ زوال کے وقت اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے گا ان شا اللہ تعالیٰ اس کا دل روحانی امراض سے پاک رہے گا یعنی حسد، بغض، کینہ، حرص، خود غرضی اور ریا کاری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ جو کوئی ہزار (1000) بار اس اسم کو پڑھے گا سب سے بے پرواہ ہوگا (یہاں تک کہ ناجائز شہوت سے بھی) جو شخص دشمن سے بچنے کیلئے بھاگتے وقت اس کو کثرت سے پڑھے گا وہ محفوظ رہے گا۔ جو سفر میں اس کی مداومت کرے گا کبھی نہیں تھکے گا۔ جو اس کو تین سو انیس (319) بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلا دے تو دشمن مہربان ہو جائے گا۔ جو زوال کے بعد ایک سو ستر (170) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کا دل منور ہوگا اور روحانی امراض سے پاک ہو جائے گا۔ جو کوئی چالیس (40) دن تک خلوت میں ایک ہزار (1000) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اس کا مقصد حاصل ہوگا اور دنیا میں اس کی قوتِ تاثیر ظاہر ہو جائے گی۔ اگر کوئی اس کو رات کے آخری حصہ میں ایک ہزار (1000) بار پڑھے تو بیماری اور بلا اس کے جسم سے دور ہو جاتی ہے۔

6:۔اَلسَّلامُ (بے عیب ذات)

جو شخص کثرت سے اس اسم مبارک کو پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر مریض کے پاس اس کے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر اس اسم مبارک کو (136) مرتبہ بلند آواز سے کہ مریض بھی سن لے پڑھیں تو ان شاء اللہ اس کو شفاء نصیب ہوگی۔ جو ہمیشہ صبح کی نماز کے بعد ہزار (1000) بار اس اسم کو پڑھے گا اس کا علم زیادہ ہوگا۔ اگر کوئی اس اسم مبارک کو ایک سو اکتالیس (141) بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو بیمار صحت پائے گا۔ جو اس اسم کو کثرت سے پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے تو دشمن سے بے خوف رہے گا۔ بیمار یا خائف اگر ایک سو گیارہ (111) بار پڑھ کر دم کرے تو بیماری اور خوف سے محفوظ رہے گا۔ یہ اسم مبارک چھ سو نوے (690) بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائے تو دشمن مہربان ہو جائے۔ اگر کوئی ایک سو اکیس (121) بار یہ اسم اور (سَلٰمٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ) کسی مریض پر پڑھے تو مریض شفاء پائے گا مرض اگر بہت پرانا یا شدید ہو تو مریض خود یا کوئی دوسرا شخص پندرہ (15) دن تک آٹھ سو سترہ (۸۱۷) بار یہ آیت اس پر پڑھ کر دم کرے۔ جو ہر فرض نماز کے بعد پندرہ (15) مرتبہ (اَللّٰھُمَّ یَاسَلامُ سَلِّمْ) پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی سلامتی عطاء فرمائیے گا۔ جس مریض کے علاج سے ڈاکٹر عاجز آ گئے ہوں اس کی شفایابی کیلئے اس کا سوا لاکھ کا ختم

نہایت مجرب ہے۔ جس شخص کو دشمنوں سے جان کا خطرہ ہو وہ گھر سے نکلتے وقت (یَاحَافِظُ یَا سَلامُ) پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اسے دشمن کے شر سے محفوظ رکھیں گے۔

7:۔اَلْمُؤْمِنُ (امن وامان دینے والا)

جو شخص کسی خوف کے وقت (630) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا۔ ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف اور جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص اس اسم مبارک کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس کا ظاہر و باطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔ جو کثرت سے اس کا ورد کرے اس کا ایمان قائم رہے گا اور مخلوق اس کی مطیع ومعتقد ہو جائے گی۔ جو کوئی روزانہ تین (3) بار یہ اسم مبارک پڑھنے کا معمول رکھے اس کو کوئی خوف نہیں ہوگا۔ جو کوئی ایک سو چھتیس (136) بار یہ اسم مبارک پڑھے ظالموں کے ظلم اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔ خوفزدہ آدمی اگر فرضوں کے بعد ایک سو چھتیس (136) بار اس اسم کا ورد رکھے تو اس کے جان و مال محفوظ رہیں گا۔ جس پر خوف طاری ہو وہ (یَا سلامُ یَا مُؤْمِنُ) کا ورد رکھے خصوصاً مسافر اس کا ورد رکھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے امن وسلامتی نصیب ہوگی۔ جو شخص کسی خوف کے وقت چھ سو تیس (630) بار اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ العزیز ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔ جو اس اسم کو ایک سو پندرہ (115) بار پڑھ کر اپنے او پر دم کرے گا۔ ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

8:۔اَلْمُهَيْمِنُ (نگہبان)

جو شخص غسل کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور صدق دل سے (100) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کا ظاہر و باطن پاک فرما دیں گے اور علوِ ہمتی پیدا ہوگی۔ اور جو شخص (115) مرتبہ پڑھے گا ان شاء اللہ پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہوگا یعنی اس پر اسرار الٰہی منکشف ہونے لگیں گے۔ جو کوئی اسے انتیس (29) بار پڑھے گا اس کو کوئی غم نہ ہوگا۔ جو یہ اسم ہمیشہ پڑھتا رہے گا تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

9:۔اَلْعَزِيْزُ (سب پر غالب)

جو شخص چالیس دن تک چالیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو معزز و مستغنی بنا دیں گے۔ اور جو شخص نماز فجر کے بعد (41) مرتبہ پڑھے گا وہ ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور ذلت کے بعد عزت پائے گا۔ جس شخص کی شادی نہ ہوتی ہو وہ گیار (11) بار درود شریف پڑھ کر گیارہ بار (یَا اللّٰہ یَا عَزِیْزُ یَا نَاصِرُیَا صَمَدُ) پڑھ کر شادی کیلئے دعاء مانگے پھر (11) بار درود شریف پڑھ کر چہرے پر ہاتھ پھیر لے تو اس کی جلد شادی ہو جائے گی۔ اگر لوگ رات کے آخری حصہ میں جمع ہو کر دو دو ہزار بار یہ

اسم مبارک پڑھیں تو رحمت کی بارش ہوجائے گی۔ جو(یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحق یا عَزِیْزُ) پڑھے تمام مخلوق میں عزیز ہوگا۔ جو عشاء کے بعد دوسو بار یَا عَزِیْزُ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کی طرف متوجہ ہو جائے گی ۔ جو کسی دشمن کے لشکر کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے ستر(70) بار یہ اسم مبارک پڑھے وہ لشکر اللہ تعالیٰ کے حکم سے شکست کھا جائے گا۔

10:۔اَلْجَبَّارُ (سب سے زبردست)

جو شخص روزانہ صبح وشام (206) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ ظالموں کے ظلم وقہر سے محفوظ رہے گا۔ اور جو شخص چاندی کی انگوٹھی پر یہ اسم مبارک نقش کروا کے پہنے گا اس کی ہیبت وشوکت لوگوں کے دلوں میں ان شاء اللہ تعالیٰ پیدا ہوگی۔ اگر کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے وہ مخلوق کی غیبت اور بدگوئی سے محفوظ رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی ہر ظالم و جابر سے حفاظت کرتا ہے اس اسم کے ساتھ (ذُو الْجَلَالِ و الْاِکْرَامِ) ملا کر پڑھنا بھی حفاظت کیلئے بہت مفید ہے۔

11:۔اَلْمُتَکَبِّرُ (بڑائی اور بزرگی والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم مبارک کا ورد رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے عزت و بڑائی عطا فرمائیں گے۔ اور اگر ہر کام کی ابتداء میں یہ اسم مبارک بکثرت پڑھے تو انشاء اللہ اس میں کامیاب ہوگا۔ شب زفاف میں بیوی کے پاس جا کر قبل مباشرت دس (10) بار ذکر کرے تو اولاد نرینہ نیک بخت ہوگی کسی کو بے حیائی سے روکنے کیلئے اس کا دس بار اس پر پڑھنا بہت مفید ہے۔ جو اس اسم مبارک کو ہر کام کے آغاز سے پہلے کثرت سے پڑھے گا اس کے کام میں کوئی رکاوٹ نہیں آئے گی۔ جو اس کو اکیس (21) مرتبہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ خواب میں کبھی نہیں ڈرے گا۔ جو اس کو چھ سو باسٹھ (662) دن تک چھ سو باسٹھ (662) مرتبہ روزانہ پڑھے گا صاحب صولت وسیاست ہوگا۔ جو دشمن سے ڈرتا ہو اس اسم کی مداومت کرے تو دشمن بدگوئی سے باز آجائے گا۔

12:اَلْخَالِقُ (پیدا کرنے والا)

جو شخص سات روز تک متواتر سو مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص ہمیشہ یہ اسم مبارک پڑھتا رہے تو اللہ پاک ایک فرشتہ پیدا کر دیتے ہیں جو اسکی طرف سے عبادت کرتا ہے اور اس کا چہرہ منوّر رہتا ہے۔ جس کا مال یا بیٹا گم ہوگیا ہو اگر وہ پانچ ہزار بار اس کا ورد کرے تو گمشدہ واپس آجائے گا۔ جو اسے ہزار بار پڑھے گا اسے اولاد نرینہ نصیب ہوگی۔ جو کوئی لڑائی میں تین سو بار اس کو پڑھے گا اس کا دشمن مغلوب ہوگا۔

13:۔اَلْبَارِئُ (جان ڈالنے والا)

اگر بانجھ عورت سات (7) روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد (21) مرتبہ (اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ) پڑھے

ان شاء اللہ اسے حمل قرار پائے اور اولاد نرینہ نصیب ہوگی۔ طبیب اس اسم کو پابندی سے ہمیشہ پڑھے تو اس کے ہاتھ میں شفا ہوگی، جو کوئی ہفتہ کے دن اس کو سو (100) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو جنت الفردوس کی طرف لے جائے گا۔ جو کوئی اس اسم کو دوسو چوالیس (244) بار پڑھے اس کی جو بھی مراد ہو پوری ہوگی۔ جو کوئی اس اسم پہ مداومت کرے گا حق تعالیٰ اس کیلئے ایک مونس پیدا کرے گا۔ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے صنائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔ جو شخص سات دن تک روزانہ اس کو سو (100) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے امراض سے شفا اور آفات سے سلامتی عطا فرمائے گا۔

14:۔اَلْمُصَوِّرُ (صورت دینے والا)

اس اسم مبارک کے خواص و برکات بھی وہی ہیں جو اَلْبَارِئُ کے ہیں۔ جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو وہ اس اسم کا کثرت سے ورد رکھے تو حمل ٹھہر جائے گا۔ اگر کوئی شخص سات (7) دن تک روزہ رکھے غروب آفتاب کے بعد افطار سے پہلے اکیس (21) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے اور پانی بانجھ عورت کو پلائے تو ان شاء اللہ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا۔ جو اپنے بستر پر آ کر سات (7) بار یہ اسم پڑھے پھر ہم بستری کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطاء فرمائے گا۔ جو اس کا بکثرت ورد کرے اس کیلئے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔ جو کوئی وضو کرنے کے بعد شہادت کی انگلی سے یہ اسم اپنی پیشانی پر لکھے تو جس سے ملاقات ہو وہ اس کا دوست ہو جائے جو اسے پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پی لے تو اعلیٰ مرتبہ پائے بانجھ عورت اگر اول آخر گیارہ مرتبہ سورۃ الحشر کی آخری آیت اور درمیان میں یَا مُصَوِّرُ سو بار (100) ہر نماز کے بعد پڑھے تو اس کا بانجھ پن ختم ہو اور وہ صاحب اولاد ہوگا۔

15:۔اَلْغَفَّارُ (درگزر اور پردہ پوشی کرنے والا)

جو شخص نماز جمعہ کے بعد سو (100) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا انشاء اللہ اس پر مغفرت کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے اور ہر تنگی رفع ہوگی اور بے شمار رزق حاصل ہوگا۔ اور جو شخص نماز عصر کے بعد روزانہ ''یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ'' پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکو انشاء اللہ بخشتے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کریں گے۔ جو کوئی یَا غَفَّارُ کی مداومت کرے گا اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے اور اس کے نفس کی بری خواہشات دور ہوں گی جو (یَا غَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ) جمعہ کی نماز کے بعد سو بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو

بخش دے گا اور آخرت میں لطف و مغفرت کا حق دار ٹھہرائے گا۔ جو اس اسم کو جمعہ کے بعد سو بار پڑھے گا تو مغفرت کے آثار پیدا ہوں گے تنگی دفع ہوگی اور بے گمان رزق ملے گا۔ غصہ کرنے والوں پر یہ اسم پڑھا جائے تو ان کا غصہ زائل ہو جاتا ہے۔

16:۔اَلْقَهَّارُ (سب کو اپنے قابو میں رکھنے والا)

جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم مبارک کو پڑھے تو انشاءاللہ دنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی اور خدا کی محبت پیدا ہو جائے گی۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی۔ اگر چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو تو اس کی برکت سے سحر دفع ہوگا۔ جس شخص کی کوئی حاجت ہو وہ اپنے گھر یا مسجد میں سر ننگا کر کے ہاتھ اٹھا کر سو بار (یَا قَهَّارُ) کہے انشاءاللہ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ جو اشراق کی نماز کے بعد سجدہ کر کے سات (7) بار (یَا قَهَّارُ) پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا۔ جس شخص کو دشمنوں سے خطرہ ہو وہ سورج نکلتے وقت اور رات کے آخری حصہ میں دشمنوں کی ہلاکت کیلئے سو (100) بار یہ پڑھے یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ یَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ پھر کہے خُذْ حَقِّيْ مِمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَعَدَا۔ جو کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو وہ اس اسم کو فرض نماز کے بعد تین سو چھ (306) بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسے امن و امان میں رکھے گا اور دشمن پر غالب ہوگا حاکم مہربان ہوگا اور خوف دل سے جاتا رہے گا۔ جو کسی مشکل کے واسطے اس اسم کو (100) بار پڑھے مشکل حل ہوگی۔ دشمن کو مغلوب کرنے کیلئے فجر کے فرض و سنت کے درمیان سو (100) بار یہ اسم پڑھنا بہت مفید ہے۔

17:۔اَلْوَهَّابُ (سب کچھ عطاء کرنے والا)

جو شخص فقر و فاقہ میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم مبارک کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس (40) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھا کرے انشاءاللہ فقر و فاقہ سے اسے حیرت انگیز طور پر نجات ملے گی اور اگر کوئی خاص حاجت درپیش ہو تو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھائے اور سو (100) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو جائے گی۔ جو کوئی رزق کی فراخی چاہتا ہو چاشت کے وقت چار رکعت نماز پڑھے پھر سلام کے بعد سجدے میں جا کر (اَلْوَهَّابُ) ایک سو چار (104) بار اور اگر فرصت نہ ہو تو پچاس (50 بار پڑھے مالدار ہو جائے گا۔ جو اسے عشاء کے بعد ساڑھے گیارہ سو (1150) بار پڑھے مقروض نہ رہے گا۔ حفاظت ایمان کیلئے ہر نماز کے بعد سات بار یہ آیت مبارک پڑھنا مجرب ہے۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ برکت کیلئے یَاوَهَّابُ الْكَرِيْمُ

ذَاالطَّوْلِ پڑھنا مفید ہے ہر چیز میں برکت کیلئے یَاوَهَّابُ الْكَافِيْ پڑھنا مفید ہے۔

18:۔اَلرَّزَّاقُ (بہت بڑا روزی دینے والا)

جو شخص نماز فجر سے قبل اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے انشاءاللہ کھول دیں گے اور بیماری و مفلسی اس کے گھر میں ہرگز نہ آئے گی۔ یہ عمل قبلہ کی داہنی جانب سے شروع کیا جائے اور منہ قبلہ کی طرف ہی رہے۔ جو اس اسم کو نہار منہ بیس (20) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے اللہ تعالیٰ اسے ایسا ذہین عطاء فرماتا ہے جو باریکیوں اور مشکلات کو سمجھ لیتا ہے۔ جو فجر کے فرض و سنت کے درمیان اکتالیس دن تک ساڑھے پانچ سو مرتبہ یہ اسم روزانہ پڑھے گا اور وہ دولت مند ہوگا۔ اس میں فجر کی نماز جماعت سے پڑھنا اور اسم مبارک کے اول و اخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا شرط ہے جو عشاء کی نماز کے بعد سر ننگا کر کے (یَارَزَّاقُ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ يَارَزَّاقُ) گیارہ (11) بار اول و آخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس (41) روز پڑھے گا اس کیلئے رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ جو کوئی اس اسم کو پانچ سو پینتالیس (545) بار روزانہ پڑھے گا، رزق اس کا کشادہ ہوگا، اور کوئی دشواری اور درماندگی نہ آئے گی۔ جو اس اسم کو روزانہ تنہائی میں ایک ہزار بار پڑھے گا انشاءاللہ خاص روحانی مقام پائے گا۔ جو ہر نماز کے بعد اس کے پڑھنے کا معمول بنائے گا غیب سے روزی پائے گا۔ جو شخص اس اسم کو سترہ (17) بار اس شخص کے سامنے پڑھے جس سے کوئی حاجت ہو انشاءاللہ وہ حاجت پوری ہو جائے گی۔ جو اس اسم کو سو (100) بار قیدی کی رہائی کیلئے پڑھے گا اسے خلاصی ملے گی اور اگر بیماری کی صحت کیلئے پڑھے گا اسے شفا ملے گی انشاءاللہ۔

19:۔اَلْفَتَّاحُ (بہت بڑا مشکل کشا)

جو شخص نماز فجر کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ستر (70) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھا کرے گا۔ انشاءاللہ اس کا دل نور ایمان سے منور ہو جائے گا اور قلب میں طہارت پیدا ہوگی۔ جو کوئی اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر نماز فجر کے بعد اکہتر (71) بار یہ اسم پڑھے گا اس کا دل پاک اور منور ہو جائے گا اور حق کے راستے کا حجاب اس سے ہٹا لیا جائے گا اور اسے انشاءاللہ تمام امور میں آسانی اور رزق میں برکت عطا کی جائے گی اگر کند ذہن چینی کی رکابی پر اس کو لکھ کر زبان سے چاٹے تو ذہین ہو جائے گا۔ جو اسے سات (7) بار پڑھے گا دل کی تاریکی جاتی رہے گی۔ جو اس کا بکثرت ورد رکھے اس کے دل کی کدورت دور ہو جائے گی اور فتوحات کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

20:۔اَلْعَلِیْمُ (بہت وسیع علم والا)

جوشخص کثرت سے ،،یَـــاعَــلِیْــمُ،، کاورد کرے گا اللہ اس پر انشاء اللہ علم ومعرفت کے دروازے کھول دیں گے۔اوراس کا حافظہ قوی ہوگا۔جوشخص (رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا) کی تلاوت کرے گا انشاء اللہ اس کے علم میں بے حد اضافہ ہوگا جو کوئی اس اسم کو دل میں پڑھے صاحب معرفت ہوجائے اور اگر فرض نماز کے بعد ڈیڑھ سو (150) بار پڑھے گا۔صاحب یقین ہوجائے گا۔

21:۔اَلْقَابِضُ (روزی تنگ کرنے والا)

جوشخص روٹی کے چار لقموں پر اس اسم مبارک کو لکھ کر چالیس (40) دن تک کھائے گا بھوک ، پیاس ، زخم اور دردوں وغیرہ کی تکلیف انشاء اللہ محسوس نہ ہوگی۔جس حاملہ عورت کو حمل گرنے کا خطرہ ہو وہ کثرت سے یا قَابِضُ پڑھے حمل ساقط نہ ہوگا۔جو اس اسم کو ہر روز تیس (30) بار پڑھے انشاء اللہ دشمن فتح ہوگی۔

جو کوئی اس اسم کو آدھی رات کے وقت پڑھ کرے دشمن اس کا مقہور ہوگا۔بعض علماء کہتے ہیں کہ (اَلْقَابِضُ) کو (اَلْبَاسِطُ) کے ساتھ (اَلْمُذِلُّ) کو (اَلْمُعِزُّ) کے ساتھ (اَلْمُمِیْتُ کو (اَلْمُحْیِیْ) کے ساتھ (اَلْمُؤخِّرُ) کو (اَلْمُقَدِّمُ) کے ساتھ (اَلْمَانِعُ) کو (اَلْمُحْصِیْ) کے ساتھ اور (اَلضَّآرُّ) کو (اَلنَّافِعُ) کے ساتھ ملا کر ذکر کرنا زیادہ مناسب اور ان میں ہر پہلے اسم مثلاً (اَلْمُذِلُّ) کو دوسرے اسم مثلاً لْمُعِزُّ کے ساتھ ملائے بغیر پڑھنا مناسب نہیں ہے (واللہ اعلم بالصواب)

22:۔اَلْبَاسِطُ (روزی فراخ کرنے والا)

جوشخص نماز چاشت کے بعد آسمان کی جانب ہاتھ اٹھا کر روزانہ دس (10) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا اور منہ پر ہاتھ پھیرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے غنی بنا دیں گے اور وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔جو اسے چالیس (40) بار پڑھے گا انشاء اللہ مخلوق سے بے پروا ہوگا۔مشکلات سے نجات کیلئے نماز کے بعد ایک سو چالیس (140) بار ہر روز اسے پڑھنا مفید ہے۔کشائش کیلئے بہتر (72) دن تک روزانہ بارہ ہزار بار یہ اسم پڑھے۔جو کوئی تین رات میں سوالاکھ (یَابَاسِطُ) ختم کرے

اور اول وآخر سو سو بار دورد شریف پڑھے اسے ان شاء اللہ غیب سے روزی ملے گی تین راتوں کے بعد روزانہ سو بار پڑھ لیا کرے جو کوئی سحر کے وقت آنکھیں بند کر کے گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھے اور ہاتھ پر دم کر کے منہ پر پھیرے پھر آنکھیں کھول کر ہاتھوں کی طرف دیکھے پھر بہتر (72) بار پڑھ کر یہ آیت تلاوت کرے وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَااِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ انشاء اللہ اس دن بھوکا نہ رہے گا۔جو انسان بہتر (72) بار روزانہ اس اسم کو پڑھا کرے اسے حق تعالیٰ تمام آفتوں سے محفوظ رکھتا

ہے۔جو کوئی اس اسم کو رات کے آخری حصہ میں ہاتھ اٹھا کر دس بار کہے ہمیشہ خوش دل رہے گا اور غم والم نہ ہوگا اور ایسی جگہ سے نفع ہو جہاں سے اُمید نہ ہو۔

23:۔اَلْخَافِضُ (پست کر دینے والا)

جوشخص روزانہ پانچ سو مرتبہ (یَـاخَـا فِضُ) پڑھا کرے گا۔اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں پوری اور مشکلات دور فرمادیں گے جوشخص تین دن تک مسلسل روزے رکھے اور چوتھے روز ایک ہی مجلس میں بیٹھ کر (70) باریـاخَـافِضُ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتحیاب ہوگا۔جو اسے ایک ہزار بار پڑھے گا۔انشاء اللہ تمام دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے حاکم وقت اس سے رضامند رہے۔اگر کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آئے تو ہر نماز کے بعد ایک ہزار چار سو اکیاسی (1481) بار اس کو پڑھنا بہت مفید ہے۔جو کوئی ظالم سے ڈرتا ہو اس اسم کو ستر (70) بار پڑھا کرے اس کے ظلم سے بچا رہے گا۔

24:۔اَلرَّافِعُ (بلند کر دینے والا)

جوشخص ہر مہینے کی چودھویں رات کو آدھی رات کے وقت سو (100) مرتبہ یَارَافِعُ پڑھے تو اللہ پاک اسے انشاء اللہ مخلوق سے بے نیاز کر دیں گے اور تونگری عطا فرمائیں گے۔جو کوئی پیر کے دن یا جمعہ کی رات مغرب یا عشاء کے بعد چار سو چالیس (440) مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا۔انشاء اللہ مخلوق کے درمیان ایک رعب نصیب ہوگا۔جو کوئی اسے آدھی رات یا دوپہر کو سو بار پڑھے گا۔تو حق تعالیٰ جل شانہ اس کو برگزیدہ کرے گا اور وہ تونگر اور بے نیاز ہوگا۔جو کوئی اس اسم کو ہر روز بیس بار پڑھے گا انشاء اللہ مراد پائے گا۔جو کوئی اسے تین سو اکیاون (351) بار پڑھے گا مخلوق کے درمیان عزیز ہوگا۔جو اسے ستر (70) بار پڑھے گا ظالموں سے امن میں رہے گا۔اور انشاء اللہ سرکشوں سے محفوظ رہے گا۔

25:۔اَلْمُعِزُّ (عزت دینے والا)

جوشخص پیر یا جمعہ کے دن بعد نماز مغرب (40) مرتبہ یَـامُعِزُّ پڑھا کرے گا اللہ رب العزت اس کو انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں میں باعزت اور باوقار بنادیں گے اور اس کی ہیبت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوگی۔جو شخص بعد نماز عشاء پیر یا جمعہ کی رات میں ایک سو چالیس (140) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی ہیبت اور حرمت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرے گا اور اسی کی پناہ میں رہے گا۔جو ایک سو چالیس (140) دن تک اکتالیس (41) بار ہر روز بلا ناغہ اس کو پڑھے گا دنیا و آخرت میں عزت پائے گا۔پڑھنے کا آغاز پیر یا جمعہ کی شب کرے۔

26:۔ اَلْمُذِلُّ (ذلت دینے والا)

جوشخص (75) مرتبہ یَامُذِلُّ پڑھ کر سربسجود ہو کر دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو انشاء اللہ تعالیٰ حاسدوں، ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھیں گے اگر کوئی خاص دشمن ہو تو سجدہ میں اس کا نام لے کر کہ ''اے اللہ! فلاں ظالم یا دشمن کے شر سے محفوظ رکھ،، دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔ جو سات سو ستر (770) بار روزانہ کوئی وقت مقرر کر کے (یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزٍ سُلْطَانِكَ) پڑھ لیا کرے تو اس کا دشمن دفع ہوگا۔ جس کا کوئی حق کسی کے ذمہ ہو اور ادا کرنے سے ٹال مٹول کر رہا ہو تو اس اسم کو بکثرت پڑھنے سے وہ اس کا حق انشاء اللہ ادا کردے گا۔

27:۔ اَلسَّمِیْعُ (سب کچھ سننے والا)

جوشخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو (500) یا ایک سو (100) یا پچاس (50) مرتبہ یَا سمِیْعُ پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعائیں قبول ہوگی۔ درمیان میں کسی سے بات ہرگز نہ کرے۔ جوشخص جمعہ کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو (100) مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو انشاء اللہ تعالیٰ نظر خاص سے نوازیں گے۔ جو اسے کثرت سے پڑھے کم سننے کے مرض سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء پائے گا۔ اگر کوئی جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو (500) بار اس اسم کو پڑھے گا۔ اور ایک قول کے مطابق ہر روز سو (100) بار پڑھے اور پڑھتے وقت بات چیت نہیں کرے گا۔ اور پڑھ کر دعا مانگے گا انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

28:۔ اَلْبَصِیْرُ (سب کچھ دیکھنے والا)

جوشخص نمازِ جمعہ کے بعد سو (100) مرتبہ یَا بَصِیْرُ پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ میں انشاء اللہ تعالیٰ روشنی اور دل میں نور پیدا فرمادیں گے۔ جوشخص جمعرات کے روز نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس اسم مبارک کو سو (100) مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائیں گے۔ جو کوئی جمعہ کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو (100) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اسے اللہ تعالیٰ خصوصی نظر عنایت فرمائے گا۔ جو اسے بکثرت ورد کرے گا آنکھوں کے امراض سے محفوظ رہے گا اس کیلئے یہ دعا بھی مفید ہے (اَللّٰهُمَّ یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّیْ) جو کوئی اس اسم کو ہر روز عصر کے وقت سات (7) بار پڑھ لیا کرے گا ناگہانی موت سے امن میں رہے گا۔ جو اس اسم کو جمعہ کے خطبے سے پہلے سو (100) بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ منظورِ نظرِ الٰہی ہوگا۔

29:۔ اَلْحَکَمُ (حاکم مطلق)

جوشخص اخیر شب میں 99 مرتبہ باوضو یہ اسم مبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو انشاء اللہ تعالیٰ محل اسرار وانوار بنادیں گے۔ اور جوشخص جمعہ کی رات میں یہ اسم مبارک اس قدر پڑھے کہ بے حال و بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو کشف والہام سے نوازیں گے جو کوئی شب جمعہ میں آدھی رات کو یہ اسم پڑھے گا حق تعالیٰ اس کا باطن پاک صاف کردے گا۔ جو کوئی پانچوں وقت ہر نماز کے بعد اسی (80) بار اس کو پڑھ لیا کرے گا۔ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

30:۔ اَلْعَدْلُ (سراپا انصاف)

جوشخص جمعہ کے دن میں یا جمعہ کی رات میں روٹی کے بیس (20) ٹکڑوں پر اَلْعَدْلُ لکھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ مخلوق کو اسکے لئے مسخر فرمادیں گے۔ جو کوئی اس اسم کو ہر نماز کے بعد ایک سو چار (104) بار پڑھے غیب سے روزی پائے اور اسے نیک عمل کی توفیق نصیب ہوگی۔ جو کوئی مغرب کی نماز کے بعد ایک ہزار بار اس اسم مبارک کو پڑھے گا آسمانی بلاؤں سے نجات پائے گا۔ جو پانچوں وقت ہر نماز کے بعد اسی (80) بار اس اسم کو پڑھ لیا کرے گا وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

31:۔ اَللَّطِیْفُ (بڑا لطف وکرم کرنے والا)

جوشخص (133) مرتبہ یَـا لَطِیْفُ پڑھا کرے اس کے رزق میں انشاء اللہ تعالیٰ برکت ہوگی اور اس کے سب کام بخوبی پوری ہوں گے جوشخص فقر و فاقہ دکھ، بیماری، تنہائی، کسمپرسی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو وہ اچھی طرح وضو کر کے دوگانہ پڑھے اور اپنے مقصد و مطلب کو دل میں رکھ کر سو مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے اسکا مقصد یقیناً پورا ہوگا۔ جو اس اسم کو روزانہ ایک سو تہتر (173) بار پڑھے اس کو اسباب معیشت نصیب ہوں گے اور حاجت پوری ہوگی۔ بیٹیوں کے رشتے اور نصیب کھلنے اور امراض سے صحت کیلئے ہر روز تحیۃ الوضو (وضو کی نماز) کے بعد سو (100) بار اس کا پڑھنا مفید ہے۔ جو ایک سو ساٹھ (160) بار اس کو پڑھے اور اس کے ساتھ یہ آیت پڑھے لَاتُـدْرِكُـهُ الْاَبْـصَـارُ وَهُـوَ یُـدْرِكُ الْاَبْـصَـارَ وَهُـوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔ وہ خوف سے انشاء اللہ امن پائے گا۔ جو بیماریوں سے شفا کیلئے اس اسم کے ساتھ کوئی بھی آیت شفاء پڑھ لی جائے تو فائدہ ہوگا۔ پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کیلئے اس اسم کا ورد کرنا مفید ہے۔ ہر طرح کی قضائے حاجات کیلئے ہر نماز کے بعد ایک سو انتیس (129) بار پڑھنا مجرب ہے اگر بہت بڑا کام پیش آ گیا ہو یا بہت بڑی مصیبت آ گئی ہو اور اس سے جان چھڑانی ہو تو یَـا لَطِیْفُ کا ورد ایک مجلس میں سولہ ہزار چھ سو اکتالیس (16641) بار کیا جائے اسم

لطیف کے ابجد قمری کے اعتبار سے کل اعداد (129) بنتے ہیں۔ انہیں اپنے آپ سے ضرب دیں تو (129 ضرب 129=16641) بنتے ہیں۔ اس ورد کا طریقہ یہ ہے کہ پڑھنے والا شخص ہر دفعہ (129) باریَا لَطِیْفُ پڑھنے کے بعد ایک بار آیت پڑھے (اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ بہتر یہ ہے کہ اس ورد کیلئے (129) دانوں کی تسبیح بنالی جائے ایک آدمی عمل نہ کر سکے تو تین چار آدمی مل کر عمل کر لیں۔ رزق کے حصول اور فراوانی کیلئے ہر نماز کے ساتھ (129) بار یَالَطِیْفُ کا ذکر اور آخر میں ایک بار مذکورہ بالا آیت کی تلاوت نہایت نافع اور مفید ہے۔ جو شخص کسی تنگی کا شکار ہو جائے یا گرفتار ہو گیا ہو۔ اس تنگی یا قید سے نکلنے کے لئے (129) باریَالَطِیْفُ پڑھ کر آخر میں یہ آیت مبارکہ پڑھے۔ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ۔ صبح وشام یہ ورد کرنے سے اللہ پاک اسے قید اور تنگی سے نکال دیں گے۔

استخارہ

اس اسم سے استخارہ بھی کیا جاتا ہے اور بہت مجرب طریقہ ہے عشاء کے بعد دو رکعت نفل ادا کر کے تھوڑی دیر استغفار کریں پھر کچھ دیر حضور انور ﷺ پر درود شریف بھیجیں اس کے بعد (129) باریا لطیف کا ورد کریں اور پھر یہ آیت اور دعا ایک بار پڑھیں۔ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ، پھر یَا هَادِیُ ،یَا لَطِیْفُ ،یَاخَبِیْرُ! اِهْدِنِیْ وَاَرِنِیْ وَخَبِّرْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَایَکُوْنُ مِنْ اَمْرِ ....(یہاں اپنے مقصد کا اظہار کریں جس کیلئے استخارہ کر رہے ہیں) بِحَقِّ سِرِّكَ الْمَکْنُوْنِ ۔وَمِنْ اٰیٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ اس کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں انشاء اللہ خواب میں پوری رہنمائی ہو جائے گی۔

شفائے امراض:

شفائے امراض کیلئے اس اسم کے دو عمل نہایت مجرب و مستند ہیں پہلا یہ اسم اَلْـلَّـطِیْفُ کے حروف کے ملفوظی اعداد کے مطابق ہر حرف کو ایک پلیٹ یا کسی اور برتن میں لکھیں الف (111) بار لام (142) بار طاء (10) باریاء (11) بار فاء (81) بار یہ لکھنے کے بعد اس برتن پر اَلْـلَّطِیْفُ (160) بار پڑھ کر دم کریں (یَالَطِیْفُ نہیں پڑھنا) اور یہ لکھائی پانی سے مٹا کر مریض کو پلا دیں پرانی اور شدید بیماری انشاء اللہ دفع ہو جائے گی۔

قضائے حاجات:

اگر کوئی آدمی طرح طرح کی مصیبتوں میں گھیر گیا ہو اور ان سے نکلنے کے اسباب دور دور تک نظر نہ آتے

ہوں۔ تو بہتر یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد وگرنہ کم از کم صبح وشام ہزار ہزار باریَا اَلْـلَّطِیْفُ کا ورد کر کے اس کا ثواب حضور اقدس ﷺ کی ذات عالی کو ہدیہ کر دیا کرے انشاء اللہ بڑی سے بڑی مصیبت دور اور بڑے سے بڑا مسئلہ حل ہو جائے گا اپنی توفیق اور مالی استطاعت کے مطابق روزانہ کچھ صدقہ بھی دیتا رہے تو تاثیر بہت تیز اور استجابت قریب تر ہو جائے گی۔ یہ عمل مقروضوں مظلوموں اور مصیبت زدگان کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

32:۔اَلْخَبِیْرُ (باخبر اور آگاہ)

جو شخص سات روز تک یہ اسم مبارک بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس پر پوشیدہ راز ظاہر ہونے لگیں گے۔ جو شخص خواہشات نفسانی میں یا کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو وہ بکثرت اس اسم مبارک کا ورد کرے انشاء اللہ ان سے رہائی نصیب ہوگی۔ جو سات (7) دن متواتر اس کا ورد کرے اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے روحانیت نصیب ہوتی ہے۔ جو مطلوبہ امور میں اس کی رہنمائی کرتی ہے۔ جو نفس امارہ کے ہاتھوں گرفتار ہو کثرت سے اس کا ورد کرے انشاء اللہ تعالیٰ نجات پائے گا۔ استخارہ کے واسطے اکتالیس دن تک روزانہ تین تین سو بار (یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ) پڑھے پھر استخارہ کیلئے اول وآخر درود ابراہیمی سو بار اوریَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ گیارہ سو بار پڑھے تو خیر وشر کی واضح تصویر سامنے آجائے گی۔

33:۔اَلْحَلِیْمُ (بڑا بردبار)

جو شخص اس اسم مبارک کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر جس چیز پر اس پانی کو چھڑکے یا ملے گا انشاء اللہ اس میں خیر وبرکت ہوگی۔ اگر اوزاروں پر چھڑکے تو اس کی صنعت وحرفت میں برکت ہوا گر کشتی پر چھڑکے تو غرق ہونے سے محفوظ رہے جانور گاڑی یا مشینری پر چھڑکا جائے تو تمام آفتوں سے وہ محفوظ رہیں۔ اگر کوئی امیر آدمی اس کی بکثرت تلاوت کرے تو اسکا عزت ووقار برقرار رہے گا۔ جو اس کا ہر وقت ورد رکھے گا۔ انشاء اللہ فتح مند رہے گا اور ہر آفت سے بچا رہے گا۔ جو کوئی اس اسم کو ہر روز ظہر کی نماز کے بعد نو (9) دفعہ پڑھا کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ تمام خلقت میں سرخرو رہے گا۔ جو دشمن یا مدعی یا حاکم کے سامنے ہوتے ہی پانی سے ہاتھ بھگو کر گیارہ (11) دفعہ یہ اسم پڑھ کر منہ پر مل لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سختی نہ کر سکے گا۔ اور حاکم نرمی ومہربانی سے پیش آئے گا۔ جو کوئی اس کو کاغذ پر لکھوا کر پھر اس کو دھوئے اور پانی اپنی کھیتی پر چھڑک دے تو انشاء اللہ تعالیٰ زراعت کی ہر آفت سے حفاظت رہے گی اور کمال کو پہنچے گی اور اس میں برکت ہوگی۔ جو کوئی اس اسم کو بادشاہ کے روبرو پڑھے گا۔ انشاء اللہ اس کے غصے سے محفوظ رہے گا۔ جو کوئی درخت بوتے وقت اٹھائیس (28) بار یہ اسم مبارک پڑھے تو درخت سرسبز اور خزاں سے

محفوظ رہے گا۔اگر رئیس آدمی اس کو بکثرت پڑھے اس کی سرداری خوب جمے اور راحت سے رہے گا۔

34:۔اَلْعَظِیْمُ (بڑا بزرگ)

جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد رکھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اسے عزت وعظمت نصیب ہوگی اور وہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔اس اسم مبارک کے (12) مرتبہ پڑھنے سے ہر آفت سے امن حاصل ہوگا۔جو کوئی حکمران سے خوف زدہ ہو وہ بارہ بار اس اسم کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔اور نرمی پائے گا۔ جو اس اسم مبارک کو سات دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پانی پی لے تو انشاء اللہ اس کے پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

35:۔اَلْغَفُوْرُ (بہت بخشنے والے)

جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد رکھے گا انشاء اللہ اس کی تکلیفیں اور رنج وغم دور ہو جائیں گے اور مال واولاد میں برکت ہوگی۔حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو سجدہ میں یَارَبِّ اغْفِرْلِیْ تین مرتبہ کہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمادیں گے(فرض نماز کے سجدہ کے علاوہ)۔اس کے علاوہ اس اسم مبارک کو تین بار لکھ کر بخار والے کو باندھ دیا جائے تو بخار جاتا رہے گا،انشاء اللہ تعالیٰ۔اس کے ساتھ تین دوسرے اسمائے حسنیٰ ملا کر گیارہ باریَا سُبُّوحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر دشمن کے چہرے پر تصور میں پھونک ماردے دشمن کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ اس کے خلاف بول نہیں سکے گا۔جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اس کے دل سے انشاء اللہ تعالیٰ سیاہی گھٹے گی جو اسے بکثرت پڑھے گا برے اخلاق اور روحانی امراض اور ظاہری بیماریوں سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔اور اس کے مال واولاد میں برکت ہوگی۔

36:۔اَلشَّکُوْرُ (قدردان)

جو شخص معاشی تنگی یا کسی اور دکھ درد میں مبتلا ہو وہ اس اسم مبارک کو (41) مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس سے رہائی نصیب ہوگی۔اگر تکان یا گرانی اعضاء ہو تو اس اسم مبارک کو لکھ کر بدن پر پھیر دے اور پیئے تو آرام ہوگا۔اور اگر ضعیف البصر اپنی آنکھ پر پھیرے تو نگاہ میں ترقی ہو۔جو کوئی یہ اسم اکتالیس (41) بار پانی پر دم کر کے پانی اپنی انکھوں پر چھڑ کے اسکی نظر تیز ہو جائے گی۔جس کو ضیق النفس (دمہ) یا تکان یا گرانی اعضاء ہو اس کو لکھ کر بدن پر پھیردے اور پانی پر دم کر کے پانی پی لے تو نفع ہوگا جو کوئی مفلس ہو اس اسم کو اکیس (21) بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غنی ہو جائے گا۔اور جو کوئی بہت پڑھے خلق میں معزز ہو جائے گا۔جو کوئی اس اسم کو پانچ ہزار بار روزانہ پڑھے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ قیامت

کے دن بلند مرتبہ پائے گا۔

37:۔اَلْعَلِیُّ (بہت بلند وبرتر)

جو شخص اس اسم مبارک کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے رتبہ کی بلندی،خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی۔اگر اس اسم مبارک کو لکھ کر بچے کو باندھ دیا جائے تو جلد جوان ہو۔اگر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلد اپنے عزیزوں سے ملے اگر محتاج اپنے پاس رکھے تو غنی ہو جائے۔جو اس اسم کو ورم یعنی سوجن پر تین بار پڑھ کر پھونکے گا انشاء اللہ تعالیٰ صحت پائے گا۔اگر فقیر اسے ایک سو دس (110) بار پڑھے تو غنی ہو جائے گا اور دنیا میں عزت پائے گا۔یہ اسم مشائخ بزرگو،طلبہ اور سالکین کیلئے ایک روحانی خزانہ ہے۔اگر اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام بھی ملا لیا جائے تو یہ بڑے اذکار میں شمار ہوتا ہے۔بعض مشائخ کے نزدیک یَاعَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَاعَلِیْمُ کا مجموعہ اسم اعظم ہے۔

38:۔اَلْکَبِیْرُ (بہت بڑا)

جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ یَا کَبِیْرُ پڑھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور بزرگی وبرتری نصیب ہوگی۔جو شخص اس اسم مبارک کی کثرت کرے گا اس پر علوم و معرفت کے دروازے کھل جائیں گے۔اگر کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے میاں بیوی کو کھلایا جائے تو باہم الفت پیدا ہوگی۔اس کا بکثرت ذکر کرنے سے علم ومعرفت کا دروازہ کھلتا ہے۔جو کوئی اس اسم کو پڑھے مخلوق کی نظروں میں ممتاز ہو اور بلند مرتبہ ہوگا۔یہ بادشاہوں اور حکام کا وظیفہ ہے۔وہ اگر اس کا اہتمام کریں تو ان کا رعب رہے اور مہمات بخوبی سرانجام پائیں گے۔جو اسے نو (9) دفعہ کسی بیمار پر پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار تندرست ہوں گا۔جو اسے سو (100) بار پڑھے گا مخلوق میں عزیز رہے گا۔

39:۔اَلْحَفِیْظُ (سب کا محافظ)

جو شخص بکثرت یَا حَفِیْظُ کا ورد رکھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے خوف وخطر اور نقصاں وضرر سے محفوظ رہے گا۔چاہے وہ درندوں کے درمیان ہی کیوں نہ سوتا ہو۔یہ اسم مبارک خوفناک سفر میں حفاظت کے لئے بے حد مفید اور سریع الاثر ہے۔حتیٰ کہ اگر اسے پڑھ کر درندوں کے درمیان سو جائے انشاء اللہ وہ اسے نقصان نہیں پہنچا سکھیں گے اس اسم کے ذکر کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے یَا حَفِیْظُ اِحْفَظْنِیْ جو اس کو ہر روز سولہ بار پڑھے گا انشاء اللہ ہر طرح سے نڈر رہے گا۔جو مغرب کے بعد اکتالیس بار قبلہ کی طرف چہرہ کر کے (یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا اَللّٰہُ

یَـاالـلّٰـهُ) پڑھے انشاءاللہ غیب سے روزی پائے گا۔ جو یہ اسم مبارک کسی بیمار پر چالیس ہفتے تک ستر (70) بار روزانہ پڑھ کر دم کرے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ تندرست ہو جائے گا۔ اس کو پڑھنے اور لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا ڈوبنے و جلنے، دیو، پری اور نظر بد سے انشاءاللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔ جس شخص پر آسیب مسلط ہو جسے دشمن سے جان کا خطرہ ہو وہ کثرت سے (یَا حَفِیظُ یَارَقِیبُ یَاوَکِیلُ یَاسَلامُ یَا اللّٰهُ) پڑھے خطرے سے محفوظ رہے گا۔

40:۔اَلْمُقِیتُ (سب کو روزی و توانائی دینے والا)

جو شخص خالی آبخورے میں سات (7) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے گا اور اس میں خود پانی پیئے یا کسی دوسرے کو پلائے یا سونگھے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ مقصد حل ہو جائے گا۔ اگر روزہ دار اسے مٹی پر پڑھ کر یا لکھ کر اس کو تر کر کے سونگھے تو قوت اور غذائیت حاصل ہوگا۔ اگر مسافر کوزہ پر سات (7) بار پڑھ کر پھر اس سے پانی پیا کرے تو وحشت سفر سے مامون ہو۔ جس کی آنکھ سرخ ہو اور درد کرتی ہو وہ اس اسم کو دس بار پڑھ کر دم کرے۔ جو کسی کو غریب دیکھے یا خود اس کو غریبی آئے یا کوئی لڑکا بدخوئی کرے یا بہت روئے سات بار خالی آبخورے پر یہ اسم مبارک پڑھ کر اور اس میں پانی ڈال کر خود پیئے اور دوسروں کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ اگر روز دار کو ہلاکت کا خوف ہو تو سو بار پھول پر پڑھ کر اسے سونگھے انشاءاللہ تعالیٰ قوت پائے گا۔ اور ہر روز روزہ رکھ سکے گا۔ جو اسے اسم (الـقـائـم) کے ساتھ ملا کر ہر نماز کے بعد سات بار پڑھے گا سو دائمی امراض سے انشاءاللہ شفاء پائے گا۔ جو اس اسم کو ہر روز سات بار پانی پر دم کر کے پیئے گا انشاءاللہ شفاء پائے گا۔ جو اسے اسم کو ہر روز سات (7) بار پانی پر دم کر کے پیئے گا انشاءاللہ تعالیٰ غیب سے روزی پائے گا کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

41:۔اَلْحَسِیْبُ (سب کیلئے کفایت کرنے والا)

جس شخص کو کسی بھی شخص یا چیز کا ڈر ہو وہ جمعرات سے شروع کر کے آٹھ روز تک صبح و شام ستر (70) مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِیْبُ پڑھے وہ انشاءاللہ ہر چیز کے شر سے محفوظ رہے گا۔ جسے کوئی غم یا مصیبت واقع ہو وہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ اسکی تمام دنیوی و اُخروی پریشانیاں دور فرمائیں گے۔ اس آیت کا روزانہ چار سو پچاس (450) بار ورد کرنا ہر طرح کی آفات، خطرات اور مصیبتوں سے نجات اور تحفظ کیلئے اکسیر ہے۔ جو کوئی اس اسم کو ستر (70) بار پڑھے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ایک ہفتہ تک روزانہ صبح و شام ایک سو پینتالیس (145) بار یہ اسم مبارک پڑھے ان شاءاللہ مشکل آسان ہو جائے

گی۔ اگر کسی سے حساب میں تشدد کا اندیشہ ہو یا کسی بھائی برادری سے کسی معاملہ میں خوف ہو تو سات روز تک طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے بیس (20) بار یہ اسم مبارک پڑھ لیا کرے ۔اَلْحَسِیْبُ میں اسم اعظم کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ اعلم

42 :۔اَلْجَلِیْلُ (بڑے اور بلند مرتبہ والا)

جو شخص مشک و زعفران سے اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور بکثرت یَـاجَلِیْلُ کا ورد رکھے گا انشاءاللہ اس کو عزت و عظمت اور قدر و منزلت حاصل ہوگی۔ جو کوئی اس اسم کو تہتر (73) بار پڑھا کرے انشاءاللہ صاحب وقار ہوگا۔ جو کوئی اس کو دس بار اپنے اسباب پر پڑھے چوری سے محفوظ و سلامت رہے گی۔

43:۔اَلْکَرِیْمُ (بہت کرم کرنے والا)

جو شخص روزانہ سوتے وقت یَـاکَـرِیْـمُ پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو علما و صلحاء میں عزت نصیب فرمائیں گے۔ اور غیب سے روزی عطاء فرمائیں گے جو شخص (یَـا کَـرِیْـمُ الْـوَهَّـابُ ذَالطَّوْلِ) روزانہ سو بار پڑھے اس کے اسباب و احوال میں برکت ظاہر ہوگی

44:اَلرَّقِیْبُ (بڑا نگہبان)

اس اسم الٰہی کا ذکر کرنے سے مال و عیال محفوظ رہیں گے اور جس کی کوئی چیز گم ہو جائے اس کو کثرت سے پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ مل جائے گی اور اگر اسقاط حمل کا اندیشہ ہو، تو اس کو سات (7) مرتبہ پڑھے تو ساقط نہ ہوگا اور سفر کے وقت جس اہل و عیال کی طرف سے فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات (7) مرتبہ پڑھے تو وہ مامون رہیں گے۔

45:۔اَلْمُجِیْبُ (دعائیں سننے اور قبول کرنے والا)

جو شخص کثرت سے یَـا مُجِیْبُ پڑھا کرے انشاءاللہ اس کی دعائیں بارگاہ خداوندی میں قبول ہونے لگیں گی نیز دعا کے ساتھ ذکر کرنا موجب قبولیت دعا ہے۔ جو اس اسم مبارک کو اپنے پاس لکھ کر رکھے اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔ جو کوئی دردسر کیلئے تین بار یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد سر دور ہوگا۔ جو اس اسم کو طلوع آفتاب کے وقت پچپن (55) بار پڑھنے کا معمول بنائے گا انشاءاللہ مستجاب الدعوات ہوگا۔

46:۔اَلْوَاسِعُ (وسعت والا)

جوشخص بکثرت یَا واسِعُ کاذکرکرے گاانشاءاللہ اسکوظاہری وباطنی غناءاللہ تعالیٰ عطاءفرمائیں گےاور اسمیں بلند حوصلگی و بردباری پیدا ہوگی جو اس کا کثرت سے ذکر کرے گا ظاہری اور باطنی غنا نصیب ہوگا۔ نیز اسے عزت، وبردباری و وسعت قلبی اور دل کی صفائی نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ معاملات میں کشادگی اس کیلئے عطاءفرمائے گا۔ جوکوئی اس اسم کو پڑھتا رہے اس پر ملائکہ نازل ہوتے ہیں جو اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنالے اسے انشااللہ روزی ملے گی اور مفلس نہیں ہوگا جس کو بچھو کاٹ لے وہ یہ اسم مبارک ستر(70) بار پڑھ کردم کرے انشاءاللہ زہر اثر نہ کرے گا۔ جوکشائش (کشادگی) کے واسطے اس کا جتنا ورد بڑھائے گا اتنا مالدار ہوجائے گا۔ جس لڑکی کا رشتہ نہ آیا ہووہ نوے(90) دن تک سونے سے پہلے اَلْواسِعُ جَلَّ جَلالُهُ کا ایک سوایک(101) بار ورد کرے انشاءاللہ اس دوران رشتہ آجائے گا۔

47:۔اَلْحَكِيْمُ (بڑی حکمتوں والا)

جوشخص کثرت سے یَا حَکِیْمُ پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس پر علم وحکمت کے دروازے کھول دیں گے۔ جس کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہوتو وہ پابندی سے اس اسم مبارک کو پڑھے انشاءاللہ کام پورا ہوجائے گا۔ جوظہر کے بعد نوی(90) بار اس اسم کو پڑھے گا تمام مخلوق میں سرخرو رہے گا۔ جو اس کو بہتر(72) بار پڑھا کرے انشاءاللہ اسے کوئی مشکل پیش نہ آئے اور سب حاجتیں برآئیں جوکوئی اس کا بکثرت ورد رکھے گا علم وحکمت کے چشمے اس کی زبان سے پھوٹیں گے اور وہ لطیف اشارات اور معانی کے اسرار کو بھی سمجھ لے گا۔

48:۔اَلْوَدُوْدُ (بڑا محبت کرنے والا)

جوشخص ایک ہزار مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی ساتھ بیٹھ کر وہ کھانا کھائے گا انشاء اللہ میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہوجائے گا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔ جوشخص اس اسم مبارک کا ہزار بار ذکر کرے گا وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا محبوب ہوجائے گا۔ زوجین کی محبت کیلئے اول وآخر دوبار درود شریف اور یَا وَدُوْدُ دوہزار بار چینی پر یا اول وآخر دوبار درود شریف اور یَا وَدُوْدُ ایک ہزار بار نمک پر پڑھ کر مطلوب کا نام لے کر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں باہم محبت میں اضافہ ہوگا۔ جس کا بیٹا برائیوں میں مبتلا ہو وہ جمعہ کے بعد ایک ہزار(1000) بار یہ اسم مبارک معطر ولطیف شیرینی پر پڑھ کر دم کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور وہ شیرینی اس کو کھلائے انشاءاللہ صالح ہوجائے گا۔ اس کا ورد تسخیر کیلئے مفید ہے۔ جوشخص کسی پریشانی میں پڑجائے یا دشمنوں یا ڈاکوؤں کے نرغے میں آجائے وہ دو رکعت نماز پڑھ کر

دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ پریشانی دور ہوجائے گی: دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ یَا وَدُوْدُ تین بار یَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِیءُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالاً لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وُجهكَ الَّذِیْ مَلَاءَ اَرْکَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِی قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَااِلٰهَ اِلَّااَنْتَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ تین بار جودلہن سُسرالی گھر میں پہلی بار داخل ہوتے وقت ایک سانس میں سات بار یَا وَدُوْدُ پڑھے گی اُسے ساری زندگی اپنے میاں اور سُسرال سے پیار ملے گا۔

49:۔اَلْمَجِیْدُ (بڑا بزرگ)

جوشخص کسی موذی مرض آتشک جزام یا برص وغیرہ میں گرفتار ہو وہ چاند کی (13-14-15) تاریخ کے روزے رکھے اور افطار کے بعد اس اسم مبارک کو پڑھا کرے اور پانی پر دم کرکے پیئے انشاءاللہ تعالیٰ وہ مرض دور ہوجائے گا۔ چاہے اسکا ازالہ بلاسبب ہو یا اسباب دنیویہ یعنی علاج وغیرہ کے ساتھ ہو۔ بیس دن تک روزہ رکھ کر افطار کے وقت ستاون(57) بار اس اسم کو پڑھنا موذی امراض کیلئے مفید ہے۔ جس کی اپنے ساتھیوں میں عزت وحرمت نہ ہو وہ ہر صبح کو ننانوے(99) بار اسم پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے انشاءاللہ عزت وحرمت حاصل ہوگی۔ جوگرمیوں میں اس اسم کو پڑھے گا تشنگی سے مامون رہے گا۔ جو اس پر مداومت کرے گا معاشرے میں عزت پائے گا۔

50:۔اَلْبَاعِثُ (مُردوں کو زندہ کرنے والا)

جوشخص روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ایک سوایک مرتبہ(101) یَابَاعِثُ پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس کا دل علم وحکمت سے زندہ ہوجائے گا۔ جو اس اسم کو سو(100) بار ہر روز پڑھنے کا معمول بنائے گا اس سے انشاءاللہ نیکیاں سرزدہ ہونگی اور برائیوں سے بچا رہے گا۔ جوکوئی اس اسم کو سات بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے روبرو جائے تو حاکم مہربان ہوجائے گا۔ جوکوئی اس کا بکثرت ورد رکھے گا خوف الٰہی اس پر غالب رہے گا۔

51:۔اَلشَّهِیْدُ (حاضر وناظر)

جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر(21) مرتبہ یَاشَهِیْدُ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ فرمانبردار ہوجائے گی۔ اگر ماتھے پر ہاتھ رکھ کر نہ پڑھا جاسکے تو علیحدگی میں ایک ہزار بار پڑھ کر تصور میں اس کے چہرے پر دم کریں۔ جوشخص اس اسم مبارک کی کثرت سے تلاوت کرے گا اس کا دل باطل سے متنفر ہوکر حق کی جانب مائل ہوگا۔ اہل مراتب اور شہادت کے متمنی حضرات

کیلئے یہ اسم بہت مناسب اور مفید ہے۔

52:۔اَلْحَقُّ (برحق وبرقرار)

جوشخص چوکور کاغذ کے چاروں کونوں پر اَلْحَقُّ لکھ کر سحر کے وقت کاغذ کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف بلند کر کے دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ شخص یا سامان مل جائے گا اور نقصان ومصائب سے محفوظ رہے گا۔ جو روزانہ ایک ہزار بار اس کا ورد کرے اس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اس کی طبیعت کی اصلاح ہو جائے گی انشاء اللہ جو روزانہ (لَاۤ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ) پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے فقر سے غنا عطاء فرمائیں گے۔ اور انشا اللہ اس کے معاملات آسان ہو جائیں گے۔ اگر مریض پڑھے تو اسے صحت عطا فرمائیں گے۔ جو کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے گا مخلوق میں عزیز ہو جائے گا۔ اگر قیدی آدمی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ (108) بار یہ اسم مبارک پڑھے تو انشاء اللہ قید سے خلاصی نصیب ہوگی۔

53:۔اَلْوَکِیْلُ (بڑا کارساز)

جوشخص کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت یَـــا وَکِیْـلُ کا ورد کرے گا اور اس اسم مبارک کو اپنا ورد بنائے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ جسے کوئی غم یا مصیبت واقع ہو وہ حَسْبُـنَـا اللّٰـہُ وَنِـعْـمَ الْوَکِیْلُ کی کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی تمام دنیوی واُخروی پریشانیاں دور فرمادیں گے۔ اس آیت کا روزانہ (450) بار پڑھنا ہر طرح کی مصیبتوں سے نجات پانے کیلئے اکسیر ہے۔ جو کوئی ہر روز عصر کے وقت سات بار یہ اسم مبارک یَـــا وَکِیْـلُ پڑھے گا وہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔ جو برے کاموں سے نہ بچ سکے دس بار یہ اسم مبارک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور لکھ کر اس کا پانی پیئے انشاء اللہ تعالیٰ برے کام سے نجات ملے گی۔ جو اسے بہت پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے کاموں کا ذمہ دار ہوگا اور اس کو اس کی خواہشوں کے حوالے نہیں فرمائے گا۔ جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھیانوے (196) بار ہر روز پڑھ لے گا ظلم سے انشاء اللہ بچا رہے گا۔ اور کسی سے نہیں ڈرے گا۔ یہ اسم ''اسم اعظم'' کے مطابق ہے۔ ہر حاجت کیلئے اس کی کثرت مفید ہے۔

54:اَلْقَوِیُّ (بڑی طاقت وقوت والا)

جوشخص واقعی مظلوم، کمزور اور مغلوب ہو وہ اس ظالم اور طاقتور دشمن کو دفع کرنے کی نیت سے بکثرت اس اسم مبارک کو پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس سے محفوظ رہے گا۔ فرض نماز کے بعد ماتھے پر ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَـاقَوِیُّ پڑھنے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔ اگر اسے کم ہمت پڑھے تو باہمت ہو جائے اگر کمزور پڑھے

زور آور ہو۔ اگر مظلوم ظالم کو مغلوب کرنے کیلئے پڑھے تو انشاء اللہ ظالم مغلوب ہو جائے جس کا رزق تنگ ہو وہ ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے اور اس کے ساتھ اس آیت کا ورد کرے اَللّٰـہُ لَطِیْفٌ م بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ انشاء اللہ اس کے ساتھ لطف وکرم کا معاملہ ہوگا اور خیر کا دروازہ اس کیلئے کھول دیا جائے گا۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ صاحب قوت ہوگا اور جلد بڑے منصب تک پہنچے گا۔ جس کا دشمن طاقت ور ہو اور یہ اس کو دفع کرنے سے عاجز ہو تو تھوڑا سا خمیرہ آٹا لے کر اس کی ایک ہزار ایک سو گولیاں بنالے پھر ہر ایک گولی پر (یَـا قَوِیُّ) پڑھ کر دشمن کے دفع کی نیت سے مرغی کے آگے ڈالے یہاں تک کہ سب اسی طرح ختم کردے اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو ان شاء اللہ مغلوب ومقہور کردے گا بے محل اور ناحق یہ عمل نہ کرو ورنہ اپنا نقصان ہوگا۔ ہر فرض نماز کے بعد سینے پر دل کے اوپر ہاتھ پھیرتے ہوئے سات بار (یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ) کا ورد کرنے والا ہارٹ اٹیک سے محفوظ رہے گا۔ اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں یہ اسم پڑھے گا تو نسیان جاتا رہے گا۔ جو بچہ چلنے کی طاقت سے محروم ہو زیتون کے تیل پر ایک ہزار بار (یَـا قَـوِیُّ) پڑھ کر اس تیل سے اس کی ٹانگوں کی مالش کریں بچہ بہت جلد چلنے لگے گا۔

55:۔اَلْمَتِیْنُ (شدید قوت والا)

جس عورت کے دودھ نہ ہو اس کو اَلْـمَتِیْـنُ کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں انشاء اللہ خوب دودھ ہوگا جوشخص لڑکے یا لڑکی پر اَلْـمَتِیْـنُ دس بار پڑھے گا تو وہ بچہ فسق وفجور اور گناہوں سے محفوظ رہے گا۔ جس بچے کا دودھ چھڑایا گیا ہو اور وہ صبر نہ کرتا ہو اسے بھی یہ اسم مبارک دو بار لکھ کر پلایا جائے انشاء اللہ صبر کرے گا۔ جو کوئی ملکی منصب چاہتا ہو وہ اتوار کے دن اول ساعت میں اسی نیت سے تین سو ساٹھ (360) بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ صاحب منصب ہو جائے گا (بشرطیکہ اس کا اہل اور حقدار ہو) جو اسے بکثرت ورد کرے گا اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اور انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

56:۔اَلْوَلِیُّ (مددگار اور حمایتی)

جوشخص اپنی بیوی کی عادتوں، خصلتوں سے خوش نہ ہو وہ جب اس کے سامنے جائے تو اس اسم مبارک کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ نیک خصلت ہو جائے گی۔ جوشخص شب جمعہ میں اس اسم مبارک کو ایک ہزار (1000) بار پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائیں گے۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا۔ محبوب ہو جائے گا اور اسے ولایت عظمیٰ کا مقام نصیب ہوگا اور اس پر اشیاء کے حقائق کھول دئے جائیں گے۔ جس کو کوئی مشکل پیش آئے وہ شب جمعہ میں ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاء

اللہ مشکل دور ہو جائے گی اور وہ اولیاء اللہ میں شامل کیا جائے گا۔

57:۔اَلْحَمِیْدُ (لائق تعریف)

جو شخص 45دن تک متواتر (93) مرتبہ تنہائی میں پڑھا کرے اسکی تمام بری خصلتیں دور ہو جائیں گی انشاء اللہ۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو بہت پڑھے گا پسندیدہ افعال ہوگا۔ جو فحش اور بری باتیں کرنے کا عادی ہو اور اس سے نہ بچ پاتا ہو وہ پیالہ پر اس اسم مبارک کو لکھے پھر نوے (90) بار پڑھ کر دم کرے اور ہمیشہ اس پیالہ میں پانی پیا کرے انشاء اللہ فحش گوئی سے امان پائے گا اگر کوئی گونگا اس اسم کو گھول کر پیئے زبان سے صاف باتیں کرے گا۔ جو فجر کے بعد ننانوے (99) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے چہرے پر پھیرے اللہ تعالیٰ اسے عزت و نصرت اور انشاء اللہ تعالیٰ چہرے کا نور عطا فرمائے گا۔ جو اس اسم کو فرض نماز کے بعد سو (100) بار پڑھنے کا معمول بنائے انشاء اللہ صالحین میں سے ہو جائے گا۔ سورۃ فاتحة کے بعد یہ اسم لکھ کر کسی مریض کو پلانے سے شفا ہوگی۔

58:۔اَلْمُحْصِیُ (اپنے علم وشمار میں رکھنے والا)

جو شخص روٹی کے بیس ٹکڑوں پر روزانہ بیس (20) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے اور کھائے تو انشاء اللہ مخلوق اس کے لئے مسخر ہو جائے گی۔ جو شب جمعہ میں ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے حساب و کتاب سے نجات عطا فرمائے گا۔ جو اس کا بکثرت ذکر کرے گا اسے مرتبہ نصیب ہوگا اور اگر اسے اللہ کے نام کے ساتھ ملا کر پڑھ لیا جائے تو اسے بے شمار علوم عطاء کیے جائیں گے۔ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھا کرے انشاء اللہ گناہ سے بچا رہے گا۔ جو کوئی دس بار یہ اسم پڑھا کرے اللہ کی حفاظت اور پناہ میں رہے گا۔

59:۔اَلْمُبْدِئُ (پہلی بار پیدا کرنے والا)

جو شخص سحر کے وقت حاملہ عورت کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر (99) مرتبہ یَامُبْدِیء پڑھے گا، ان شاء اللہ حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا اور جب تک بچہ کامل نہ ہوگا وضع حمل نہ ہوگا اگر کوئی اس اسم کا ورد رکھے تو اس کی زبان سے صحیح اور درست بات جاری ہوگی جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے افعال نیک اس سے سرزد ہوں اور گناہوں سے بچا رہے۔ جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو وہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ مال مِل جائے گا۔ جو کوئی اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا حق تعالیٰ شانہ اسے تمام بلیّات سے نجات دے گا۔

60:۔اَلْمُعِیْدُ (دوبارہ پیدا کرنے والا)

گمشدہ شخص کو واپس بلانے کیلئے جب گھر کے سب آدمی سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں

ستر (70) ستر (70) بار یَا مُعِیْدُ رُدَّ عَلَیّ (گمشدہ کا نام لے) پڑھے انشاء اللہ سات روز میں واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرے گا اسے بھولی ہوئی باتیں یاد آجائیں گی۔ جو کوئی کسی معاملہ میں متحیر ہو وہ ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے خلجان دور ہو جائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ درست سمت کی طرف رہنمائی ہوگی۔ اگر کوئی بات یا چیز بھول گیا ہو تو یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ کا ورد کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ یاد آجائے گی نیز اس کے پڑھنے سے مخفی امور کی طرف بھی رہنمائی ہوگی۔

61۔اَلْمُحْیِیُ (زندگی دینے والا)

جو شخص بیمار ہو وہ کثرت سے اَلْمُحْیِیُ کا ورد رکھے یا اگر کسی بیمار پر دم کیا جائے تو انشاء اللہ جلد صحت یاب ہو جائے جو شخص (99) مرتبہ اَلْمُحْیِیُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں وہ ہر طرح کی قید و بند سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔ جو اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھنے کا معمول بنائے گا انشاء اللہ اس کا دل زندہ ہو جائے گا۔ اور بدن میں تقویت پیدا ہوگی۔ جو شخص بیمار ہو وہ بکثرت اس کا ورد رکھے یا کسی دوسرے پر یہ اسم مبارک بکثرت پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت یاب ہو جائے گا۔ جو ہفت اندام کے درد کو دور کرنے کیلئے سات روز تک سات بار پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔ جو کوئی درد یا کسی عضو کے ضائع ہونے سے خائف ہو وہ یہ سات بار پڑھے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔ جس کو کسی سے جدائی کا اندیشہ ہو یا قید کا خوف ہو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے۔ جو اس کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ اس کا دل منور ہو جائے گا۔ جو کسی کے قہر سے ڈرتا ہو روٹی کے ایک ہزار ٹکڑے پر اٹھاون (58) بار یہ اسم پڑھ کر کھائے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

62:۔اَلْمُمِیْتُ (موت دینے والا)

جس شخص کا نفس اس کے قابو میں نہ ہو وہ سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر اَلْمُمِیْتُ پڑھتے سو جائے تو انشاء اللہ اس کا نفس مطیع ہو جائے گا۔ اگر کسی میں اسراف کی عادت ہو تو وہ اس اسم کی کثرت سے تلاوت کرے تو یہ عادت بد اس سے چھوٹ جائے گی اور شوق عبادت پیدا ہو جائے گا۔ جو کوئی یہ اسم اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے پھر وہ ظالموں فاسقوں میں سے کسی کی ہلاکت کی دعا کرے تو اسی وقت ہلاک ہو جائے گا۔ جو اس اسم کو چار سو نوے (490) بار پڑھ کر روزانہ دم کرے گا۔ انشاء اللہ اس پر جادو اثر نہ کرے گا۔

63:۔اَلْحَیُّ (ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا)

جو شخص روزانہ تین ہزار مرتبہ اَلْحَیُّ کا ورد رکھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی بیمار نہ ہوگا۔ جو شخص اس اسم مبارک

کوچینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں پانی سے دھو کر پیئے گا یا کسی دوسرے بیمار کو پلائے گا تو انشاء اللہ شفائے کامل نصیب ہوگی۔ جس مریض کے علاج سے اطباء عاجز آ گئے ہوں یا جس پر شدید قسم کا جادو چل گیا ہو اس مریض کو چینی کی سفید طشتری پر اکتالیس روز تک یَـاحَـیُّ حِیۡنَ لَا حَیَّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَۃِ مُلۡکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پانی پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہوگا۔ مریض خود یا کوئی اور شخص روزانہ یہی دعاء پانچ سو اکاون (551) بار پڑھ کر مریض پر دم کرے صحت پائے گا۔ جو ایک ہزار (1000) بار یہ اسم مبارک یَـاحَـیُّ کسی بیمار پر پڑھے گا اس کی عمر انشاء اللہ دراز ہوگی اور قوت روحانیہ اس میں زیادہ ہوگی۔ کسی سخت حاجت کے وقت اگر کوئی اپنے نام کے اعداد کے موافق مع اول و آخر درود شریف ایک وقت مقرر کر کے (یَـاحَـیُّ یَـاقَیُّـوۡمُ یَـااَللّٰہُ یَارَحۡمٰنُ یَـارَحِیۡمُ) پڑھا کرے تو اس کی حاجت پوری ہوگی اگر کوئی اس اسم کو ایک سو بیس (120) دفعہ کاغذ پر لکھ کر دروازے پر لٹکا دے تو اس گھر میں جتنے لوگ رہتے ہوں گے وہ انشاء اللہ تعالیٰ برے وبائی امراض سے محفوظ رہیں گے۔

64: اَلۡقَیُّوۡمُ (سب کو قائم رکھنے اور سنبھالنے والا)

جو شخص بکثرت اس اسم مبارک یَـا قَیُّـوۡمُ کا ورد رکھے گا انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں میں اس کی عزت و ساکھ زیادہ ہوگی اور تنہائی میں بیٹھ کر ورد کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ خوشحال ہو جائے گا۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ کا ورد کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی سستی اور کاہلی دور ہو جائے۔ ان ہر دو اسماء کی تلاوت سے نیند کا غلبہ دور ہو جاتا ہے اور مستعدی پیدا ہو جاتی ہیں۔ جو اس اسم کو ہر روز تنہائی میں ستر (70) بار پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ کند ذہنی سے نجات پائے گا اور اس کا حافظہ قوی اور دل منور ہو جائے گا۔ جس آدمی کو نیند نہ آتی ہو وہ یہ دو آیتیں پڑھے وَتَحۡسَبُہُمۡ اَیۡقَاظًا وَّ ہُمۡ رُقُوۡدٌ (سورۃ کہف آیت 18) فَضَرَبۡنَا عَلٰۤی اٰذَانِہِمۡ فِی الۡکَہۡفِ (سورۃ کہف: آیت 11) انشاء اللہ تعالیٰ نیند آ جائے گی یہ عمل دوسرے پر بھی کیا جا سکتا ہے۔ اور جو زیادہ سونے کا عادی ہو اس کے سر پر (الٓمّٓ اللّٰہُ لَاۤ اِلٰـہَ اِلَّا ہُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ) پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی نیند بھاگ جائے گی۔ اگر کوئی چاہے کہ اس کا دل زندہ ہو جائے اور کبھی نہ مرے تو وہ ہر دن چالیس بار یہ پڑھا کرے (یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ لَاۤ اِلٰـہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ) جاننا چاہیے کہ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ دونوں عظیم نام ہیں اور حضوری کی کیفیت رکھنے والے لوگوں کا ذکر ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کہ وہ یہ دعا صبح و شام پڑھا کریں (یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِیۡثُ اَصۡلِحۡ لِیۡ شَأۡنِیۡ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ

طَـرۡفَۃَ عَیۡنٍ) جو شخص بکثرت اس کا ورد رکھے گا ان شاء اللہ لوگوں میں اس کی عزت زیادہ ہوگی سحر کے وقت جو کوئی بلند آواز سے اس کو پڑھے گا اس کا تصرف دلوں میں ظاہر ہوگا یعنی لوگ اس کو دوست رکھیں گے۔ جو اکتالیس (41) بار روزانہ یہ دعا مانگے گا تو انشاء اللہ اس کا مردہ دل زندہ ہو جائے گا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں: کہ حضور ﷺ کو جب بھی کوئی پریشانی لاحق ہوتی تو آپ ﷺ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِیۡثُ کا ورد فرماتے۔ جو شخص اکتالیس بار روزانہ درج ذیل دعا مانگا کرے انشاء اللہ اس کا مردہ دل زندہ ہو جائے گا:

یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ اَنۡ تُحۡیِیَ قَلۡبِیۡ بِنُوۡرِ مَعۡرِفَتِكَ اَبَدًا

65: اَلۡوَاجِدُ (ہر چیز کو پانے والا)

جو شخص کھانا کھاتے وقت یَـا وَاجِدُ کا ورد رکھے غذا اس کے قلب کی طاقت و قوت اور نورانیت کا باعث ہوگی انشاء اللہ۔ جو تنہائی میں اس کا بکثرت ورد کرے گا مالدار ہوگا۔ جو کوئی کھانا کھانے کے وقت ہر نوالے کے ساتھ اس کو پڑھے گا وہ کھانا انشاء اللہ پیٹ میں نور ہوگا۔ اور بیماری دور ہوگی جو اس اسم کو بہت پڑھے گا اس کا دل انشاء اللہ غنی ہوگا۔ جو اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا جو اس قدر پڑھے گا کہ اس پر حال طاری ہو جائے تو وہ اپنے باطن میں ایسی معرفت پائے گا جس کا اس نے پہلے مشاہدہ نہ کیا ہوگا۔

66: اَلۡمَاجِدُ (بزرگی اور بڑائی والا)

جو شخص تنہائی میں اس اسم مبارک کو اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو انشاء اللہ اس کے قلب پر انوار الٰہیہ ظاہر ہونے لگیں گے۔ اگر کوئی اس اسم کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفاء پائے گا۔ جو اس کو دس بار شربت پر پڑھ کر پیئے گا وہ انشاء اللہ بیمار نہ ہوگا۔ جو اس کو بکثرت پڑھے گا مخلوق کی نگاہ میں عزیز و بزرگ ہوگا۔

67: اَلۡوَاحِدُ (ایک، اکیلا)

جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اَلۡوَاحِدُ الۡاَحَدُ پڑھا کرے گا اس کے دل سے انشاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔ جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔ جو کوئی تنہائی سے ہراساں ہو وہ باوضو ایک ہزار (1000) بار اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے خوف جاتا رہا گا اور اس کیلئے عجائبات ظاہر ہوں گے۔

اَلۡاَحَدُ (ایک، اکیلا)

حضور اکرام ﷺ نے ایک شخص کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیٓ اَشْھَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّااَنْتَ الْاَحَدُالصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْوَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس اسم اعظم کے ذریعے دعا کی ہے جس کے ذریعے جب مانگا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔ جو کوئی اس اسم (یَااَحَدُ) کو نو بار پڑھ کر حاکم کے آگے جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ عزت و سرفرازی پائے گا۔ جو کوئی سانپ کے کاٹنے پر ایک سو (100) بار (اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ) پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائیگا۔ جو تنہائی میں اسے ایک ہزار (1000) بار پڑھے گا انشاء اللہ فرشتہ خصلت ہو جائے گا جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

68۔: اَلصَّمَدُ (بے نیاز)

جو شخص سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر (115) یا (125) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا اس کو انشاء اللہ تعالیٰ ظاہری و باطنی سچائی نصیب ہوگی۔ اور جو شخص باوضو اس اسم مبارک کا ورد جاری رکھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اور کبھی ظالموں کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہوگا اور جب تک اس اسم مبارک کا ذکر کرتا رہے گا بھوک کا اثر نہ ہوگا۔ جو شخص فجر اور عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار (1000) بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے گا اس کے تمام کام آسان اور مشکلیں رفع ہو جائیں گی۔ اور جو ہر نماز کے بعد سو (100) بار پڑھے گا غم و فکر سے نجات پائے گا جو شخص بیس (20) دن تک روزانہ ہزار بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے بادشاہ اور امراء اس کے لئے مسخر ہوں گے۔ جس عورت کا شوہر ظالم ہو وہ دس بار بِسْمِ اللّٰہِ الصَّمَدِ پڑھ کر تصور میں اس کے ماتھے پر پھونک مارے اور کسی چیز پر دس (10) بار پڑھ کر دم کر کے اسے کھلائے وہ ظلم سے باز آ جائے گا۔

69۔: اَلْقَادِرُ (قدرت والا)

جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر سو (100) مرتبہ یَاقَادِرُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کو ذلیل و رسوا فرما دیں گے اگر وہ حق پر ہوگا۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل کام یا کسی کام میں دشواری یا دقت پیش آ جائے تو (41) بار یَاقَادِرُ پڑھے انشاء اللہ دشواری دور ہو جائے گی اگر کوئی وضو میں ہر عضو کو دھوتے وقت یہ اسم پڑھے گا تو کسی ظالم کے ہاتھ انشاء اللہ گرفتار نہ ہوگا اور کوئی دشمن اس پر فتح نہ پائے گا۔

70۔: اَلْمُقْتَدِرُ (پوری قدرت رکھنے والا)

جو شخص سو کر اٹھنے کے بعد بکثرت یَامُقْتَدِرُ کا ورد کیا کرے کم از کم بیس (20) مرتبہ پڑھا کرے انشاء

اللہ اسکے تمام کام آسان ہو جائیں گے۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ اس کا دشمن مغلوب ہوگا۔ جو اس نام کو توجہ کے ساتھ پڑھتا رہے انشاء اللہ اس کی غفلت دور ہو جائے جو شخص حقیقتاً مظلوم ہو وہ مہینے کی آخری رات میں اندھیرے کمرے میں ننگی زمین پر دو رکعت نماز پڑھے اور دوسری رکعت کے آخری سجدے میں اَلْمُقْتَدِرُ الشَّدِیْدُ الْقَوِیُّ الْقَاھِرُ پڑھ کر ظالم کے خلاف دعا کرے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

71: ۔اَلْمُقَدِّمُ (پہلے اور آگے کرنے والا)

جو شخص جنگ کے وقت کثرت سے یَامُقَدِّمُ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اسے پیش قدمی کی قوت یقیناً عطا فرما دیں گے اور دشمنوں سے محفوظ رکھیں گے اور جو شخص ہر وقت یَامُقَدِّمُ کا ورد رکھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ اللہ تعالیٰ کا مطیع اور فرمانبردار بن جائے گا۔ جو اس کو نو (9) دفعہ شرینی پر پڑھ کر کسی کو کھلائے گا تو انشاء اللہ وہ اس سے محبت کرے گا۔ غلط اور ناجائز مقصد کے لئے یہ عمل کرنا حرام ہے اور سخت نقصان دہ ہے۔

72: اَلْمُؤَخِّرُ (پیچھے اور بعد میں رکھنے والا)

جو شخص کثرت سے یَامُؤَخِّرُ کا ورد رکھے گا اسے انشاء اللہ تعالیٰ سچی توبہ نصیب ہوگی۔ جو شخص روزانہ سو (100) مرتبہ اس اسم مبارک کو پابندی سے پڑھا کرے اس کو انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا علماء کرام فرماتے ہیں کہ اَلْمُقَدِّمُ اور اَلْمُؤَخِّرُ کو ایک ساتھ ملا کر پڑھتا رہے جو کوئی مشکل پیش آئے اکیس (21) بار اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔ جو اڑتالیس (48) دن تک روزانہ تین ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ جو چاہے گا پائے گا۔ جو اکتالیس (41) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اس کا نفس انشاء اللہ مطیع ہوگا۔ جو ہر روز سو (100) بار یہ اسم مبارک پڑھتا رہے گا انشاء اللہ اس کے سب کام انجام کو پہنچیں گے۔ حضور اکرام ﷺ سے یہ دعا منقول ہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَاقَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

73۔: اَلْاَوَّلُ (سب سے پہلے)

جس شخص کے لڑکا نہ ہوتا ہو وہ چالیس (40) دن تک چالیس مرتبہ روزانہ یَا اَوَّلُ پڑھا کرے انشاء اللہ اسکی مراد پوری ہوگی۔ جو شخص مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یَا اَوَّلُ پڑھے انشاء اللہ جلد وطن واپس بخیریت پہنچے گا۔ جو چالیس شب جمعہ ہر شب کو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار (1000) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کی انشاء اللہ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔ جو ہر روز گیارہ (11) بار یہ اسم مبارک

پڑھے گا تمام خلقت انشاءاللہ اس پر مہربان ہوگی۔ جوسو(100) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاءاللہ اس کی بیوی اس سے محبت کرے گی۔

74:اَلْاٰخِرُ (سب کے بعد)

جوشخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اَلْآخِرُ پڑھا کرے اس کے دل سے غیر اللہ کی محبت دور ہوجائے گی اور انشاءاللہ ساری عمر کی کوتاہیوں کا کفارہ ہوجائے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔ جس کی عمر آخر کو پہنچ گئی ہو اور نیک اعمال نہ رکھتا ہو وہ اس اسم کا ورد کرے حق تعالیٰ اس کی عاقبت انشاءاللہ بہتر کرے گا۔ جو کوئی کسی جگہ جائے اور اس اسم کو پڑھ لے وہاں عزت اور تکریم پائے گا۔ جو اس اسم کو دفع دشمن کیلئے پڑھے گا انشاءاللہ کامیاب ہوگا جو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو(100) مرتبہ یہ اسم پڑھنے کا معمول بنائے اس کی آخری عمر انشاءاللہ پہلی عمر سے بہتر ہوگی۔

75:۔اَلظَّاهِرُ (ظاہر و آشکارا)

جوشخص نماز اشراق کے بعد سو(100) مرتبہ یَاظَاهِرُ کا ورد کیا کرے اللہ تعالیٰ اسکی آنکھوں میں روشنی اور دل میں نور عطا فرمادیں گے انشاءاللہ تعالیٰ۔ اگر بارش وغیرہ کا خوف ہو تو یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھے انشاءاللہ امان پائے گا۔ اگر کوئی گھر کی دیوار پر یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ دیوار سلامت رہے گی۔ جو کوئی سرمہ پر گیارہ بار یہ اسم مبارک پڑھ کر آنکھوں پر لگائے لوگ اس پر مہربانی کریں جو جمعہ کے دن پانچ سو(500) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا اس کا باطن پرنور ہوگا اور انشاءاللہ دشمن مغلوب ہوگی۔ یہ ارباب مکاشفات کا ذکر ہے۔

76:۔اَلْبَاطِنُ (پوشیدہ وہ پنہاں)

جوشخص روزانہ(33) مرتبہ یَابَاطِنُ پڑھا کرے گا انشاءاللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہونے لگیں گے اور اس کا قلب میں انس و محبت الٰہی پیدا ہوگی جو شخص دو رکعت نماز ادا کرکے هُوَ الْاَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پڑھا کرے انشاءاللہ اسکی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور تمام خیالات باطلہ دور ہوجائیں گے جو کوئی اس اسم کو اکتالیس(41) بار پڑھے انشاءاللہ اس کا قلب نورانی ہوجائے گا۔ جو اس اسم کو ہر نماز کے بعد تینتیس(33) بار پڑھنے کا معمول بنائے اسے جو دیکھے گا محبت کرے گا جو کوئی ہر روز اپنے دل میں یا زبان سے تین سو ساٹھ(360) بار اس کا ورد عشاء یا فجر یا کسی بھی نماز کے بعد کرے گا صاحب باطن، واقف مراد الٰہی ہوگا۔ جو کسی کو امانت سونپے یا زمین میں دفن کرے وہ کاغذ پر یہ اسم مبارک لکھ کر اس کے ساتھ رکھ دے انشاءاللہ کوئی اس میں خیانت نہ کرسکے گا۔ جو ہر روز

اسی(80) بار کسی نماز کے بعد اس کو پڑھے گا واقفِ اسرارِ الٰہی ہوگا۔ جو ہر روز تین بار ایک گھنٹہ تک اس کو پڑھے گا اس کو انسیتِ الٰہی نصیب ہوگی۔

77:۔اَلْوَالِيْ (متولی اور متصرف)

جوشخص کثرت سے یَاوَالِيْ کا ورد رکھے گا وہ ناگہانی آفتوں سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔ جو آدمی کورے آبخورے پر یہ اسم مبارک لکھ کر اس میں پانی بھر کر مکان میں چھڑکے گا تو وہ مکان بھی انشاءاللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص کسی کو مسخر کرنا چاہے تو گیارہ(11) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ وہ فرمانبردار ہوجائے گا اس اسم مبارک کی کثرت بجلی کی کڑک سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو بہت پڑھے مخلوق میں انشاءاللہ ذی مرتبہ ہوگا۔

اس اسم کا ذکر ان لوگوں کیلئے بہت مفید ہے جن کو لوگوں پر بالادستی حاصل ہو مثلاً حاکم وافسر وشیخ وغیرہ

78:۔اَلْمُتَعَالِيْ (سب سے بلند و برتر)

جوشخص کثرت سے یَامُتَعَالِيْ کا ورد رکھے انشاءاللہ اس کی تمام مشکلات رفع ہوجائیں گی۔ اور جو عورت حالتِ حیض میں کثرت سے اس اسم مبارک کا ورد رکھے انشاءاللہ اسکی تکالیف رفع ہوگی۔ جو بدکردار عورت ایام کی حالت میں اس اسم کو بہت پڑھے گی وہ اپنے فعل سے نجات پائے گی۔ جو شخص اتوار کی رات کو غسل کرکے آسمان کی طرف منہ کرکے اس کو تین بار پڑھ کر جو دعا مانگے گا انشاءاللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے رفعت و بلندی حاصل ہوتی ہے۔ جو حاکم کے پاس جاتے وقت یہ اسم پڑھ لے اسے محبت اور غلبہ نصیب ہوگا۔ دشمن کی ہلاکت کیلئے سات دن تک روزانہ ایک ہزار بار پڑھنا مفید ہے۔

79:۔اَلْبَرُّ (بڑا اچھا سلوک کرنے والا)

جوشخص (نعوذ باللہ) شراب نوشی اور زنا کاری جیسے بدترین گناہوں میں مبتلا ہو وہ روزانہ سات (7) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے ان شاءاللہ تعالیٰ ان گناہوں کی رغبت جاتی رہے گی۔ جو شخص حبِ دنیا میں مبتلا ہو وہ اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھتا رہے ان شاءاللہ دنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی۔ جو شخص بچہ پیدا ہوتے ہی سات(7) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ کے سپرد کردے وہ بلوغ تک تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور نیک رہے گا اور نیک بخت اٹھے گا جو اسے آندھی وغیرہ کی آفتوں کے ڈر سے پڑھے ان شاءاللہ امان میں رہے گا۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا عزیزِ خلائق

ہوگا۔ یہ اسم خشکی اور سمندر کے مسافر کے لئے امان ہے۔ جو اس اسم کو اپنے بچے کے سر پر پندرہ (15) بار پڑھ کر یہ دعا مانگے (اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ هٰذَا الْاِسْمِ رَبِّهٖ لَا يَتِيْمًا وَلَا لَئِيْمًا) تو ان شاء اللہ یہ دعا قبول ہوگی اور بچہ نہ یتیم ہوگا اور نہ لئیم گناہ کبیرہ کا مرتکب اگر سات (7) بار یہ اسم مبارک پڑھے تو ان شاء اللہ گناہوں سے توبہ کی توفیق پائے۔ اگر اس کے ساتھ الرَّحِيْمُ ملا کر يَا بَرُّ يَا رَحِيْمُ پڑھا جائے تو یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

80: ۔اَلتَّوَّابُ (بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا)

جو شخص نمازِ چاشت کے بعد 230 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھا کرے، ان شاء اللہ اسے سچی توبہ نصیب ہو۔ جو شخص کثرت سے اس اسم مبارک کو پڑھا کریگا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام کام آسان ہوں گے۔ اگر کسی ظالم پر دس (10) مرتبہ پڑھ کر پھونکا جائے تو ان شاء اللہ اس سے خلاصی نصیب ہوگی۔ جو کوئی چاشت کی نماز کے بعد اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ پڑھے تو اس کے گناہ ان شاء اللہ بخشے جائیں گے۔ جو اکتالیس (41) دن تک آٹھ سو (800) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ ظاہر و باطن کی نعمتوں سے نواز جائے گا۔ جو اس اسم کو لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر شراب کے عادی کو پلائے تو اس کی عادت چھوٹ جائے گی اور وہ ان شاء اللہ تعالیٰ تائب ہو جائے گا۔

81: ۔اَلْمُنْتَقِمُ (بدلہ لینے والا)

جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو وہ تین جمعہ تک بکثرت يَا مُنْتَقِمُ پڑھے اللہ تعالیٰ خود اس سے انتقام لیں گے۔ (یہ عمل ناحق ہرگز نہ کیا جائے بہت سخت گناہ ہے) جو کوئی آدھی رات کو یہ اسم مبارک جس نیت سے پڑھے گا وہ کام ان شاء اللہ سرانجام ہوگا۔ جو کوئی عشاء یا فجر کی نماز کے بعد چالیس (40) دن تک روزانہ ایک ہزار (1000) بار يَا قَهَّارُ يَا مُذِلُّ يَا مُنْتَقِمُ پڑھے گا تو انشاء اللہ ظالم ہلاک ہوگا۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ اس کی آنکھ ہرگز نہیں دکھے گی۔

82: ۔اَلْعَفُوُّ (بہت زیادہ معاف کرنے والا)

جو شخص بکثرت سے يَا عَفُوُّ پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو انشاء اللہ معاف فرما دیں گے اور اسے رضائے الٰہی حاصل ہوگی۔ اور اچھے اعمال کی توفیق بخشے گا۔ جو تین ہفتہ تک اس اسم کا ورد رکھے گا سب دشمن اس کے دوست بن جائیں گے اور لوگوں میں معزز ہوگا۔ جو کوئی کسی شخص سے ڈرتا ہو اس اسم مبارک کو بہت پڑھے خوف دور ہوگا۔ اگر اس اسم کے ساتھ اَلْغَفُوْرُ کو بھی ملا لیا جائے تو قبولیت کے

زیادہ قریب ہے۔ جو اسے ایک سو چھپن (156) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے خوف سے امان عطاء فرمائیں گے۔

83: ۔الرَّءُوْفُ (بہت بڑا مشفق)

جو شخص بکثرت يَا رَءُوْفُ کا ورد رکھے گا مخلوق اس پر مہربان ہو جائے گی اور وہ مخلوق پر۔ اور جو شخص دس (10) مرتبہ درود شریف اور دس (10) مرتبہ یہ اسم مبارک کو پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا غصہ رفع ہو جائے گا یا کسی غضبناک شخص پر دم کیا جائے تو اس کا غصہ رفع ہو جائے گا۔ جو کسی مظلوم کو ظالم کے ہاتھ سے چھڑوانا چاہے يَا رَءُوْفُ دس بار پڑھے ظالم اس کی شفاعت قبول کرے گا۔

84: ۔مَالِكُ الْمُلْكِ (ملکوں کا مالک)

جو شخص يَا مَالِكُ الْمُلْكِ کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کو غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرما دیں گے اور کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ جو بادشاہ کسی ملک کو فتح کرنا چاہتا ہوں وہ اس اسم کو بہت پڑھے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔ جو يَا مَالِكُ الْمُلْكِ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بہت پڑھے گا اگر وہ فقیر ہوگا تو غنی ہو جائے گا۔ یہ اسم کمال جمال رکھتا ہے۔

جو بادشاہ اپنی حکومت کا استحکام چاہتا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے۔

85: ۔ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (عظمت وجلال اور اکرام والا)

جو شخص کثرت سے يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو عزت و عظمت اور مخلوق سے استغناء عطا فرما دیں گے۔ بعض علماء اس کو اسم اعظم کہتے ہے۔ جو شخص (يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِكَ الْخَيْرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ) یا يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِكَ الْخَيْرُ سو بار (100) پڑھ کر پانی پر دم کر کے بیمار کو پلائے تو انشاء اللہ بیمار شفاء پائے گا اور اگر دل غمگین ہوگا تو اس عمل سے انشاء اللہ مسرور ہوگا۔ جو کوئی روزانہ پابندی سے تین سو تینتیس (333) بار يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ پڑھے گا دنیا اس کی فرمانبردار رہے گی۔ بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ میں اسم اعظم ہے۔

86: ۔اَلْمُقْسِطُ (عدل وانصاف قائم کرنے والا)

جو شخص روزانہ اس اسم مبارک کو پڑھا کرے گا وہ انشاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر کسی خاص مقصد کے لئے سات سو (700) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے انشاء اللہ وہ مقصد حاصل ہوگا۔ جو کوئی اس اسم کو روزانہ پڑھا کرے وہ انشاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص کسی خاص

اور جائز مقصد کیلئے سات (7) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔ جو کسی رنج میں مبتلا ہو وہ ہر روز ستر ہزار (70000) بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ رنج سے نجات پائے گا۔ جو کوئی اس اسم کو سو (100) بار پڑھے گا شیطان کے شر اور وسوسے سے بے خوف رہے گا۔

87۔:اَلْجَامِعُ (سب کو جمع کرنے والا)

جس شخص کے اعزاء یا احباب منتشر ہو گئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کر کے اور آسمان کی طرف منہ کر کے دس (10) مرتبہ یَا جَامِعُ پڑھے اور انگلی بند کر لے اسی طرح ہر دس (10) مرتبہ پر ایک انگلی بند کر لے۔ آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے انشاء اللہ جلد جمع ہو جائیں گے۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْهِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ پڑھا کرے وہ چیز اسے ان شاء اللہ مل جائے گی۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو ان اوپر الفاظ میں اِجْمَعْ کے بعد صرف بَیْنِیْ وَبَیْنَ ضَآلَّتِیْ الفاظ شامل کریں۔ تو وہ چیز ان شاء اللہ مل جائے گی۔

88: ۔اَلْغَنِیُّ (بڑا بے نیاز بے پرواہ)

جو شخص روزانہ (70) مرتبہ یَاغَنِیُّ پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے مال میں برکت عطاء فرمائیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ جو شخص کسی ظاہری و باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ اپنے تمام اعضاء و جسم پر پڑھ کر دم کیا کرے انشاء اللہ نجات پائے گا۔ جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار ساٹھ (1060) بار پڑھا کرے وہ انشاء اللہ مالدار ہو جائے اور محتاج نہ رہے گا۔ جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا مفلس نہ ہوگا جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے مال میں رکھے انشاء اللہ اس میں برکت ہوگی جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے گا اس کے اعضاء کا درد جاتا رہے گا اس کے اعضاء کا درد جاتا رہے گا۔ جو کوئی جمعرات کے دن ایک ہزار (1000) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاء اللہ دولت پائے گا۔ جو کوئی جمعرات کے دن ایک ہزار (1000) بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ دولت پائے گا۔ جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ستر (70) بار پابندی سے یہ دعا مانگا کرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَامُبْدِیءُ یَامُعِیْدُ یَا فَعَّا لًالِّمَا یُرِیْدُ یَارَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

89: ۔اَلْمُغْنِیُ (بے نیاز و غنی بنا دینے والا)

جو شخص اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ وظیفہ کی طرح یہ اسم مبارک پڑھے اللہ تعالیٰ اسکو ظاہری و باطنی غناء عطاء فرمائیں گے۔ صبح کی نماز کے بعد پڑھے یا عشاء کی

نماز کے بعد پڑھے اس کے ساتھ سورۃ مزمل بھی تلاوت کرے۔ اگر اس اسم مبارک کو بیوی صحبت سے پیشتر پڑھے تو بیوی کو اس سے محبت پیدا ہو جائے گی۔ برے سے برے مالی حالات میں جو شخص عشاء کے فرضوں اور سنتوں کے بعد وتر پڑھنے سے پہلے ایک بار سورۃ مزمل اور گیارہ سو (1100) بار یَامُغْنِیُ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی حلال اور وافر روزی انتظام فرمائیں گے۔ اس میں سورۃ مزمل کے پانچ مقامات کا سات سات بار تکرار کیا جائے گا (1)یَـآیُّهَـا الْـمُـزَّمِّـلُ (2)رَبّ الْـمَشْـرِق والْـمَغْـرِب.......وکیلا (3)وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ (4) يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ (5)وَاسْتَغْفِرُو اللّٰهَ اِنّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ اکتالیس (41) دن تک یہ عمل کرنے کے بعد سورۃ مزمل روزانہ گیارہ (11) اکیس (21) یا اکتالیس (41) بار جب چاہیں پڑھیں (تکرار آیات کے بغیر) اور عشاء کے بعد یَامُغْنِیُ کا ورد کر لیا کریں جیب کبھی خالی نہ ہوگی۔ جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار دو سو ستاسٹھ (1267) بار ہر روز بلا ناغہ پڑھے انشاء اللہ غنی ہو جائے گا۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی فقیر نہ ہوگا۔ جو کوئی دس (10) جمعوں تک ہر جمعہ کو ایک ہزار بار یا
دس (10) بار یہ اسم پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق سے بے نیاز ہوگا۔ جو کوئی قربت سے پہلے ستر (70) بار یہ اسم پڑھ لے تو بہت امساک ہوگا۔ جو بہت مفلس ہو فجر کے وقت فرض و سنت کے درمیان دو سو بار اور ظہر، عصر اور مغرب کے بعد دو سو (200) بار اور عشاء کے بعد تین سو (300) بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غنی ہوگا۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو گیارہ سو (1100) بار روزانہ پڑھے اسے صفائے قلب حاصل ہوگی۔ جو گیارہ سو (1100) مرتبہ یَـامُـغْـنِـیُ اور بسم اللہ کے ساتھ گیارہ سو (1100) بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور بغیر بسم اللہ کے سو (100) بار درود شریف اور دو دفعہ سورۃ مزمل پڑھے گا انشاء اللہ اس کی روزی میں خوب وسعت ہوگی۔ اگر کوئی سورۃ الضحیٰ پڑھ کر یہ اسم ایک سو گیارہ (111) بار پڑھے گا پھر اَللّٰهُمَّ يَسِّرْلِیْ لِلْيُسْرِ الَّذِیْ يَسَّرْتَهُ لِكَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے غیب سے مددگار بھیجے گا۔

90۔:اَلْمَانِعُ (روک دینے والا)

اگر بیوی سے جھگڑا یا ناچاقی ہو تو بستر پر لیٹتے وقت بیس (20) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھا کرے انشاء اللہ جھگڑا اور ناچاقی دور ہو جائے گی اور باہمی انس و محبت پیدا ہو جائے گی۔ جو شخص بکثرت اس اسم مبارک کا ورد رکھے گا انشاء اللہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی خاص اور جائز مقصد کیلئے پڑھے تو انشاء اللہ وہ حاصل ہو جائے گا۔

اگر کوئی اس اسم کو سو(100) بار پڑھے گا انشاءاللہ دو شخصوں کے درمیان لڑائی ختم ہو جائے گی جو اپنی مراد تک نہ پہنچ سکے وہ اس اسم کو صبح و شام پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

91۔ :اَلضَّآرُّ (ضرر پہنچانے والا)

جو شخص شب جمعہ میں سو(100) مرتبہ یَاضَآرُّ پڑھا کرے وہ انشاءاللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قربِ خداوندی اسے حاصل ہوگا۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو پڑھے اور ظالم کے نام سے بددعاء کرے انشاءاللہ اس کو ضرر پہنچے گا۔ اور پڑھنے والا اس کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔ جس کو ایک حال ومقام میسر نہ ہو سو(100) بار شب جمعہ میں اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنائے اللہ تعالیٰ اس کو مقام میں ثابت رکھے گا اور اہلِ قرب کے مرتبہ تک پہنچا دے گا۔ اس مرتبہ کے آگے ظاہری کمال کی کچھ اصل نہیں ۔جس کی عزت کم ہو جائے ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو(100) بار نماز عشاء کے بعد یہ اسم مبارک پڑھا کرے انشاءاللہ محترم رہے گا۔ جو ہر شبِ جمعہ سو(100) بار اَلضَّآرُّ النَّافِعُ پڑھا کرے گا انشاءاللہ اپنی قوم میں معزز اور جسمانی طور پر باعافیت رہے گا۔

92۔ :اَلنَّافِعُ (نفع پہنچانے والا)

جو شخص کشتی یا کسی اور سواری میں سوار ہونے کے بعد کی یَا نَافِعُ کثرت سے پڑھتا رہے انشاءاللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ یا کسی کام کے شروع کرتے وقت (41) مرتبہ یَا نَافِعُ پڑھ لیا کرے انشاءاللہ کام حسب منشا ہوگا جو شخص بیوی سے جماع کے وقت یہ اسم مبارک پڑھ لیا کرے اسے انشاءاللہ اولاد صالح نصیب ہوگی ور بیوی کو اس سے محبت ہوگی جو کوئی اس اسم کو پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاءاللہ وہ شفاء پائے گا۔ جو ماہ رجب میں اس کا ورد کرے گا انشاءاللہ مرادِ الٰہی سے آگاہ ہوگا جو سفر میں اسے پڑھا کرے انشاءاللہ بخیر گھر واپس آئے گا۔

93۔ :اَلنُّوْرُ (سرتاپا نور اور نور بخشنے والا)

جو شخص شبِ جمعہ میں سات مرتبہ سورۃ نور اور ایک ہزار ایک (1001) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھا کرے تو انشاءاللہ اسکا دل نورِ الٰہی سے منور ہو جائے گا۔ جو شخص فرض نماز کے بعد گیارہ (11) بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے ناخنوں پر دم کر کے وہ ناخن آنکھوں پر مل لے گا اللہ تعالیٰ اس کے بصارت کی کمزوری دور فرما دیں گے۔ جو کوئی اس کو یَا نَافِعُ کے ساتھ ملا کر پڑھے اور مریض پر دم کرے انشاءاللہ شفاء ہوگی جو صبح کے وقت اس ذکر کو لازم پکڑے گا اس کا دل روشن ہوگا جو کوئی اندھیرے کمرے میں انکھوں کو بند کر کے اس اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ حال طاری ہو جائے وہ عجیب وغریب انوار کا

مشاہدہ کرے گا اور اس کا دل نور سے بھر جائے گا۔ یہ اسم اہل بصیرت ومکاشفات کیلئے بہت مناسب ہے۔

94: ۔اَلْهَادِئُ (سیدھا راستہ دکھانے اور اس پر چلانے والا)

جو شخص ہاتھ اٹھا کر آسمان کی طرف منہ کر کے بکثرت یَا هَادِئُ پڑھے اور آخر میں چہرے پر ہاتھ پھیر لے تو اس کو انشاءاللہ کامل ہدایت نصیب ہوگی اور اہلِ معرفت میں شامل ہوگا۔ یہ عمل اہل حکومت کیلئے مناسب ہے۔ گمشدہ شخص، چیز یا مفرور آدمی کی واپسی کے لئے کثرت سے یَا هَادِیَ الضَّآلِ وَرَآدَّالضَّآلَّهٖ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ جو کوئی گیارہ سو(1100) بار یَا هَادِیُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِمَ عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے وہ انشاءاللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا اور سیدھے راستے کی ہدایت نصیب ہوگی ۔ جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے وہ دو رکعت نماز پڑھے اور دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد یہ اسم ایک سانس میں جس قدر ہو سکے پڑھے جب سانس ٹوٹ جائے تو دعا مانگے انشاءاللہ قبول ہوگی۔ جو کوئی سفر پر ہو اور اسے راستہ نہ ملے وہ کہے یَا هَادِئُ اِهْدِ نِیْ انشاءاللہ راستہ مل جائے گا۔ اس کے ذکر سے یا پاس رکھنے سے بصیرت اور فہمِ حج پیدا ہوتا ہے۔ جو فرائض کے بعد چار سو(400) بار اس کا ورد کرے گا اس کی عظیم مدد ہوگی۔ اگر بادشاہ اس قدر ذکر کرے کہ حال طاری ہو جائے تو رعایا فرمانبردار ہوگی۔

95: ۔اَلْبَدِیْعُ (بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا)

جس شخص کو کوئی غم یا مصیبت یا کوئی بھی مشکل پیش آئے وہ ایک ہزار مرتبہ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ان شاءاللہ کشائش نصیب ہوگی۔ جو شخص اس اسم مبارک کو باوضو پڑھتے ہوئے سوجائے تو جس کام کا ارادہ ہو یقیناً خواب میں نظر آ جائے گا۔ جو کوئی نماز عشاء کے بعد یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ ہزار مرتبہ بارہ دن پڑھے گا تو جس کام یا مقصد کے لئے پڑھے گا وہ ان شاءاللہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہو جائے گا۔ عمل چاند کے پہلے بدھ کو شروع کیا جائے۔ کسی غم یا اہم حاجت کے لئے ستر ہزار مرتبہ (یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ) پڑھے ان شاءاللہ غم رفع ہوگا اور حاجت پوری ہوگی۔ جو اس اسم کا بکثرت ورد کرے گا اسے اللہ کی طرف سے علم وحکمت عطا کی جائے گی اور اللہ تعالیٰ اس کی زبان سے ان علوم کو جاری فرمائے گا جن کو وہ پہلے نہ جانتا تھا۔ ان شاءاللہ۔

96:۔اَلْبَاقِیُ(ہمیشہ باقی رہنے والا)

جوشخص اس اسم مبارک کوایک ہزار(1000)مرتبہ جمعہ کی رات میں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو ہرطرح ضرر ونقصان سے محفوظ رکھیں گے اوران شاءاللہ اسکے تمام نیک عمل مقبول ہوں گے۔جوسورج نکلنے سے پہلے سو(100)بار روزانہ یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاء اللہ مرتے دم تک کچھ دکھ نہ پائے گا اور عاقبت (آخرت)میں بخشا جائے گا۔جواس اسم کو ہرفرض نماز کے بعد ایک سوتیرہ(113)بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کے منصب سے کوئی معزول نہیں کرسکے گا خواہ اس کے خلاف جن وانس جمع ہوجائیں۔جو ایک سو(100)باریَابَاقِیُ پڑھتا رہے گا انشاءاللہ اس کے اعمال مقبول ہوں گے۔

97۔:اَلْوَارِثُ (سب کے بعد موجود رہنے والا)

جوشخص طلوع آفتاب کے وقت سو(100)مرتبہ یَا وَارِثُ پڑھے گا انشاءاللہ ہر رنج وغم اور سختی ومصیبت سے محفوظ رہے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔اور جوشخص مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار(1000)مرتبہ پڑھے ہرطرح کی تکلیف وپریشانی سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا اور حیرت دفع ہوگی۔بےاولاد شخص کثرت سے اس کا ورد کرے تو اولاد ملے گی۔جوکوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھتا رہے گا اس کے مال میں برکت ہوگی اس کے سب کام برآئیں گے اور وہ امن میں رہے گا اور انشاءاللہ اس کی عمر دراز ہوگی۔جس لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو وہ ہرنماز کے بعد سو(100)باریَا وَارِثُ پڑھے تو جلد رشتہ آجائے گا۔

98۔:اَلرَّشِیْدُ (راستی اورنکوئی کرنے والا)

جس شخص کو اپنے کسی مقصد یا کام کی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو وہ مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار(1000)مرتبہ یارَشِیْدُ پڑھے تو انشاءاللہ خواب میں تدبیر نظر آجائے گی یادل میں اس کا القاء ہو جائے گا۔اگرروزانہ اس اسم مبارک کا وردر کھے تو تمام مشکلات انشاءاللہ دور ہوجائیں گی اور کاروبار میں دن دگنی رات چوگنی ترقی ہوگی۔جوشخص عشاء کے بعد اس اسم مبارک کو یومیہ سو(100)بار پڑھے گا،اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کے اسباب پیدا فرمادیں گے ان شاءاللہ۔

استخارہ کے لئے **یا عَلِیْمُ عَلِّمْنِی**،**یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ**،**یارَشِیْدُ اَرْشِدْنِی**، **یاھَادِیُ اِھْدِنِیْ**،**یامُبِیْنُ بَیِّنْ لِی** سوبار پڑھ کرسوجائیں،خواب میں سب بتادیا جائے گا۔جواس اسم مبارک کومباشرت سے پہلے پڑھے گا ان شاءاللہ فرزند صالح وپرہیزگار پیدا ہوگا۔درست فیصلے کی طرف رہنمائی کیلئے اس اسم کو عشاء کے بعد ایک سوبار پڑھنا مفید ہے۔جوعشاء کے بعد سوبار یہ اسم مبارک پڑھے گا ان شاءاللہ اس کا عمل قبول ہوگا۔

99 :۔ اَلصَّبُوْرُ (بڑے صبر وتحمل والا)

جوشخص طلوعِ آفتاب سے پہلے سو(100)مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے وہ انشاءاللہ اس دن ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں،حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔جوشخص کسی بھی طرح کی مصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس(1020)مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے انشاءاللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینانِ قلب نصیب ہوگا تمام حاجات کے لئے اس کو دوسواٹھانوے(298)بار ہر روز پڑھے۔جس کو غم ورنج یا مصیبت پیش آئے تینتیس(33)بار اس اسم کو پڑھے انشاءاللہ پریشانی دور ہوجائے گی جو آدمی رات میں یا دوپہر میں اس اسم کو پڑھنے کی مداومت کرے گا اس کو دشمنوں کی زبان بندی وخشنودی اور بادشاہ کی رضامندی حاصل ہوگی۔یہ اسم دلوں کے غضب اور رنج وغم دور کرنے کی خاصیت رکھتا ہے یہ اسم مبارک اہل مجاہدہ کا ورد ہے اس کے ذریعے انہیں ثابت قدمی نصیب ہوتی ہے۔

تَمَّتْ الاسماءُ الْحُسْنٰی بِفَضْلِ اللّٰہ تعالی. و صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحابِہٖ اَجْمَعِیْن

﴿باب(2)قرآنی وظائف﴾

﴿سورۃ فاتحہ شفا ہے!﴾

سورۃ فاتحہ کا ایک نام شافیہ (شفا دینے والی) بھی ہے اس کے مضامین جس طرح مؤمن موحد کیلئے باطنی اور روحانی شفا کا باعث ہیں۔اسی طرح اس کے الفاظ جسمانی امراض وتکالیف اور دکھ درد کیلئے شفا بن جاتے ہیں۔حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے مرض سے نجات دلانے کے لئے سورۃ فاتحہ پڑھ کر مجھ پر دم کرتے ہوئے تھتکا ر دیا،حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ فاتحہ الکتاب زہر کے لئے شفاء ہے۔حضرت عبدالمالک بن عمیرؓ نے (مرسلاً) روایت کی ہے آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ فاتحہ الکتاب ہر مرض کیلئے شفا ہے۔

(یہ سب روایات درمنثور میں ہیں) حصن حصین میں (ابوداؤد اور نسائی سے نقل کیا) ہے۔کہ جس کی عقل ٹھکانے نہ ہو تین روز صبح وشام سورۃ فاتحہ کے ذریعہ جھاڑا جاوے (جھاڑنے والا) سورۃ فاتحہ کو پوری پڑھ کر اپنا تھوک (منہ) میں جمع کر کے تھتکار دے اور ترمذی شریف سے نقل کیا ہے کہ جس کو سانپ، بچھو ڈس لے سات (7) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر جھاڑ جائے۔حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ کے چند صحابہ رضی اللہ عنھم اجمعین سفر میں ایک تالاب پر گزرے۔وہاں ایک آدمی کو بچھو نے ڈس لیا تھا۔وہاں جو قبیلہ مقیم تھا۔اُن میں ایک آدمی ان حضرات کے پاس آیا اور اُس نے کہا کیا تم میں کوئی شخص جھاڑ پھونک کرنے والا ہے؟ یہ سن کر اُن حضرات میں ایک صاحب چلے گئے اور اُنہوں نے سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیا اور کچھ بکریاں لینے کی شرط لگائی۔وہ شخص اچھا ہو گیا اور یہ بکریاں لے کر اپنے رفقاء کے پاس آ گئے۔انہوں نے ان بکریوں کا لینا اچھا نہ جانا اور کہنے لگے کہ تم نے اللہ کی کتاب پر اُجرت لے لی۔جب کہ مدینہ منورہ میں واپس آئے تو رسول ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ انہوں نے کتاب اللہ پر اُجرت لی۔آپ نے فرمایا: بلاشبہ کتاب اللہ ان سب چیزوں میں اُجرت لینے کے لیے زیادہ احق ہے۔جن پر تم اُجرت لیتے ہو۔

(تفسیر انوار البیان جلد نمبر 1 ص 34 بحوالہ بخاری ص 854 ج 2) اس حدیث کی وجہ سے جھاڑ پھونک کی اُجرت لینا جائز ہے۔بشرطیہ کہ کلام صحیح ہو، شرکیہ کلام نہ ہو۔

رات کو حفاظت کے لئے سورۃ فاتحہ پڑھنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تو نے بستر پر اپنا پہلو رکھا اور فاتحہ الکتاب اور (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ.... ختم سورت تک) پڑھ لی تو موت کے سوا ہر چیز سے

تجھے امان مل گئی ہے۔(درمنثور)

خواص آیت الکرسی

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھ لیا کرے تو جنت کے داخل ہونے میں اس کے لئے صرف موت ہی آڑ بنی ہوئی ہے۔اور جس نے آیۃ الکرسی لیٹتے وقت پڑھ لی اللہ تعالیٰ اس کے گھر کو اور اس کے پڑوسی کے گھر کو اور آس پاس کے چند گھروں کو امن سے رکھے گا۔

(تفسیر انوار البیان جلد 1 ص 361 بحوالہ مشکوۃ المصابیح ص 89)۔

اور ایک حدیث میں ہے کہ جس شخص نے رات کو اپنے بستر پر پہنچ کر آیت الکرسی پڑھ لی صبح ہونے تک اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف اسے ایک نگران مقرر رہے گا۔اور شیطان قریب نہ آئے گا۔

(مشکوۃ المصابیح ص 185 عن البخاری فی السیر قصہ ابی ہریرۃؓ) حضرت ابو ہریرۃؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے صبح کو سورۃ حٰم (یعنی سورۃ مومن جسے سورۃ غافر بھی کہتے ہے) حٰم سے لے کر اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ، تک پڑھی اور اس کے ساتھ آیۃ الکرسی بھی پڑھ لی تو شام ہونے تک ان دونوں کی وجہ سے محفوظ رہے گا۔اور جس نے ان دونوں کو شام کو پڑھ لیا تو صبح ہونے تک محفوظ رہے گا۔(مصائب اور تکالیف سے)

(مشکوۃ المصابیح ص 187 عن ترمذی شریف)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور شیطان کی کشمکش: واقعہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بار حضور ﷺ نے مجھے فطرانے کے سامان کا نگران مقرر فرمایا۔ایک رات میں اپنی ڈیوٹی پر موجود تھا،کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بوڑھا آیا اور اس نے فطرانے کے سامان میں سے کچھ گندم چوری کی اور فرار ہونے لگا۔میں نے اسے گرفتار کر لیا اور کہا کہ میں تجھے حضور ﷺ کے پاس لے جاؤں گا۔اس نے میری منت سماجت کی اور کہا کہ میں عیال دار اور غریب آدمی ہوں فاقے کے ہاتھوں مجبور ہو کر یہ حرکت کی ہے۔آج چھوڑ دیں آئندہ ادھر کا رخ نہیں کروں گا۔مجھے ترس آیا میں نے اسے چھوڑ دیا۔صبح جب نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ رات تمہارے قیدی کا کیا بنا؟ میں نے تمام واقعہ سنا دیا اور بتلایا کہ اس نے آئندہ کبھی نہ آنے کا عہد کیا اور منت سماجت کی تو میں نے چھوڑ دیا آپ ﷺ نے فرمایا کہ آج رات وہ پھر آئے گا۔حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کے فرمانے کی وجہ سے مجھے سو فیصد یقین تھا کہ وہ ضرور آئے گا۔چنانچہ رات بھر میں تاک لگا کر اس

انتظار میں بیٹھا رہا۔ رات کے پچھلے پہر وہ آیا اور کچھ گندم آج بھی اچک لی ۔ میں نے اسے گرفتار کرلیا اس نے دوبارہ منت سماجت کی عیال داری اور فقر وفاقہ کا رونا رویا اور آئندہ کبھی نہ آنے کا پختہ عہد کیا تو ترس کھا کے میں نے اسے دوبارہ چھوڑ دیا۔ صبح جب بارگاہِ نبوی میں حاضری ہوئی تو آپ ﷺ نے پھر سوال فرمایا کہ رات تمہارے قیدی پر کیا بنا؟ میں نے پھر پوری صورتِ حال آپ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں عرض کردی آپ ﷺ نے فرمایا وہ جھوٹ بولتا ہے۔ آج رات وہ پھر آئے گا۔ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں: تیسری رات بھی میں اس کی تاک اور انتظار میں بیٹھا رہا۔ آپ ﷺ نے فرمان مقدس کی وجہ سے مجھے اس کی آمد کا پختہ یقین تھا۔ آج رات بھی وہ آیا اور اس نے پھر کچھ گندم اموال صدقات میں سے اٹھائی تو میں نے اسے گرفتار کرلیا اور کہا کہ آج تو تجھے ہر صورت حضورِ اکرام ﷺ کی خدمت میں پیش کروں گا۔ آج تیرا کوئی بہانہ ،کوئی عذر نہیں سنوں گا، نہ ہی تیرے کسی وعدے وعہد پر اعتماد کروں گا۔ اس نے کہا اگر آج تم مجھے چھوڑ دو تو میں تمہیں چند ایسے کلمات سکھا سکتا ہوں جو زندگی بھر تمہیں فائدہ دیں گے۔ میں نے کہا وہ کلمات کیا ہیں؟ تو اس نے کہا کہ رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو تو اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان اور محافظ فرشتے مقرر فرمادیں گے اور رات بھر شیطان تمہارے پاس نہ آسکے گا۔ یہ سن کر میں نے اسے چھوڑ دیا صبح جب مجلس نبوی ﷺ میں حاضری ہوئی تو آپ ﷺ نے پھر پوچھا کہ تمہارے قیدی کا کیا بنا؟ میں نے آیۃ الکرسی کے حوالے سے اس کی بات نقل کی اور سارا قصہ سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

(صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوبٌ) تمہارے ساتھ اس نے سچ بولا ہے۔ حالانکہ ہے وہ پرلے درجے کا جھوٹا ہے) اور فرمایا اے ابوہریرہؓ تمہیں معلوم ہے کہ تین روز سے تمہارے پاس آنے والا یہ بوڑھا کون ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے تو معلوم نہیں! فرمایا: یہ شیطان تھا۔ اس کو امام ترمذی نے اپنی سنن میں روایت کیا ہے۔

جن دیو کا جلنا: (واقعہ)

امام غزالی نے ابن قتیبہ سے نقل کیا ہے۔ کہ بنی کعب کا ایک آدمی کھجوروں کی تجارت کی غرض سے بصرہ آیا وہ آدمی بتلاتا ہے کہ مجھے بصرہ میں اور کوئی مکان نہ ملا تو ایک ویران مکان پر میری نظر پڑی جس کی دیواروں اور چھتوں سے جالے لٹک رہے تھے میں نے اس کے مالک کے بارے میں معلومات لی اور اس سے وہ مکان کرائے پر لینے کی بات چلائی اس نے کہا کہ دینے کو تو میں یہ مکان کرائے پر دے دوں لیکن یہ آسیب زدہ ہے اور ایک خطرناک دیو نے اس پر قبضہ جما رکھا ہے۔ اس مکان میں جو کوئی ٹھیرتا ہے

وہ دیو اسے ہلاک کریتا ہے۔ اس لئے تم بھی اپنی جان بچاؤ اور اس کی بجائے کوئی اور مکان ڈھونڈ لو۔ میں نے کہا تم مجھے مکان دے دو، اللہ مالک ہے، میں جانوں اور دیو جانے ، میں نے مکان لے لیا۔ رات کو جب تاریکی کے سائے گہرے ہوئے تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک لمبا تڑنگا کوخوچہرے کا حامل کا دیو میرے کمرے میں گھس آیا ہے۔ اس کا وجود سر سے پاؤں تک سیاہ تھا اور آنکھیں شعلے برسا رہی تھیں۔ دھیرے دھیرے وہ میری طرف بڑھ رہا تھا۔ جب وہ میرے قریب آپہنچا تو میں نے آیت الکرسی پڑھنا شروع کردی میں آیت الکرسی جیسے جیسے پڑھتا جاتا وہ دیو بھی وہی کلمات میرے ساتھ ساتھ دھراتا جاتا تھا جب میں آخری حصے پر پہنچا اور **وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ** پڑھنے لگا تو اس کی زبان رک گئی اور میرے ساتھ وہ یہ کلمات نہ دھرا سکا۔ میں نے جب دیکھا کہ وہ اس کلمے پڑھنے سے عاجز ہے تو میں نے یہی الفاظ مسلسل پڑھنے شروع کردیئے۔ تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ وہ کالا وجود میرے سامنے سے ختم ہوگیا اس کی طرف سے مطمئن ہو کر میں بھی سو گیا صبح اٹھا تو دیکھا کہ جس جگہ وہ دیو کھڑا تھا، وہاں ایک جلی ہوئی لاش پڑی ہے۔ اور ایک غیبی آواز سنی کہ تم نے رات کو ایک بڑا دیو جلا دیا ہے۔ میں نے پوچھا کہ وہ کس چیز سے جلا ہے؟ تو غیبی آواز آئی۔ **وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ** سے۔

احادیث کی روشنی میں خواص آیت الکرسی

سیدعلیؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس گھر میں آیت الکرسی پڑھی جاتی ہے۔ شیطان بھاگ جاتا ہے۔ اور تین روز تک اس گھر میں داخل نہیں ہوتا اور چالیس روز تک اس مکان میں سحر کا اثر نہیں ہوسکتا (وظائف اکابر ص 44)

ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ میرے گھر میں خیر و برکت نہیں ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم آیت الکرسی کیوں نہیں پڑھتے۔ (وظائف اکابر)

تفسیرِ اتقان میں ہے کہ ایک شخص تنہا سفر کر رہا تھا سامنے سے بھیڑیا آ گیا اس نے آیت الکرسی پڑھی بھیڑیا دُم دبا کر بھاگ گیا۔ جنات اور شیاطین آیت الکرسی کی برکت سے بھاگ جاتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آیت الکرسی پڑھ کر اپنے نفسوں کو مضبوط قلعہ میں محفوظ کرلیا کرو شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص دن رات میں ایک ہزار مرتبہ آیت الکرسی 40 دن تک پڑھے گا۔ اللہ رب العزت کی قسم! اس آیت کا روحانی اثر اسکو نظر آئے گا۔ ملائک اس کی زیارت کو آئیں گے اور اس کے تمام مقاصد، دلی مرادیں پوری ہونگی۔

(وظائف اکابر)

خواص سورة البقره و آل عمران:

جس گھر میں یہ سورتیں تین دن رات پڑھی جائیں جن وشیاطین اس گھر میں داخل نہ ہونگے اور پڑھنے والے پر قیامت کے دن سایہ کرے گی۔ جس پر سحر ہو چکا ہو وہ اس سورتوں کی کثرت سے تلاوت کرے سحر دور ہو جائے گا۔

(وظائف اکابر ص43)

اٰمن الرسول ...کے فوائد

جس گھر میں سورۃ البقرہ کی آخری دو آیتیں تین راتیں پڑھی جاویں اس میں شیطان قریب نہیں آتے جس رات کو پڑھی جاویں اگر اس رات میں موت آ گئی تو اس کی مغفرت ہو گی اور چور وغیرہ جیسی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

سورة التوبه (آخری آیت مبارکه کی فضیلت)

حضرت ابودرداءؓ نے فرمایا کہ جوشخص صبح وشام سات مرتبہ:

(حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ و هُوَ رَبُّ الْعَرْ شِ الْعَظِيْمِ) کہہ لے تو اللہ اس کی تمام فکر مندیوں کی کفایت فرمائے گا۔ (تفسیر انوار البیان (جلد نمبر2 ص604 بحوالہ تفسیر ابن کثیر ص405ج5)

سورة الكهف کے فوائد

سورۃ الکہف کے پڑھنے سے قیامت میں نور ملے گا اور دجال کے مکر وفریب سے محفوظ رہے گا اور اوّل و آخر آیتیں پڑھنے سے بلا اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ صحیح مسلم کی ایک حدیث میں یوں ہے کہ تم میں سے جوشخص دجال کو پالے تو اس پر سورۃ کہف کی شروع کی آیات پڑھ دے (اس کی وجہ سے) وہ دجال سے محفوظ رہے گا۔

(تفسیر انوار البیان جلد نمبر3 ص348 بحوالہ صحیح مسلم صفحہ 401 جلد2)

جمعه کے دن سورةالكهف پڑھنے کی منافع

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھ لی دونوں جمعوں کے درمیان اس کے لئے نور روشن ہوگا۔ (کمافی المشکوٰۃ صفحہ 179 عن البیہقی فی الدعوات الکبیر) دونوں جمعوں کے درمیان نور روشن رہنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کا دل روشن رہے گا اور بعض شراح حدیث نے فرمایا کہ جمعہ کے دن اس کے پڑھنے کی وجہ سے ایک ہفتہ کے بعد اس

کی قبر میں روشنی رہے گی۔ (تفسیر انوار البیان جلد 3 ص348) مفسر ابن کثیر نے امام بیہقی کی سنن کبریٰ سے حدیث نقل کی ہے کہ جس شخص نے سورۃ کہف اسی طرح پڑھی جیسا کہ نازل ہوئی ہے وہ اس کے لیے قیامت کے دن نور ہو گی اور ضیاء الدین مقدسی کی کتاب المختار سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھ لی وہ آٹھ 8 دن تک ہر فتنہ سے محفوظ رہے گا اس عرصے میں اگر دجال نکل آیا تو اس سے بھی حفاظت ہو گی۔ (تفسیر انوار البیان جلد نمبر3 ص نمبر348)

سورة رحمٰن کے فضائل و خواص

یہ سورہ مبارکہ قرآن کریم کی زینت ہے اسکو پڑھ کر پھونکنے سے اکثر درد میں کمی ہوتی ہے، بیمار کو تسکین ملتی ہے۔ اس کو عشاء کی نماز کے بعد ایک نشت میں گیارہ مرتبہ تین رات متواتر پڑھنے سے ہر مدعا حاصل ہوتا ہے اور ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ (اللہ کے حکم سے) (وظائف اکبر جلد اوّل صفحہ 207) سے نقل کیا ہے۔

خواص سورة الواقعه

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جوشخص ہر رات کو سورۃ واقعہ پڑھ لے اسے کبھی بھی فاقہ نہ ہو گا یعنی تنگدستی لاحق نہ ہو گی۔ حضرت ابن مسعودؓ اپنی لڑکیوں کو حکم دیتے تھے کہ روزانہ ہر رات کو اس سورۃ کو پڑھا کریں (تفسیر انوار البیان جلد5 صفحہ 285 بحوالہ راجع الایمان صفحہ 492 جلد2)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے مرضِ وفات میں حضرت عثمان غنیؓ عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ پھر حضرت عثمانؓ نے پوچھا فما تشتھی (یعنی آپ کیا چاہتے ہیں) فرمایا رحمة ربی (یعنی اپنے رب کی رحمت چاہتا ہوں) پھر حضرت عثمانؓ نے فرمایا میں آپ کے لئے طبیب (معالج) کو بلالوں؟ فرمایا (الطَّبِيْبُ مَرَضَنِیْ) مجھے طبیب ہی نے بیمار کیا ہے۔ عین طبیبِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہی ہے اسی نے مجھے بیماری دی ہے اس کے سوا کس طبیب کو بلاؤ گے پھر حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ میں آپ کے لیے کوئی عطیہ دوں فرمایا مجھے کوئی حاجت نہیں حضرت عثمانؓ نے فرمایا قبول کر لو اپنے گھر والوں کے لیے چھوڑ جانا، فرمایا میں نے انہیں ایک چیز سکھا دی ہے اسے پڑھتے رہیں گے تو کبھی محتاج نہ ہوں گے رسول اللہ ﷺ سے میں نے سنا ہے کہ (مَنْ قَرَاءَ الْوَاقِعَةَ كُلَّ لَيْلَةٍ لَمْ يَفْتَقِرْ) (جوشخص ہر رات سورۃ واقعہ پڑھ لے گا کبھی محتاج نہ ہو گا۔ (تفسیر انوار البیان جلد نمبر 5 صفحہ 285 بحوالہ البیہقی فی شعب الایمان صفحہ 491 جلد4)

عَلِّمُوا نِسائَکُمْ سورۃَ الْوَاقِعَۃَ فَاِنَّھَا سورۃُ الغِنٰی (یعنی مالداری) لانے والی سورت ہے۔
(کنزل العمال جلد 1 صفحہ 592)

فائدہ: حصولِ مقصد کے لیے اس سورت کو ایک ہی نشت میں اکتالیس (41) مرتبہ پڑھیں تو مدعا اور مقصد ضرور پورا ہوگا۔ انشاءاللہ۔

فضائلِ سورۃ یٰسین

اس سورۃ کے بے شمار فضائل وخواص ہیں۔ اس سورت کی اہمیت پورے قرآن کریم میں ایسی ہے جیسے جسم میں دل کی۔ اس کی تلاوت سے فلاحِ دارین حاصل ہوتی ہے۔ حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ اس کو باقاعدگی سے پڑھنے والے کی قبر روشن ہوگی، بیمار کے پاس پڑھنے سے بیمار کو شفاء اور حالتِ نزع میں پڑھیں تو جان کنی میں آسانی ہوجاتی ہے۔ اس کی تلاوت میں دفع غم، حصولِ برکت وکشائشِ رزق کے لیے بھی مفید ہے۔ نیز اس کو ایک ہی نشست میں اکتالیس (41) یا بہتر (72) مرتبہ پڑھنے سے ہر مشکل آسان اور ہر تکلیف دور ہوجاتی ہے انشاءاللہ تعالیٰ۔ اس کو پڑھنے کے بعد ہر دعا قبول ہوتی ہے انشاءاللہ تعالیٰ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ یٰسین رات کو ہمیشہ پڑھا کرو مر گئے تو شہادت کا درجہ ملے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص رات کو سورۃ یٰسین پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کو مغفرت عطاء فرمائے گا۔ اور اس کو 22 مرتبہ قرآن کریم ختم کرنے کا ثواب ملے گا۔ اور جس مرنے والے کے پاس سورۃ یٰسین پڑھی جائے گی۔ اس سورۃ کے ہر ہر حرف پر دس ملائک آسمان سے نازل ہونگے جو میت کے لیے دعاء اور استغفار کرتے رہیں گے۔ میت کو غسل دینے میں شرکت کریں گے جنازہ کے ساتھ ساتھ جائیں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ یٰسین میں 20 رکعتیں ہیں بھوکا پڑھے کا شکم سیر ہوجائے گا ننگا پڑھے گا حق تعالیٰ اس کو لباس عطاء فرمائے گا کنوارا پڑھے گا شادی ہوجائے گی خوفزدہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ کے امن میں رہے گا سفر میں راستہ بھول گیا ہوگا راستہ مل جائے گا۔ میت کے پاس پڑھا جائے گا حق تعالیٰ عذاب میں تخفیف عطاء فرمائے گا۔ پیاسا پڑھے گا حق تعالیٰ اس کو سیراب فرمادے گا۔ سعید بن جبیر رحمہ اللہ فرماتے ہے کہ اگر مجنون پر سورۃ یٰسین پڑھ کر دم کی جائے یا لکھ کر دھوکر پلائی جائے جنون دفع ہوجائے گا۔ امام ثعلبی رحمہ اللہ نے تفسیر میں لکھا ہے کہ اگر سورۃ یٰسین لکھ کر مریض کو دھوکر پلائیں تو اس کی تمام اندرونی بیماریاں دور ہوجائیں گی۔

اور اگر زعفران، گلاب سے 7 مرتبہ لکھ کر 7 روز تک برابر پئیں تو قوت حافظہ اس قدر بڑھ جائے کی

جو بات ایک مرتبہ سن لوگے عمر بھر یاد رہے گی۔ کھانے پینے کے سامان میں سورۃ یٰسین لکھ کر رکھ دیں بے حساب خیر و برکت ہوگی۔ سورۃ یٰسین 41 مرتبہ جس مقصد کے حصول کیلئے پڑھی جائے وہ مقصد ضرور بالضرور برآئے گا جو شخص سورۃ یٰسین کا ورد صبح وشام رکھے گا بھوکا ننگا نہ رہے گا۔

حل مشکلات کے لئے سورۃ یٰسین کا ورد

مشکلات وتکالیف آفات وبلیات سے نجات اور اہم مقاصد میں کامیابی کیلئے سورۃ یٰسین باوضو اس طرح پڑھے کہ ہر مبین پر یَا اللّٰہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ "کُنْ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ" پڑھے تو "یَا اللّٰہ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیْ یَا فَتَّاحُ" پڑھ کر ختم کردے انشاءاللہ تعالیٰ سب تکالیف کا خاتمہ ہوجائے گا۔ (وظائف اکابر)

موتیا بند کے ازالہ کے لئے

باوضو سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں روزانہ بلا ناغہ لگایا کرے انشاءاللہ موتیا دور ہو جائے گا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

سورۃ یٰسین روزانہ باوضو بعد نمازِ عشاء سات (7) مرتبہ پڑھے یہ عمل قرض کی ادائیگی کے لئے اکسیر ہے۔ انشاءاللہ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

بارش کی طلب کے لئے

خشک سالی سے نجات اور بارشِ رحمت طلب کرنے کے لئے باوضو سورۃ یٰسین 75 دفعہ یا 41 مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بارش رحمت خوب برسے گی اور فصل اور کھیتی خوب سیراب ہوگی (وظائف اکبر جلد اوّل صفحہ 62)

متفرق

ایک بار صبح وشام اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے گا تو رضاء اور محبت نصیب ہوگی اور شفاء کیلئے پڑھے گا تو شفاء نصیب ہوگی اگر ایمان کی سلامتی کیلئے پڑھے گا تو ایمان سلامت رہے گا اگر دفع سکراتِ موت کے لئے 3 بار روزانہ پڑھتا رہے دولت مند ہوجائے گا۔

خواص سورۃ حٰم سجدہ

اگر کوئی مشکل آگئی ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہئے تو باوضو نمازِ فجر کے بعد سات مرتبہ سورۃ حٰم سجدہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں

کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۃ الحشر کی آخری آیت کی فضیلت

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح کو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ 3 مرتبہ پھر ایک مرتبہ، هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ()هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ: پڑھ کر سورۃ حشر کی یہ آخری تین آیات مبارکہ پڑھ لے تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ ستر ہزار (70000) فرشتے مقرر فرمادے گا۔ جو شام تک اس پر رحمت بھیجتے رہیں گے اور اگر اس دن مرجائے تو شہید مرے گا اور جو شخص شام کو یہ عمل کرے تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ ستر ہزار (70000) فرشتے مقرر فرمادے گا۔ جو اس پر صبح تک رحمت بھیجتے رہیں گے اور اگر وہ اس رات میں مر جائے گا تو شہید مرے گا۔

(تفسیر انوار البیان جلد 5 صفحہ 352 بحوالہ ترمذی شریف، اوسورۃ الحشر آیۃ 22)

فضیلت سورۃ الملك

احادیث شریف میں سورۃ الملک کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بلاشبہ قرآن کریم کی ایک سورت ہے جو کہ تیس (30) آیتیں ہیں اس نے ایک شخص کے لیے شفاعت کردی یہاں تک کہ وہ بخش دیا گیا وہ سورۃ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ ہے (تفسیر انوار البیان جلد 5 صفحہ 434 بحوالہ رواہ احمد و الترمذی و ابو داؤد والنسائی وابن ماجہ کمافی المشکوٰۃ صفحہ 182)

اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک صحابی نے ایک جگہ اپنا خیمہ لگایا وہاں قبر تھی جس کا انہیں پتہ نہ تھا وہاں انہوں نے ایک شخص کی آواز سنی جو سورۃ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ پڑھ رہا تھا اس نے پوری سورت ختم کرلی، یہ صحابی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو پوری کیفیت سنائی، آپ نے فرمایا یہ سورت عذاب سے روکنے والی ہے قبر والے شخص کو اللہ کے عذاب سے نجات دینے والی ہے۔

(تفسیر انوار البیان جلد 5 صفحہ 434 بحوالہ رواہ الترمذی کمافی المشکوٰۃ صفحہ نمبر 188)

اور حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب تک سورۃ الم تنزیل (جو اکیسویں پارہ میں ہے) اور تَبٰرَكَ الَّذِیْ نہیں پڑھ لیتے تھے اس وقت تک رات کو نہیں سوتے تھے۔

(تفسیر انوار البیان جلد 5 صفحہ 434 بحوالہ رواہ احمد ترمذی والدارمی کمافی المشکوٰۃ صفحہ 188)

جو شخص بھی بعد نمازِ عشاء کے بعد اس سورت کی تلاوت کریگا انشاءاللہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا اور اسکو مغفرت نصیب ہوگی مقروض ہو تو قرض سے نجات پائے گا۔ اگر سورت کو رویتِ ہلال کے وقت تلاوت کیا جائے تو تلاوت کرنے والا پورا مہینہ امن و آرام سے بسر کریگا۔ انشاءاللہ (وظائف اکابر جلد اوّل صفحہ 209)

خواص سورۃ مزمل

اس کی تلاوت سے رزق میں کشادگی ہوگی، نیز مصیبت اور پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ حصولِ مدّعا کے لیے اس سورت کو ایک ہی نشست میں اکتالیس (41) مرتبہ پڑھنے سے مدعا ملتا ہے۔ انشاءاللہ

(خواص معوذتین)

خواص سورۃ اخلاص سورۃ فلق اور سورۃ الناس: یہود نے رسول اللہ ﷺ پر جادو کردیا تھا

(واقعہ)

حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ ایک یہودی نے رسول اللہ ﷺ پر جادو کردیا تھا اس کی وجہ سے چند دن آپ کو تکلیف رہی۔ حضرت جبرائیلؑ آپ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ فلاں یہودی نے آپ پر جادو کیا ہے۔ اس نے بالوں میں گرہیں لگادی ہیں جو فلاں فلاں کنوئیں میں ہیں، رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ کو بھیجا، انہوں نے اس میں سے ان بالوں کو نکالا جب آپ کی خدمت میں ان کو لایا گیا تو آپ اپنے مرض سے اس طرح شفایاب ہوگئے جیسے کوئی شخص رسی میں بندھا ہوا ہو پھر اس کو کھول دیا جائے اس یہودی سے اس بات کا تذکرہ نہیں فرمایا اور نہ اس کے بعد کبھی اسے اپنے سامنے دیکھا

(تفسیر انوار البیان جلد 5 صفحہ 665 بحوالہ سنن نسائی تحت عنوان سحرۃ اہل الکتاب)

تفسیر روح المعانی میں مذکورہ کنوئیں سے جب کھجوروں کا گچھا نکالا گیا تو اس میں رسول اللہ کی کنگھی بھی تھی اور مبارک بال بھی تھے اور رسول اللہ کی صورت شریف بھی جو موم سے بنائی گئی تھی اس میں سوئیاں گڑی ہوئی تھیں اور ان بالوں میں گیارہ گرہیں لگی ہوتھیں۔ حضرت جبرائیلؑ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ)، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس) دونوں سورتیں لے کر حاضرِ خدمت ہوئے ان دونوں سورتوں میں مجموعہ طور پر گیارہ آیات ہے آپ ایک ایک آیت پڑھتے گئے اور ایک گرہ کھولتے گئے اور سوئیاں بھی

نکالتے گئے۔

آپ کو پوری طرح شفاء ہوگئی حضرت عبداللہ بن حبیبؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم ایسی رات میں جس میں بارش ہورہی تھی اور سخت اندھیری بھی تھی نبی کریم ﷺ کو تلاش کرنے کے لئے نکلے چنانچہ ہم نے آپ کو پالیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہوں میں نے عرض کیا۔ کیا کہوں؟ فرمایا جب صبح ہو اور شام ہو سورۃ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) اور سورۃ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) اور (قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ النّاس) تین بار پڑھ لو۔ یہ عمل کرلو گے تو ہر ایسی چیز سے تمہاری حفاظت ہو جائے گی جس سے پناہ لی جاتی ہے یعنی ہر موذی سے اور ہر بلا سے محفوظ ہو جائی گی۔ (تفسیر انوارالبیان جلد 5 صفحہ 673 بحوالہ ترمذی شریف)

رات کو سوتے وقت کرنے کا ایک عمل

ام المومنین عائشہؓ کا بیان ہے کہ روزانہ رات کو جب حضور اقدس ﷺ بستر پر تشریف لاتے تو سورۃ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِ الْفَلَقِ) اور (قُلْ اَعُوْذُبِرَبِ النّاس) پڑھ کر ہاتھ کی دونوں ہتھلیوں کو ملا کر ان میں اس طرح پھونک مارتے تھے کہ کچھ تھوک بھی پھونک کے ساتھ نکل جاتا تھا۔ پھر دونوں ہتھلیوں کو پورے بدن پر جہاں تک ممکن ہوتا پھیر لیتے تھے یہ ہاتھ پھیرنا سر اور چہرے سے اور سامنے کے حصہ سے شروع فرماتے تھے اور یہ عمل تین بار فرماتے تھے۔

(تفسیر انوار البیان جلد 5 صفحہ 673 بحوالہ بخاری صفحہ 750 جلد 2)

نیز حضرت عائشہؓ یہ بھی فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کو جب کوئی تکلیف ہوتی تھی تو اپنے جسم پر سورۃ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) اور (قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ النّاس) پڑھ کر دم کیا ہوتی (جس کا طریقہ ابھی اوپر گزرا ہے) پھر جس مرض میں آپ کی وفات ہوئی تھی اس میں یہ کرتی تھی کہ دونوں سورتیں پڑھ لیا کرتی تھی۔ نوٹ: دم صرف پھونکنے کو نہیں کہتے دم یہ ہے کہ پھونک کے ساتھ تھوک بھی کچھ نکل جائے۔ یہ بھی ثابت ہے۔

(تفسیر انوار البیان جلد 5 صفحہ 674 بحوالہ بخاری شریف صفحہ 750 جلد 2)

باب (3) مستند وظائف کما ورد فی الحدیث

(آنکھ کے درد کی دُعا)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کی آنکھ دُکھتی ہو۔ اس کو یہ دُعا پڑھنی چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ.

''الٰہی میری آنکھ سے مجھے نفع پہنچا اور اس کو وارث کر میری طرف سے اور میرے دُشمن میں میرا بدلہ دکھا۔ اور میرے اوپر ظلم کرنے والے پر میری امداد کر۔'' (الحصن الحصین، مع الشرح، الحکم، الطبرانی الصغیر، ابن السنی)

(بچوں کے ہر مرض کا تعویز)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ حضرت حسنؓ وحسینؓ کے لئے یہ استعاذہ (تعویز ودعاء) پڑھتے تھے: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔ (تحفہ عملیات پالنپوریؒ ص 32)

نظرِ بد سے بچنے یا ختم کرنے کا وظیفہ

حضرت جبرائیل امینؑ حضور ﷺ کی خدمت میں تشریف لائے آپ ﷺ غمزدہ تھے جبرائیلؑ نے پوچھا کہ آپ کیوں غمزدہ ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ حسن وحسین کو نظر لگ گئی ہے۔ جبرائیلؑ نے فرمایا کہ نظر واقعی حق ہے، لیکن آپ ﷺ نے یہ کلمات پڑھ کر انہیں اللہ کی پناہ میں کیوں نہیں دیا، آپ ﷺ نے پوچھا کہ وہ کلمات کون سے ہیں؟ جبرائیلؑ نے فرمایا وہ کلمات یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ ذَاالسُّلْطَانِ الْعَظِيْمِ وَ الْمَنِّ الْقَدِيْمِ ذَ الْوَجْهِ الْكَرِيْمِ وَلِيِّ الْكَلِمَاتِ التَّآمَّاتِ

وَالدَّعَواتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْيُنِ الْاِ نْسِ۔

آنحضرت ﷺ نے یہ دعا پڑھی تو اسی وقت دونوں بچے اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ کے سامنے کھیلنے کودنے لگے حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں اپنی جانوں کو اپنی بیویوں کو اور اپنی اولاد کو اس دعائے جبرائیلؑ کیساتھ اللہ کی پناہ میں دیا کرو۔ اس جیسی اور کوئی پناہ نہیں (تفسیر ابن کثیر جلد نمبر 5 صفحہ 416)

غمگین کے کان میں اذان دینا

جوشخص کسی رنج وغم میں مبتلا ہو اس کے کان میں اذان دینے سے اس کا رنج وغم دور ہوتا ہے حضرت علی کرم

اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے غمگین دیکھ رہا ہوں فرمایا: ابن ابی طالب! میں تمہیں دیکھ کر رہا ہوں؟ میں نے کہا جی ہاں آپ ﷺ نے فرمایا :فَمُرْ بَعْضَ اَهْلِكَ يُوَذِّنُ فِيْ اُذُنِكَ فَاِنَّهٗ دَوَاءٌ لِلْهَمِّ. کہ تم اپنے گھر والوں میں سے کسی سے کہو کہ وہ تمہارے کان میں اذان دے کیونکہ یہ غم کا علاج ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ عمل کیا تو میرا غم دور ہوگیا، اسی طرح اس حدیث کے تمام راویوں نے اس کو مجرب پایا۔ (کنز العمال جلد 2 ص 658)

﴿دیوانگی دور کرنے کے لئے﴾

ابن الضریس نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے کہ (انــــه قرأ علٰى رجل مجنون سورة یٰس فبرىء)

کہ اُنہوں نے ایک دیوانے آدمی پر سورۃ یٰسین پڑھی تو وہ تندرست ہوگیا۔ (یعنی سورۃ یٰسین پڑھ کر دم کیا)۔ (تحفہ عملیات پالنپوریؒ ص 30)

(داڑھ کے درد کا دَم)

حضرت ذکوان بن نوح رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک شخص نے آکر رسول اللہ ﷺ سے داڑھ کے درد کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ان پر یہ پڑھ کر دَم کیا:

اُسْكُنِىْ اَيَّتُهَا الرِّيْحُ اَسْكَنْتُكَ بِالَّذِىْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَافِى الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. (کنزل الاعمال 2410 رقم 38380)

﴿سر درد کا علاج﴾

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر قسم کے درد اور بخار کے لئے صحابہ رضی اللہ عنہم کو یہ دُعا پڑھنے کی تعلیم دیتے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ عَرْقِ النَّعَارِ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ. (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی ص 515)

﴿مرض سے شفا کی دُعا﴾

حضرت احمد بن عبداللہ بن داستہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں سخت بیمار ہوا۔ یہاں تک کہ اپنی زندگی سے مکمل مایوس ہوگیا تو (مشہور بزرگ) حضرت سہل بن عبداللہ تستریؒ کے ایک شاگرد میرے پاس آئے اور کہا کہ حضرت سہل تستری اپنی بیماری میں ایک دُعا پڑھتے ہیں، کبھی ایسا نہیں ہوا کہ یہ دُعا کسی نے پڑھی ہو اور اس کو شفا نہ ملی ہو۔ میں نے کہا کہ وہ کونسی دُعا ہے؟ کہا دُعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اشْفِنِىْ بِشَفَائِكَ وَدَاوِنِىْ بِدَوَائِكَ وَعَافِنِىْ مِنْ بَلَائِكَ. تو مسلسل یہ پڑھتا رہا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا دے دی۔ (الفرج بعد الشدۃ للتنوخی جلد 1، ص 55)

(تسہیل ولادت کے لئے دُعا)

حضرت حسن بن احمد بن الصید لانی فرماتے ہیں:

مجھے میری اولاد نے بتایا کہ میں حاملہ تھی تو میں نے اللہ تعالیٰ سے دُعا کی کہ بچے کی پیدائش آسان کرے۔ رات کو خواب میں نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا امّ حبیب! یہ دُعا پڑھو۔

يَا مُسَهِّلَ الشَّدِيْدِ وَيَامُلِيْنَ الْحَدِيْدِ وَيَا مُنْجِزَ الْوَعِيْدِ وَيَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ فِىْ اَمْرٍ جَدِيْدٍ اَخْرِجْنِىْ مِنْ حَلَقِ الْمَضِيْقِ اِلٰى اَوْسَعِ الطَّرِيْقِ بِكَ اَدْفَعُ مَا لَا اُطِيْقُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ. (الفرج بعد الشدة لابن الديناص 85)

(مرض سے شفا کی دُعائیں)

جسم کی حفاظت کی دُعا

ابوداؤد شریف میں حدیث ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اپنی کسی صاحبزادی کو یہ دُعا بتاتی تھی اور فرمایا تھا کہ جو شخص اس دُعا کو صبح وشام پڑھا کرے تو وہ حق تعالیٰ کی پناہ میں رہے گا۔ وہ دُعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا.

اللہ بے عیب اور تعریف کی لائق ہے۔ اللہ کے سوا کسی کی طاقت اور قوت نہیں، اللہ نے جو چاہا وہ ہوگیا اور جو نہیں چاہا وہ نہیں ہوا اور اللہ تعالیٰ اپنے علم سے ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ (ابوداؤد شریف)

﴿نبی کریم ﷺ کی زیارت کا طریقہ﴾

بزرگوں نے لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کو نبی کریم ﷺ کی زیارت کا شوق ہو تو وہ جمعہ کی رات میں دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ آیت الکرسی اور (۱۱) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ"

اگر کوئی شخص چند مرتبہ یہ عمل کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب فرمادیتے ہیں بشرطیکہ شوق اور طلب کامل اور گناہوں سے بھی بچتا ہو۔ (اصلاحی خطبات جلد 6 ص 104)

﴿ایک دُعا جو سات ہزار مرتبہ تسبیح پڑھنے سے بہتر ہے﴾

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ فجر کی نماز کے بعد رسول پاک ﷺ کی مجلس شریف میں علمی مذاکرہ ہوتا تھا۔ آپ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تعلیم فرمایا کرتے تھے مگر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ ابتدا میں جماعت کا سلام پھیر کر گھر تشریف لے جاتے تھے۔ ایک مرتبہ فرمایا! اے معاذ صبح کو ہماری مجلس میں نہیں آتے؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے یہ کہہ کر معذرت فرمادی کہ صبح کو میرا سات ہزار تسبیح پڑھنے کا معمول ہے اگر کہیں بیٹھ جاتا ہوں تو پھر میرا وہ معمول پورا نہیں ہو پاتا۔ فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی دُعا نہ بتلادوں جس کا ایک مرتبہ پڑھ لینا سات ہزار تسبیح سے بہتر ہو۔ عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں۔

ارشاد فرمایا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ رِضَاهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ زِنَةَ عَرْشِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلَاءُ سَمٰوٰتِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلَاءُ اَرْضِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلَاءُ مَا بَيْنَهُمَا
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذَالِكَ مَعَهٗ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذَالِكَ مَعَهٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذَالِكَ مَعَهٗ

اس دُعا کا ایک دفعہ پڑھ لینا ایسا ہے جیسے سات ہزار تسبیح پڑھ لی ہوں۔ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے اپنی صاحب زادیوں کو یہ دُعا یاد کرادی تھی کہ یہ پڑھا کرو میں نے شیخ سے ایک مرتبہ پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ فرمایا ٹھہر جاؤ جب میں اوپر (اپنے کتب خانہ میں) جاؤں تو میرے ساتھ چلنا، گئے تو کنز العمال اُٹھائی اور فرمایا کہ فلاں فلاں صفحہ کھولو۔

﴿باب (4) دورد شریف کے فضائل﴾

اللہ تعالیٰ عزوجل بھی اس عمل میں شریک ہیں۔

اللہ تعالیٰ عزوجل نے قرآن عظیم میں درود بھیجنے کے بارے میں عجیب انداز سے بیان فرمایا، چنانچہ اللہ عزوجل نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

(سورۃ الاحزاب: 56)

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے ملائک نبی پاک ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی نبی کریم ﷺ پر درود اور سلام بھیجو' دیکھئے ابتدا میں یہ نہیں فرمایا کہ تم درود بھیجو' بلکہ یہ فرمایا کہ اللہ اور اس کے ملائک درود بھیجتے ہیں اس سے دو باتوں کی طرف اشارہ فرمادیا: ایک یہ کہ رسول اللہ ﷺ کو تمہارے درود کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ ان پر پہلے ہی سے اللہ تعالیٰ درود بھیج رہے ہیں اور اللہ کے ملائک درود بھیج رہے ہیں ان کو تمہاری درود کی کیا ضرورت ہے؟ لیکن اگر تم اپنی بھلائی اور خیر چاہتے ہو تو تم بھی نبی کریم ﷺ پر درود بھیجو۔ دوسرا اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ یہ درود شریف بھیجنے کا جو عمل ہے، اس عمل کی شان ہی نرالی ہے، اس لئے کہ کوئی عمل بھی ایسا نہیں ہے جس کے کرنے میں اللہ تعالیٰ بھی بندوں کے ساتھ شریک ہوں۔ مفتی محمد شفیعؒ لکھتے ہیں کہ اس آیت سے درود وسلام بھیجنے والے مسلمانوں کی ایک بہت بڑی فضیلت یہ ثابت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس کام میں شریک فرمالیا جو کام حق تعالیٰ خود بھی کرتے ہیں اور اُس کے ملائک بھی۔ (تفسیر معارف القرآن ج 7: صفحہ 221)

...بندہ کس طرح درود بھیجے؟....

البتہ اللہ تعالیٰ عزوجل کے درود بھیجنے کا مطلب اور بندے کے درود بھیجنے کا مطلب اور ہے اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ براہ راست ان پر اپنی رحمتیں نازل فرما رہے ہیں اور بندہ کے درود بھیجنے کا مطلب یہ ہے وہ بندہ اللہ تعالیٰ سے دعا کر رہا ہے کہ یا اللہ، آپ عزوجل محمد ﷺ پر درود بھیجئے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص میرے قبر کے قریب درود بھیجتا ہے میں اس کو خود سنتا ہوں اور جو دور سے مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ کو پہنچا دیا جاتا ہے۔

(وظائف اکبر جلد دوم صفحہ 238)

حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ

حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ میں آپ پر درورد کثرت سے بھیجنا

چاہتا ہوں تو اس کی مقدار اپنے اوقات دعا میں سے کتنی مقرر کرلوں حضوراقدس ﷺ نے فرمایا جتنا تیرا جی چاہے میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ایک چوتھائی حضوراقدس ﷺ نے فرمایا: تجھے اختیار ہے اوراگر پر بڑھادے تو تیرے لئے زیادہ بہتر ہے تو میں نے عرض کیا تو دوتہائی کردوں، حضوراقدس ﷺ نے فرمایا تجھے اختیار ہے اوراگراس سے بڑھادے تو تیرے لئے بہتر ہے میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ پھر میں اپنے سارے وقت کوآپ پر درود کے لئے مقرر کرتا ہوں، حضوراقدس ﷺ نے فرمایا: تو اس صورت میں تیری ساری فکروں کی کفایت کی جائے گی اور تیرے گناہ معاف کردئے جائیں گے۔

درودشریف کی برکت سے آنکھوں کی ٹھنڈک

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضوراقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جوشخص مجھ پر درود بھیجتا ہے تو ایک فرشتہ اس درودکو لے جا کراللہ پاک درگاہ میں پیش کرتا ہے۔ وہاں سے ارشاد عالی ہوتا ہے کہ اس درودکو میرے بندہ کی قبر کے پاس لے جاوں۔ یہ اس کے لئے استغفار کرے گا اوراس کی وجہ سے اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوگی۔

جمعہ کے دن درود شریف پڑھنا

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہیں کہ حضوراقدس ﷺ نے فرمایا کہ میرے اوپر جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجنا کرو اس لئے کہ یہ ایسا مبارک دن ہے کہ ملائکہ اس میں حاضر ہوتے ہے اور جب کوئی شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے تو وہ درود اس کے فارغ ہوتے ہی مجھ پر پیش کیا جاتا ہے میں نے عرض کیا! یارسول اللہ ﷺ آپ کے انتقال کے بعد بھی حضور ﷺ نے ارشادفرمایا ہاں انتقال کے بعد بھی اللہ جل شانہ نے زمین پر یہ بات حرام کردی ہے کہ وہ انبیاء کے بدنوں کوکھائے پس اللہ کا نبی زندہ ہوتا اوراس کورزق دیا جاتا ہے۔(وظائف شفاء)

اَسی 80سال کی گناہ معاف ہونا

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو آدمی جمعہ کے روزعصر کی نماز پڑھ کر اپنی نشت تبدیل کئے بغیر یہ درود شریف اَسی (80) بار پڑھے اللہ تعالیٰ اسے 80 سال مسلسل عبادت کرنے کا ثواب عطاء فرمائیں گے اوراس کے اَسی (80) سال کے گناہ معاف فرمائیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا.

ہر دعا پردے میں ہوتی ہے

سیدنا علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر دعا پردے میں ہوتی ہے جب تک کہ نبی کریم

ﷺ پر دورد نہ بھیجا جائے۔

درود شریف کے پڑھنے والے کیلئے قیامت کے دن شفاعت

سیدنا انسؓ سے روایت ہے۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر جمعہ کے دن اوراس کی رات مجھ پر کثرت سے درود بھیجو۔ جوایسا کرے گا میں روز محشر کواس کیلئے گواہ اور شفاعت کنندہ بنوں گا''۔

صبح و شام درود شریف پڑھنا

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص صبح کے وقت دس (10) مرتبہ اور شام کے وقت دس (10) مرتبہ مجھ پر درود پڑھے گا اسے قیامت کہ دن شفاعت نصیب ہوگی۔(تفسیر مظہری)

درود شریف تمام ضروریات کیلئے کافی ھیں۔

طفیل بن ابی کعب اپنے والدسیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ جب رات کا تہائی حصہ گزر جاتا رسول اللہ ﷺ اٹھ جائے کھڑے ہوتے اور فرماتے اے لوگوں! اللہ عزوجل کو یاد کرو، اے لوگوں! اللہ عزوجل کو یاد کرو (قیامت کا) پہلا نفخہ آچکا، دوسرانفخہ اس کے تابع ہوگا موت اپنی ہولنا کیوں سمیتآ پہنچی۔ موت اپنی سختیوں سمیت آچکی۔

حاجت کیلئے درودشریف

سیدنا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی حاجت درپیش ہوا ہے چاہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے۔ جمعہ کے دن پاک صاف ہوکر مسجد کی طرف جائے راستے میں کم یازیادہ جتنا ہوسکے صدقہ کرلے۔ نماز جمعہ کے بعد یہ دعا پڑھے: ''اے اللہ! میں تیرے اسم مبارک کی برکت سے تجھ سے سوال کرتا ہوں (اوراس کا آغاز) اللہ کے نام سے کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے اس کی سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، وہ ''حیّ'' اور ''قیوُّم'' ہے اسے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند آتی ہے۔

اس کی عظمت نے زمین وآسمان کو بھر دیا ہے۔ سراس کی بارگا میں جھکے رہتے ہیں آوازیں (اس کی ہیبت کے باعث لرزاں رہتی ہیں) اور دل اس کی خشیت کے باعث خوفزدہ رہتے ہیں (اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں) تو سیدنا محمد ﷺ پر درود نازل فرما اور میری فلاں حاجت پوری فرما۔ سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) قوی اُمید ہے کہ یہ دعا انشاء اللہ قبول ہوگی۔ آپ یہ بھی فرماتے تھے کہ بے وقوفوں کو یہ دعا نہ سکھانا کیونکہ وہ اس کے ذریعے گناہ یا قطع رحمی کرنا چاہیں گے''۔

(القول البدیع صفحہ 331،الترعیب)

بیدار ہونے پر درود شریف کا پڑھنا

ابوعبیدہؓ سے روایت ہے کہ سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم نے فرمایا: اللہ عزوجل دو لوگوں سے بہت خوش ہوتا ہے۔ ایک وہ جو دشمن کے مقابلے میں آئے اور وہ اس وقت اپنے سب ساتھیوں کے مقابلے میں آئے اور وہ اس وقت اپنے سب ساتھیوں کے مقابلے میں سب سے عمدہ گھوڑے پر سوار ہو۔ اس کے ساتھی بھاگ جائیں اور یہ ثابت قدم رہے۔ پھر یہ شہید ہو جائے یا زندہ رہے۔ اللہ عزوجل اس سے خوش ہوتا ہے اور دوسرا وہ شخص جو رات کو ایسے وقت اٹھے جب کسی کو اس کے اٹھنے کا پتہ نہ چل سکے۔ پھر اچھی طرح وضو کرے اور اللہ عزوجل کی حمد و ثنا بیان کرے۔ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجے اور قرآن شریف کی تلاوت کرے۔ اس شخص سے بھی اللہ عزوجل بہت خوش ہوتا ہے اور (فرشتوں سے) ارشاد فرماتا ہیں۔ میرے اس بندے کی طرف دیکھو۔ یہ نماز پڑھ رہا ہے حالانکہ اسے میرے علاوہ اور کوئی نہیں دیکھ رہا''۔
(مصنف عبدالرزاق)

تریاق مجرب

اگر کسی کو کوئی تکلیف ہو تو وہ پہلے سات بار سورۃ فاتحہ اور پھر یہ درود شریف پڑھے انشاءاللہ عزوجل کے حکم سے وہ تکلیف ختم ہو جائے گی:

”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اچھے رشتہ کے لئے درود شریف

جو چاہے کہ اسے مَن پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہئے کہ عشاء کے بعد تہجد کہ وقت گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا کریں حق تعالیٰ شانہ اس کی جائز دلی مراد پوری کر دینگے اور اس رشتہ میں باہم الفت و محبت نصیب ہوگی مدت عمل اکیانوے (91) دن ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍوَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارَکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ وَالسَّلَامُ کَمَا عَلِمْتُمْ. (تخرج درود (فضل الصلاۃ علی النبی ﷺ

فقر و تنگ دستی دور کرنے کیلئے درود شریف کا پڑھنا

سیدنا سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور فقر و تنگدستی کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے اس کو تلقین کی۔ جب بھی گھر میں داخل ہو تو کوئی موجود ہو یا نہ ہو السلام علیکم کہو پھر مجھ پر سلام بھیجو پھر ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ لیا کرو۔ سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس شخص نے اس پر عمل کیا تو اللہ عزوجل نے اسے اتنا وافر رزق عطاء کیا کہ وہ اپنے پڑوسیوں اور رشتہ داروں پر بھی خرچ کرنے لگا''۔ (القول البدیع فی الصلاۃ علی الحبیب الشفیع)

دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کیلئے

فائدہ: جس کا دل خواہ مخواہ گھبرانے لگے اور انجانا خوف طاری ہو یا بلڈ پریشر کا مریض ہو تو درود شریف روزانہ بعد نماز مغرب (313) بار پڑھ کر سینہ پر پھونک لے اور آدھا کپ پانی پر دم کر کے پی لیا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا اور اطمانیت قلب نصیب ہوگی۔ امراض قلب میں نہایت مفید اکسیر ہے۔ (وظائف شفا)

﴿دل کی بیماری کے لئے مجرب نسخہ﴾

دل پر ہاتھ رکھ کر ۱۱۱ مرتبہ سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھ کر دم کرے ان شاءاللہ فائدہ ہوگا۔ بہت مرتبہ آزمایا گیا ہے۔ (تحفہ عملیات پالنپوری ص25)

اللہ کی رحمت نے مجھے جنت میں لے گئی

ایک صاحب نے ابوحفصؒ کو ان کے انتقال کے بعد خواب میں دیکھا ان سے پوچھا کہ کیا معاملہ ہوا انہوں نے کہا اللہ نے رحم فرما کر میری مغفرت فرمائی اور مجھے جنت میں داخل فرما دیا کہا وہ کیسے ابوحفصؒ نے کہا کہ میری پیشی ہوا تو ملائکہ کو حکم دیا گیا کہ اس کے گناہ اور درود شریف کو شمار کرو اور جب شمار ہو تو میرا درود شریف گناہوں پر سبقت لے گیا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا فرشتو بس؟ آگے حساب نہ کرو اسے جنت میں لے جاؤ اللہ کی رحمت نے مجھے جنت میں لے گیا۔

درود شریف لکھنے کی برکت

محمد بن سلمان ابی سلیمان یا عمر بن ابی سلیمان سے مروی ہے، پہلے کا ذکر زیادہ ہے فرماتے ہیں میں اپنے والد کو خواب میں دیکھا، میں نے عرض کی، ابا جان اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا، انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا، میں نے پوچھا بخشش کا سبب کیا بنا، فرمایا ہر حدیث کے ساتھ نبی کریم ﷺ پر درود لکھنا میری بخشش کا باعث بنا۔

درود شریف کی برکات (مرنے کے بعد)

ابن رشیقؒ کو وفات کے بعد بڑی اچھی حالت میں دیکھا گیا ان سے پوچھا گیا تمھیں یہ رتبہ ومقام کیسے ملا ہے انہوں نے فرمایا، نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود پڑھنے کی وجہ سے یہ کرم نوازی ہوئی۔

اللّٰہ دس مرتبہ رحمت نازل فرماتا ھے۔

حضرت ابوالحسن شاذلیؒ کو ایک دفعہ سفر میں جنگل کے اندر رات گزارنا پڑا جہاں بکثرت درندے پائے جاتے تھے، انہوں نے محسوس کیا کہ درندے ان پر حملہ آور ہونا چاہتے ہیں، انہوں نے خیال کیا کہ کیوں نہ میں حضور ﷺ پر درود بھیجوں کیوں کہ جو ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتا ہے اللہ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرماتا ہے۔ چنانچہ جب اللہ درود شریف کی بدولت مجھ پر رحمت بھیجے گا تو میں حفظ وآمان میں رات گزاروں گا۔ لہٰذا انہوں نے ایسا ہی کیا اور ساری رات بےخوف وخطر گزاری۔

ہر مشکل سے نجات

حضرت شبلیؒ بیان فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میرا ایک ہمسایہ فوت ہوگیا میں اسے خواب میں دیکھا، اور پوچھا تمہارے ساتھ اللہ نے کیسا معاملہ کیا؟ اس نے جواب دیا خوفناک مناظر میرے سامنے آئے منکر نکیر کے سوالات کا وقت بڑا کٹھن اور دشور گزرا اچانک مجھ سے کہا گیا دنیا میں تیری زبان بیکار رہی ہے اس لئے تجھے مصیبت آئی ہے عذاب کے فرشتوں نے جب مجھے عذاب دینے کا ارادہ کیا تو ایک نوری پیکر جس کے جسم سے خوشبو آرہی تھی حائل ہوگیا میں نے اس نوری پیکر سے پوچھا آپ کون ہیں اس نے جواب دیا میں تیرا وہ درود ہو جو تو دنیا میں اللہ کے حبیب ﷺ پر پڑھا کرتا تھا آپ فکر نہ کر میں قبر، حشر، اور پل صراط میں اور ہر مشکل مقام پر تیرے ساتھ رہوں گا اور تیرا مدد کروں گا۔

درود شریف کی برکت

شفاء السقام میں ہے کہ حضرت فاکہانیؒ اپنی کتاب فجر منیر میں شیخ ابوموسیٰ ضریرؒ سے نقل کر کے لکھتے ہیں کہ ہم ایک جماعت کے ساتھ کشتی میں بیٹھے تھے اچانک باد مخالف جو نہایت تیز اور سخت آندھی کی شکل میں تھی چلی جس نے کشتی کو تہ وبالا کر دیا ملاحوں نے اعلان کر دیا اب بچنے کی صورت مشکل ہے کشتی والوں سے آہ وفغاں کا شور اٹھا مجھے اسی اثنا میں نیند آ گئی، خواب میں مجھے سرور عالم ﷺ کی زیارت کا شرف ملا اور مجھے فرمایا کہ اے ابوموسیٰ! کشتی والوں سے کہیے کہ درود مذکورہ بالا پڑھیں نجات مل جائیں گی، میں نے بیدار ہو کر کشتی والوں سے کہا سب نے پڑھنا شروع کر دیا ابھی تین سو بار ہی پڑھا تھا کہ ہوا ٹھہر گئی اور کشتی بھی سلامت کنارے لگی۔ (فجر منیر)

درود شریف کی برکت سے تکلیف کا ختم ہونا

عبدالرحیم بن عبدالرحمٰنؒ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ غسل خانے میں گرنے کی وجہ سے میرے ہاتھ میں بہت ہی سخت چوٹ لگ گئی اس کی وجہ سے ہاتھ پر ورم ہوگیا میں نے رات بہت بےچینی سے گزاری میرے آنکھ لگ گئی تو میں نے نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت کی میں نے اتنا ہی عرض کیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تیری کثرت درود نے مجھ گھبرا دیا میری آنکھ کھلی تو تکلیف بالکل ختم تھی اور ورم بھی نہ تھا. (القول البدیع)

برکات درود شریف

ابوطلحہؓ سے مروی ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کی بارگا میں حاضر ہوا تو میں نے آپ ﷺ کے چہرہ انور پر ایسی رونق وبشاشت دیکھی کہ اس سے پہلے کبھی نہ دیکھی تھی، میں نے حضور ﷺ سے استفسار کیا تو فرمایا مجھے ایسی مسرت سے کون روک سکتا ہے بےشک ابھی ابھی جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے اور وہ میرے رب عزوجل کی طرف سے خوشخبری لائے کہا کہ اللہ عزوجل نے آپ ﷺ کی طرف مجھے بھیجا کہ میں آپ ﷺ کو بشارت دوں کہ آپ ﷺ کی امت میں سے ہر وہ شخص جو آپ ﷺ پر درود بھیجے اس پر اللہ عزوجل اور اس کے فرشتے دس گناہ معاف کردی اور دس رحمت فرمائیں گے۔ (شفاء)

غلام آزاد کرنے کا ثواب

حضرت ابن وہب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے دس مرتبہ مجھ پر سلام عرض کیا تو گویا اس نے ایک غلام آزاد کیا۔

حضرت ابو العباس خیاط رحمته اللّٰہ علیه

حضرت ابوالعباس خیاط رحمتہ اللہ علیہ جو کہ گوشہ نشین تھے مجلسوں میں نہیں آتے جاتے تھے ایک دن وہ علامہ محمد ابن رشیقؒ کی مجلس میں آئے شیخ ابوالعباسؒ نے فرمایا تم پڑھو اپنا کام کرو میں تو اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ میں نے خواب میں سید دو عالم ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوا ہو مجھے آقائے دو جہان سید انس وجان ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ابن رشیق کی مجلس میں جایا کرو کہ وہ مجھ پر درود شریف کثرت سے پڑھتا ہے۔

درود شریف کی برکت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور اس کے دس گناہ معاف کر کے اس کے دس درجے بلند کریگا ایک روایت ہے کہ اس کیلئے دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ (مستدرک درود شریف کے فضائل وبرکات)

توبہ کے وقت درود شریف پڑھنا

حضرت اسماعیل حقیؒ کے قول کے مطابق بزرگان دین نے یہ بات فرمائی ہے کہ توبہ کرتے وقت عاجزی انتہائی ضروری ہے اور دوسرے نبی کریم ﷺ پر درود شریف پڑھنا ضروری ہے اس لئے کہ نبی کریم ﷺ ہر نبی اور ہر ولی کی شفاعت کرنے والے ہیں اس لئے سیدنا آدم علیہ اسلام نے دربار الٰہی میں توبہ کرتے وقت حضور ﷺ کا وسیلہ پیش کیا۔ (درود شریف کے فضائل و برکات)

اذان کے بعد درود شریف

حضور اکرم ﷺ پر درود وسلام اور دعا کی فضیلت یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہے جب تم مؤذن کی اذان سنو تو اسی طرح کہو جس طرح وہ کہتا ہے پھر مجھ پر درود پاک بھیجو جو شخص مجھ پر ایک بار درود شریف بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اس حدیث کو حضرت امام مسلم رحمتہ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے

درود شریف کے انمول فوائد

1:۔درود شریف اعمال کو پاکیزہ کرتا ہے۔

2:۔درود شریف پڑھنے والے کو کا اللہ عزوجل کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے۔

3:۔درود شریف گناہوں کو مٹاتا ہے۔

4:۔درود شریف پڑھنے والے کے درجات بلند ہوتے ہیں۔

5:۔ درود شریف پڑھنے والے کو اللہ عزوجل کی رحمت حاصل ہوتی ہے اور اس کے احسان و کرم کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔

6:۔درود شریف پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔

7:۔اور اللہ تعالیٰ اس کے لئے بخشش کے دروازے کھول دیتا ہے۔

8:۔اللہ کی طرف سے امن نصیب ہوتا ہے۔

9:۔درود شریف کا ثواب احد پہاڑ کے برابر ہوتا ہے۔

10:۔درود شریف پڑھنے والے کے دنیا کے تمام امور صحیح ہوتے ہے۔

11:۔درود شریف پڑھنے سے غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے۔

12:۔درود شریف پڑھنے والے کی حضور نبی کریم ﷺ میدان حشر میں شفاعت فرمائیں گے اور اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور خوشنودی حاصل ہوگی اور وہ اللہ تعالیٰ کے غضب سے محفوظ رہے گا۔

13۔درود شریف پڑھنے والا غم ،فکر، سے محفوظ رہے گا۔

14:۔ہر قسم کے خوف اور دہشت سے محفوظ رہے گا۔

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمته الله علیه

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس کو مرشد کامل نہ ملتا ہو تو وہ صرف درود شریف کا اہتمام کرلے سلوک اور عرفان کے تمام مراحل طے ہوجائیں گے۔

حضرت شیخ عبدالعزیز تقی الدین رحمته الله علیه

حضرت شیخ عبدالعزیز تقی الدین رحمتہ اللہ علیہ بحوالہ تسہل القاصد نقل فرماتے ہیں کہ ساری نفلی عبادات سے درود ابراہیمی افضل ہے۔

حضرت شاه ولی الله رحمته الله

حضرت شاہ ولی اللہ رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہمارے خاندان کو دینی اور دنیاوی جو سعادت نصیب ہیں وہ درود شریف کی برکت سے حاصل ہوتی تھے۔ (وظائف شفا)

پریشانی سے نجات بذریعه درود شریف

حضرت خواص رحمتہ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس کسی کو کوئی حاجت ہو تو وہ ہزار مرتبہ درود شریف پوری توجہ کے ساتھ نبی کریم ﷺ پر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔ (حجۃ اللہ علی العالمین)

درود شریف کے بارے میں

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے اپنی زندگی میں مجھ پر درود شریف زیادہ پڑھا اس کی موت کے وقت اللہ تعالیٰ سارے مخلوقات کو فرمائے گا کہ اس بندے کیلئے استغفار کرو (یعنی بخشش کی دُعا کروں) (نزہۃ المجالس)

چالیس (40) درود و سلام

جو مفتی عبدالرؤف سکروی حفظ اللہ تعالیٰ علیہ نے ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول، زاد السعید اور فضائل درود شریف سے لئے ہیں: درود ابراہیمی سب سے افضل درود شریف ہے جو ہم پانچوں نماز میں پڑھتے ہیں۔

حضور ﷺ کی شفاعت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍوَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

فائدہ: جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا اس کے لئے حضو ﷺ کی شفاعت واجب ہوگی۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

روزی میں برکت کے لئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ. (زاد السعید)

فائدہ: جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ اُس کا مال بڑھ جائے وہ مذکورہ درود شریف پڑھا کرے۔

حضور ﷺ کی زیارت کے لئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ.

فائدہ: جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا اس کو خواب میں حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

مسجد میں آنے اور جانے پر درود شریف

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

آنحضرت ﷺ جب مسجد جاتے یا مسجد سے نکلتے تو یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ)

پریشانیاں دور ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ الزَّكِیِّ صَلَاةً تُحِلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَ تُفَكُّ بِهَا الْكُرَبُ. یہ درود شریف بار بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ پریشانی دور فرما دیتے ہیں۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

ایمان کی حفاظت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ

فائدہ: جو شخص پچاس (50) مرتبہ دن میں اور پچاس (50) مرتبہ رات میں اس درود شریف کا ورد رکھے تو اس کا ایمان جانے سے محفوظ ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

ثواب میں سب سے زیادہ

صَلَّ اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمْ

فائدہ: یہ درود شریف پڑھنے میں چھوٹا اور ثواب میں سب سے زیادہ ہے جو شخص روزانہ پانچ سو 500 مرتبہ اس کو پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہوگی۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

مغفرت کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

امام اسماعیل بن ابراہیم مزنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا انہوں نے جواب دیا اس درود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بخش دیا اور عزت واحترام سے جنت لے جانے کا حکم دیا۔ (زاد السعید)

حضور ﷺ کے روضہ مبارک کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَكُوْنُ لَكَ رِضاً وَلِحَقِّهٖ اَدَاءً

جو شخص نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد 33-33 بار یہ درود شریف پڑھے گا تو اس شخص کی قبر کے اور روضہ اقدس کے درمیان ایک کھڑکی کی کھول دی جائے گی اور روضہ اقدس کی راحت اس کو نصیب ہوگی۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

قرض کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو (100) مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی

(1):۔ کبھی مقروض نہ ہوگا۔

(2):۔ اگر قرض ہوگا تو وہ ادا ہو جائے گا خواہ جتنا بھی ہوں۔

(3):۔ قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

جنت کا پھل

اَللّٰھُمَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ، عَبْدِكَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

جو شخص روزانہ اس درود شریف کی پابندی کرے وہ جنت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

تمام درودوں کے برابر

اَللّٰھُمّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذِكْرِهٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ

یہ درود شریف پڑھنا حضور اکرم ﷺ پر سارے درود بھیجنے کے برابر ہیں۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول)

دنیاوآخرت کی برکات کاحصول

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَ بِعَدَدِکُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفاً.

فائدہ: دنیاوآخرت کی برکتیں حاصل کرنے کے لئے اپنے وظائف ومعمولات کے ختم پر یہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

درود باعث زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِیِّ و اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

جوشخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس کوخواب میں رسالت مآب ﷺ کی زیارت ہوگی پانچ یاسات جمعہ تک پابندی سے اسکو پڑھیں۔

عرش عظیم کے برابر ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍمِلْ ءَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْ ءَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

فائدہ: اس درود شریف کے پڑھنے والے کوآسمان وزمین بھرکراورعرش عظیم کے برابرثواب ملتاہے۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

ہزار دن تک ثواب ملنا

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَجَزَاہُ عَنَّا ما ھُوَ اَھْلُہٗ

جوشخص یہ درود شریف پڑھے تو ثواب لکھنے والے فرشتے ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھیں گے۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

چاند کی طرح چہرہ ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یُبْقٰی مِنْ صَلٰوتِكَ شَیْ ءُ وبارِكْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدِ حَتّٰی لَا یُبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِكَ شَیْ ءُ و ارْحَمِ النَّبِیَّ حَتّٰی لَا یُبْقٰی مِنْ رَحْمَتِكَ شَیْءُ وَّ سَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یُبْقٰی مِنْ سَلَامِكَ شَیْءٌ .

نبی کریم ﷺ کے ارشادگرامی کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کا چہرہ پل صراط سے گزرتے وقت چاند سے زیادہ چمکدار ہوگا۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

دعا قبول ہونا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَۃِ و الصَّلٰوۃِالْقَائِمَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَارْضَ عَنْہُ رِضًی لَّا

سَخَطَ بَعْدَہٗ :فائدہ جوشخص آذان کے وقت یہ درود شریف پڑھے گا ہ اللہ اس کی دعا قبول فرمائیں گے

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

مغفرت کا ذریعہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَ مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ

فائدہ: جوشخص چھینک آنے پر یہ درود شریف پڑھے گا تو منجانب اللہ ایک پرندہ پیدا ہوگا جوعرش کے نیچے پھر پھڑائے گا اورعرض کرے گا کہ اس درود شریف کے پڑھنے والے کوبخش دیجئے۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

دُشواری دور ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ مُسْتَحِقُّہٗ

فائدہ: جس شخص کوکوئی دشواری لاحق ہواوروہ تنہائی میں باوضو یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کردل سے دعا کرے توانشاءاللہ تعالیٰ دُشواری دور ہوگی۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

قُربِ خاص کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ تُحِبُّ و تَرْضٰی لَہٗ

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے ایک روز ایک شخص کواپنے اور حضرت صدیق اکبرؓ کے درمیان بٹھایا صحابہ رضی اللہ عنہم کواس پرتعجب ہواتو آپ ﷺ نے فرمایا یہ شخص مجھ پر مذکورہ درود شریف پڑھتا ہے۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

دعا قنوت کے بعد درود شریف

وَصَلَّ اللّٰہُ عَلی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍوَّسَلِّمَ

فائدہ: حضرت حسن رضی اللہ عنہ دعا قنوت کے بعد مذکورالفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھا کرتے تھے

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

باب(5) تابعین کا درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اَبِیْنَا اِبْرَاھِیمَ

فائدہ: حضرت سفیان بن عینیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا میں نے ستر 70 سال سے زیادہ حضرات تابعینؒ کو دوران طواف یہ درود شریف پڑھتے ہوئے سنا۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

دس ہزار مرتبہ کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوۃِ اتِکَ

فائدہ: اس درود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے (ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

ایک ہزار دن تک ثواب

صَلَّ اللّٰہُ عَلٰی مُحَمّدٍ وَجَزَاہُ عَنَّا ما ھُوَ اَھْلُہٗ

فائدہ: جو شخص یہ درود شریف پڑھے تو ثواب لکھنے والے فرشتے ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھیں گے۔ (ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

اولاد کو عزت ملنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلُ وَّ بَارِکْ وَّ سَلِّمْ کَذٰلِکَ . **فائدہ:** جو شخص صبح وشام سات سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے گا تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول)

اَسی سال کے گناہ معاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِیِّ

فائدہ: نبی کریم ﷺ کے ارشاد کے مطابق جو شخص اسی (80) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے اَسی (80) سال کے گناہ معاف فرمادیں گے۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

درود باعث زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَاَزْ وَاجِہٖ وَاُمَّھَاتِ الْمُوْئمِنِیْنَ وَذُرِّیَتِہٖ وَاَھْلِ بیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدُ مجِیْدُ.

فائدہ: نبی کریم ﷺ کے ارشاد کے مطابق جو شخص چاہے کہ بڑے پیمانے کے ساتھ اس کو ثواب دیا

جائے تو اس کو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

جنت میں اپنا مقام دیکھنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ و اٰلِہٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ

فائدہ: جو شخص جمعہ کے دن ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو وہ اس وقت تک نہ مرے گا جب تک وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

صدقہ کے قائم مقام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلٰی الْمُئْمِنِیْنَ وَالْمُئْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ:

فائدہ: نبی کریم ﷺ کے ارشاد کے مطابق جس شخص کے پاس صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ ہو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے یہ اس کے لئے زکوٰۃ کے قائم مقام ہے۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

حضور ﷺ کی زیارت کے لئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نصَلِّیَ عَلیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْ ضٰی لَہٗ

فائدہ: جو شخص خواب میں آنحضرت ﷺ کی زیارت کرنا چاہتا ہو تو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے:

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَلَاتَ قَلْبَہٗ مِنْ جَلَا لِکَ وَعَیْنَیْہِ مِنْ جَمَالِکَ فَاَ صْبَحَ فَرِحًا مَسْرُوْرًا مُوءَ یّدًا مَّنْصوْرًا.

فائدہ: شیخ ابوعبداللہ بن نعمان رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں سو مرتبہ رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی آخری مرتبہ میں انہوں نے یعنی حضور ﷺ سے افضل درود شریف دریافت کیا تو آپ ﷺ یہ درود شریف فرمایا۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

حسن خاتمہ کی شہادت

اَللّٰھُم صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

فائدہ: رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کے لئے حضور اقدس ﷺ کی شفاعت واجب ہوگی جس میں اس کے حسن خاتمہ کی شہادت ہے۔

(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

ستر ہزار فرشتوں کا استغفار

جَزَی اللّٰہُ تعالیٰ عَنَّا مُحَمَّدً صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وَّسَلِّم مَا ھُوَ اَھْلُہٗ(معجم کبیر)

فائدہ: جوشخص یہ کہا کرے تو اس کے لئے ستر ہزار(70000)فرشتے ہزار دن تک استغفار کرتے رہیں گے۔ (ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

تمام اوقات میں درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّ لِ کَلاَ مِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْ سَطِ کَلاَ مِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اٰخِرِ کَلاَ مِنَا:

فائدہ: شیخ الاسلام ابوالعباسؒ نے فرمایا جوشخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے وہ گویا دن اور رات کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہے۔(ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول ﷺ)

پریشانی کے وقت درود شریف پڑھنا

قال النبی ﷺ من عسرت علیہ حاجۃ ملیکثر من صلاۃ عَلَیّ فانھا تکشف الھموم الغموم والکروب و تکثر الا رزاق و تقصد البحوائج

(دلائل الخیرات کانپوری)،(بحوالہ فضائل درود شریف)

جوشخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو وہ مجھ پر درود پاک کی کثرت کرے، کیونکہ درود شریف پریشانیوں دکھوں اور مصیبتوں کو لے جاتا ہے،اور رزق بڑھاتا ہے اور حاجتیں پورا ہوتا ہے۔

صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد و علی الہ و اصحابہ وسلم

علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانیؒ کا قول

آپ ﷺ فرماتے تھے کہ درود شریف روزانہ دن رات میں تین سو(300)بار پڑھے اور مصیبتوں اور پریشانیوں کے وقت ایک ہزار(1000)بار پڑھے یہ حل مشکلات کے لئے تریاق مجرب ہے۔

(حجۃ اللہ علی العالمین)

حضرت توکل شاہ رحمۃ اللہ کا ارشاد گرامی

فرمایا کہ بندہ جب عبادات اور یاد خدا میں مشغول ہوتا ہے تو اس پر فتنے اور آزمائش کثرت وارد ہوتی ہیں اور دور درشریف کا بڑا عمدہ خاصہ یہ ہے کہ اس ورد رکھنے والے پر کوئی فتنہ اور اِبتلا نہیں آتا اور حفاظت اپنی الٰہی شامل حال ہو جاتی ہے۔

شیخ المحدثین شاہ عبدالحق محدث دھلوی رحمتہ اللہ علیہ کی دعا

آپ کتاب اخبار الاخیار کے اختتام پر بارالٰہی میں دعا کرتے ہیں یااللہ میرے پاس کوئی ایسا عمل نہیں ہے جو کہ تیرے درگاہ میں بے کس پناہ کے لائق ہوں۔میرے سارے عمل کوتاہیوں اور فساد نیت سے ملوث ہیں سو ایک عمل کے وہ ہے تیرے حبیب ﷺ کی بارگاہ میں نہایت انکساری، عاجزی،اور محتاجی کے ساتھ کھڑے ہو کر درود وسلام کا تحفہ حاضر کرنا۔اے میرے رب کریم وہ کون سا مقام جہاں اس درود وسلام کی مجلس کی نسبت زیادہ خیر و برکت اور رحمت کا نزول ہوگا۔اے میرے پروردگار مجھے سچا یقین ہے کہ یہ درود وسلام والا عمل دربار عالی میں قبول ہوگا اس عمل کے رد ہو جانے یا رائیگان جانے کا ہرگز کوئی راستہ نہیں ہے۔کیونکہ جو اس درود وسلام کے دروازے سے آئے اسے اس کے رد ہونے کا خوف نہیں ہے (اخبارالاخیا ر

عشق کی زبان میں درود شریف کا معنی

ایک اللہ والے نے لکھا ہے کہ قاری شاہ سلیمان صاحب پھلواریؒ کے خاندان میں ایک خاص درود شریف ہے جس کے پڑھنے سے رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوجاتی ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ مجھ پر سخت انقباض طاری ہوا تو میں نے اپنے خاندانی مخصوص درود شریف کا ورد شروع کردیا لیکن میری حالت میں کچھ تبدیلی نہیں ہوئی میں بے حد پریشان تھا کہ حسن اتفاق سے ایک دفعہ مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی کی خدمت میں حاضری کا موقع مل گیا میں اپنا حال بیان کیا آپ نے فرمایا: اچھا پڑھئے درود شریف کا معنی بیان کیجئے۔میں نے درود شریف بھی پڑھا اور معنی بیان کردیا آپ نے فرمایا نہیں ایسے عشق زبان میں معنی بیان کیجئے میں سوچ میں پڑ گیا کہ یااللہ کیا عشق کی زبان میں کوئی اور معنی ہے؟اور آپ میں عشق کی زبان کہاں سے لاؤں؟ابھی میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ حضرت والا نے فرمایا: میاں عشق کی زبان اس کا مطلب ہے پیار کرے اللہ پیارے محمد ﷺ اور ان کی پیاری آل پر؟ جیسے ہی حضرت کی زبان مبارک سے یہ معنی بیان ہوا میری کیفیت بدل گئی اور جتنا سخت انقباض تھا اس سے زیادہ انبساطی کیفیت پیدا ہوگئی (مجالس عشاق)

درود شریف کے فائدے

درود شریف بڑی عبادت ہے،اور برکت ہے،اور بڑی دعا ہے،درود شریف سب سے مؤثر دوا اور علاج ہے۔کچھ عرصہ پہلے واہ کینٹ سے ایک شخص آیا،انہوں نے اپنا مسئلہ بتایا کہ روزگار کے حوالہ سے بہت پریشانی ہے ضروریات زندگی مہیاں نہیں ہے اور دوسرا یہ کہ ان کے گھر میں اکثر نا چاقی رہتی ہے۔بچے آپس میں بلاوجہ لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں،اور جب آپس میں لڑتے ہیں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دو پرانے دشمن ہیں،اور ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہیں جو بچہ بھی گھر میں داخل ہوتا ہے بے سکونی

محسوس کرتا ہے۔ ہر بچہ یہ کہتا ہے کہ گھر سے باہر خوش وخرم ہوتے ہیں مگر جیسے ہی گھر ہی میں داخل ہوتے ہیں تو عجیب قسم کی دہشت وحشت اوراداسی چھا جاتی ہیں، رونے کو دل کرتا ہے۔ تشخیص کے بعد معلوم ہوا کہ کسی جادو کیا ہے۔ خیران صاحب کو بتایا کہ نماز کی پابندی اور استغفار کی کثرت کے ساتھ درود شریف معمول بنالوں کم از کم روزانہ درود شریف 300 مرتبہ پڑھنا ہے۔ خیر بندہ سے ان تین باتوں پر عمل کرنے کا کہہ کر چلے گئے اور پھر ایک سال بعد دوبارہ بندے سے ملاقات کرنے آئے تو بتایا کہ درود شریف کی برکت سے الحمد اللہ بہت سے سکون ملا ہے کہ جب سے درود شریف پڑھنے کا معمول بنایا تو درود شریف کہ برکت سے میرے بیٹھے بٹھائے سارے کام ہوجاتے ہیں اور میری صحت ٹھیک ہے، اور کہنے کہ درود شریف کی برکت سے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضری بھی ہوگئی ہے۔

درود شریف کے فضائل

درود شریف کے فضائل بے شمار ہیں اوراس کے فوائد کا احاطہ بہت دشوار ہے۔ ماضی کے خوش نصیب لوگوں نے درود شریف کے ذریعے کیا کچھ پایا اس کی بہت مزیدار اورطویل داستان ہے جن لوگوں نے درود شریف کواپنا معمول بنایا ہے کیسی خوبصورت اور پاکیزہ ہے ان کی زندگی اور کیسا نور چمکتا ہے ان کے چہروں پر جس نے درود شریف اخلاص اورمحبت اورآداب کے ساتھ پڑھا ہے اتنااونچا مقام اس نے پالیا ہے۔ خود اپنی زندگی میں درود شریف کی کثرت کرنے والوں کو بہت سکون والی زندگی گزارتے دیکھا ہے تو بھائیوں درود شریف کی فضائل و برکات تو بہت زیادہ ہے: درود شریف کے فضائل میں یہ بھی لکھا ہے کہ جو آدمی ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کا معمول بنالے وہ شخص زندگی میں کبھی بھی پریشان نہیں ہوگا۔ اگر کبھی پریشانی آئے گی بھی تو اللہ تعالیٰ درود شریف کی برکت سے اس کو جلد ہی ختم کردینگے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ہمیشہ اسکی مراد کے موافق اورٹھیک رہے گی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو درود شریف پڑھنے والا بنادے۔ آمین

درود شریف کی برکت سے سکرات الموت، نزع کی کڑواہت اورموت کی کراہٹ دور ہوکر موت آسان ہوجاتی ہے۔ درود شریف موت کی تلخیوں کے لئے تریاق ہے۔

درود پاک کے مواقع

یہ وہ مقامات ہیں جن میں درود پاک کا پڑھنا ثابت ہے اوردرود پاک کا پڑھنا فضیلت وثواب اور دینی و دُنیاوی برکات وفوائد کا باعث ہے، ان مقامات میں سے کسی بھی مقام پر درود شریف کا پڑھ لینا خواہ مختصر یا طویل ہو کافی ہے اور باعث فضیلت ہے۔

1:۔وضو سے فارغ ہونے کے بعد

2:۔تیمّم کے بعد

3:۔غسل سے فراغت پر خواہ غسل جنابت ہو یا غسل حیض ونفاس ہو۔

4:۔نماز کے اندر (قعدہ اخیرہ میں)

5:۔وصیت نامہ لکھتے وقت۔

6:۔خطبۂ نکاح کے وقت

7:۔دن کے اوّل یعنی صبح کے وقت۔

8:۔اوردن کے آخر وقت یعنی شام کے وقت۔

9:۔سونے کے وقت۔

10:۔سفر کرتے وقت۔

11:۔سواری پر سوار ہوتے وقت۔

12:۔گھر سے نکلتے وقت۔

13:۔دعوت طعام کے وقت (دسترخوان پر جب کھانا کھانے کیلئے بیٹھے)

14:۔گھر میں داخل ہوتے وقت۔

15:۔خط اوررسائل شروع کرتے وقت۔

16:۔بسم اللہ کے بعد۔

17:۔رنج وغم اور پریشانی ومصیبت کے وقت۔

18:۔فقروفاقہ اورتنگی معیشت کے موقع پر

19:۔کسی حاجت وضرورت کے موقع پر۔

20:۔ڈوبنے کے وقت۔

21:۔طاعون، ہیضہ وبائی امراض کے وقت۔

:۔دُعا کے شروع میں، بیچ میں اوراخر میں۔

23:۔کان بجنے کے وقت۔

24:۔ہاتھ پاؤں سُن ہونے کے وقت۔

25:۔چھینک آنے کے وقت۔

26:۔کسی چیز کورکھ کر بھول جانے کے وقت۔

27:۔مُولی کھانے کے وقت۔

28:۔گناہ سے توبہ کرنے وقت۔

29:۔نماز حاجت کے وقت دعا میں۔

30:۔تشہد کے بعد۔

31:۔نماز سے فارغ ہونے کے بعد۔

32:۔اقامت نماز کے وقت۔

33:۔صبح کی نماز کے بعد۔

34:۔مغرب کی نماز سے فارغ ہونے پر۔

35:۔دعائے قنوت کے بعد (کبھی کبھی)۔

36:۔نماز تہجد کے لئے اُٹھتے وقت۔

37:۔نماز سے فارغ ہونے کے بعد۔

38:۔مسجد میں داخل ہونے کے بعد۔

39:۔مسجد سے نکلتے وقت۔

40:۔مسجد کے پاس سے گزرتے وقت۔

41:۔آذان سے فارغ ہونے کے وقت۔

42:۔شب جمعہ کے دن۔

43:۔مسجد کو دیکھتے وقت۔

44:۔جمعہ کے دن کثرت سے۔

45:۔جمعہ کے دن عصر کے بعد۔

46:۔پیر کے دن۔

47:۔جمعہ وعیدین کے خطبوں میں (امام کیلئے)

48:۔عید کے تکبیرات کے درمیان۔ 49:۔نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد۔
50:۔میت کو قبر میں داخل کرتے وقت۔ 51:۔استغفار کی نماز میں۔
52:۔کسوف اور خوف کے خطبوں میں۔ 53۔کعبہ مبارک دیکھتے وقت۔
54:۔حج کے موقع میں۔ 55:۔صفا اور مروہ پر۔
56:۔حجر اسود کے استلام کے وقت۔ 57:۔ملتزم کے پاس
عرفہ کے دن ظہر کے وقت۔ 59:۔مسجد خیض میں۔
60:۔تلبیہ سے فارغ ہونے کے بعد۔ 61:۔مدینہ منورہ نظر آتے وقت۔
62:۔قبر اطہر کی زیارت کرتے وقت
63:۔مدینہ منور میں قبر اطہر کی زیارت سے رخصت ہوتے وقت۔
64:۔مدینہ منور کے منار مبارک دیکھنے کے وقت۔
65:۔بدر میں۔ 66:۔اُحد وغیرہ میں۔
67:۔تمام احوال ہر وقت۔ 68:۔کسی تہمت لگنے سے بری ہونے کے لئے۔
69:۔اَحباب سے ملاقات اور ملنے کے وقت۔
70:۔مجمع میں جانے کے وقت 71:۔مجمع سے علیحدہ اور واپس ہونے کے وقت۔
72:۔ختم القرآن الکریم کے وقت (دعا کے موقع پر) حفظ قرآن کریم کی دُعا میں
73:۔مجلس سے اٹھنے کے وقت۔ 74:۔ہر ذکر اللہ کے موقع پر۔
75) ہر کلام کے آغاز میں۔ (76) آپ ﷺ کے ذکر کے تذکرہ مبارک کے وقت۔
77:۔علم کی نشر واشاعت کے وقت۔ 78:۔وعظ کے وقت۔
79:۔حدیث پاک کے پڑھنے کے وقت۔ 80:۔فتویٰ لکھتے وقت۔
81:۔نبی کریم ﷺ کا نام مبارک لکھتے وقت۔

(رسالہ علم وعمل اکتوبر 2020 صفحہ 17 بحوالہ ان (مذکورہ) مواقع کو شمس الدین ابن قیم جوزیہ رحمتہ اللہ'' علیہ جلاء الافہام'' میں اور شمس الدین سخاوی رحمتہ اللہ علیہ نے'' القول ابدیع فی الصلوۃ الحبیب الشفیع'' میں نہایت ہی تفصیل کے ساتھ احادیث وآثار سے ثابت کرتے ہوئے بیان کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں کثرت سے دورد شریف پڑھتے رہنے کی توفیق عطاء فرمائیں...آمین ثم آمین

﴿باب (6) خاص خاص نمازیں﴾

(ماخوذ از خاص خاص وظیفہ اور دعائیں از حضرت مولانا محمد ادریس انصاری رحمتہ اللہ علیہ)

﴿نماز تہجد﴾

سیدنا بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رات کو اُٹھ کر نماز پڑھنے کو تم اپنے اوپر لازم کرلو کیونکہ رات میں عبادت میں کرنا اور نماز پڑھنا تم سے پہلے نیک بندوں انبیاء، اولیاء، کا طریقہ ودستور رہا ہے، اس کے علاوہ اس وقت کی نماز وعبادت میں یہ فائدے بھی ہیں جو کوئی رات میں جاگ کر اللہ تعالی کی عبادت کرے گا اسکی یہ عبادت میں اسے اللہ تعالی کے مقربین میں شامل کرے گا اور اس کو قرب الٰہی حاصل ہوگا، اور یہ ایسی مبارک خصلت ہے جو گناہوں سے روکنے والی اور بدن سے بیماریوں کو دور کرنے والی ہے اور جس جگہ پر یہ عبادت کی جائے گی وہ مقام بلاؤں اور بیماریوں سے محفوظ رہیگی۔(ترمذی شریف)

﴿فرمان الٰہی: میں بادشاہ ہو﴾

کوئی ہے وہ جو اپنی ضرورت وحاجت روائی کے لئے مجھے پکار دے۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر رات کو جب اس کی پہلی تہائی گزر جاتی ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی رحمتوں اور اپنے انوار وبرکات اور دعاؤں کی قبولیت اور گناہوں کی معافی کے ساتھ آسمان دنیا پر اتر آتا ہے۔ یعنی خدا تعالی کی یہ صفات بندوں کے قریب آجاتی ہے، پس اللہ تبارک وتعالی فرماتا ہے میں بادشاہ ہوں کوئی ہے وہ جو اپنی ضرورت وحاجت روائی کیلئے مجھے پکار دے اور میں اس کی بات سنوں اور اس کی حاجات پوری کروں، کون ہے وہ جو مجھ سے اپنے گناہوں کی معافی جاہے اور میں اس کے گناہوں کو بخشوں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالی کا یہ سلسلہ داد وہش کا رات بھر جاری رہتا یہاں تک کہ صبح صادق کی روشنی نمودار ہوجائے۔

﴿رات میں اٹھ کر پڑھنے کی دعائیں﴾

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہے کہ آپ ﷺ جب رات کو بیدار ہوتے تو پہلے.

﴿اَللّٰـهُ اَكْبَرُ﴾ دس مرتبہ. ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰـهِ﴾ دس مرتبہ. ﴿سُبْحَانَ اللهِ﴾ دس مرتبہ ﴿اَسْتَغْفِرُ اللهَ دس مرتبہ پڑھ کر یہ دُعاء پڑھتے، ﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ﴾

اے اللہ میری مغفرت فرما اور مجھے سیدھی راہ پر چلا اور مجھے روزی عطا فرما اور مجھے دین ودنیا کی سلامتی عطا فرما۔

اور پھر قیامت کے دن خدا تعالیٰ کے سامنے پیش ہونے کی تنگی سے پناہ مانگتے مثلاً:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضَیْقِ الْمَقَامِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ﴾

﴿صلوٰة التسبیح﴾

حضرت ابووھب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ میں نے صلوٰۃ التسبیح نماز کی ترتیب کے متعلق حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے دریافت کیا، کہ حضرت یہ نماز کس طرح پڑھی جائے؟ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے فرمایا: اس ترتیب سے پڑھی جائے:

اوّل اللہ اکبر کہ کر نیت باندھے۔ پھر سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ تا وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ تک پڑھے،

پھر سُبْحَانَ اللهِ والْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَر 15 بار پڑھے۔ پھر۔ پھر اَعُوْذُ بِاللهِ اور بِسْمِ اللهِ، سورة فاتحه اورکوئی سورۃ پڑھے،

پھر سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَر 10 مرتبہ پڑھو۔

پھر رکوع سے کھڑے ہوکر سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَر 10 مرتبہ پڑھو۔

پھر سجدہ میں جا کر سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَر 10 مرتبہ پڑھو۔

پھر سجدہ سے سر اٹھا کر اور بیٹھ کر سُبْحَانَ اللهِ والْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَر 10 مرتبہ پڑھو۔

پھر دوسرا سجدہ کرو اور سجدہ میں سُبْحَانَ اللهِ والْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَر 10 مرتبہ، سجدہ سے سر اٹھا کر دوسری رکعت کیلئے کھڑے ہو جائے۔ اس طرح ہر رکعت میں پچھتر، 75، دفعہ ہوگئی اس طرح چار رکعت ادا کرے۔ اگر یہ نماز رات میں پڑھے تو بہتر ہے اور اگر دن میں پڑھے تو اختیار ہے کہ دو رکعت پڑھ کر سلام پھیر دے یا پوری چار رکعت پڑھ کر سلام پھیر دے۔ امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ نماز تسبیح میں اگر: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ وَلا حَوْلَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم. بھی پڑھی جائے تو بہتر ہے۔ کیونکہ بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن زوال کے بعد فوراً اس نماز کو پڑھا کرتے تھے۔

﴿نماز تواب﴾

حدیث: سیدنا علی کرام وجہہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ ﷺ نے فرمایا۔ کوئی آدمی کوئی بھی گناہ کرے پھر اٹھ کر اچھی طرح وضو کرے اور نماز پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کر دے گا۔

ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں.. ہائے گناہ ہائے گناہ کرتا ہوا حاضر ہوا آپ ﷺ نے فرمایا تو یہ کلمات پڑھ:

اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ

یا اللہ تیری بخشش میرے گناہ سے زیادہ وسیع ہے اور میں اپنے گناہ کے مقابلے میں تیری رحمت کا زیادہ امیدوار ہوں۔

اس شخص نے یہ کلمات کہے تو آپ ﷺ نے فرمایا پھر کہہ، اس نے پھر کہے تو آپ ﷺ نے فرمایا جا کھڑا ہو جا، اللہ نے تجھ کو بخش دیا۔ (اس کو حاکم نے نقل کیا۔)

﴿نماز اشراق﴾

جب سورج صاف اور روشن ہو جائے اس وقت کی نماز کو نماز اشراق کہتے ہیں۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے صبح کی نماز باجماعت پڑھی اور نماز پڑھ کر بیٹھ گیا، اور اللہ تعالیٰ کی یاد کرتا رہا، یہاں تک کہ سورج طلوع ہو گیا۔ پھر دو رکعت نماز پڑھی اس کے لئے ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب ہے۔

﴿نماز چاشت﴾

سورج نکل کر کچھ بلند ہو جائے اور اس کی روشنی میں اچھی طرح صفائی آ جائے یہ چاشت کا وقت کہلائے گا۔

حدیث: سیدنا ابودرداء اور ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سیدنا رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں اور سیدنا رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اے آدم کے بیٹے۔ تو دن کے اوّل حصہ میں میری خوشی کے واسطے چار رکعت پڑھ لے تو دن کے آخری حصہ میں تیری کفایت کروں گا۔ یعنی دن کے اوّل حصہ میں تو اپنے دل کو میری عبادت کے لئے فارغ کر دے، میں دن کے آخری حصہ میں تیری سب حاجتیں پوری کر کے تیرے دل کو فراغت بخشوں گا۔

حدیث: سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا: میرے خلیل ﷺ نے مجھے وصیت کی کہ تین کام مرتے دم تک نہ چھوڑو (1) ہر مہینے میں تین روزے رکھتے رہنا۔ (2) چاشت کی نماز پڑھتے رہنا (3) اور بغیر وتر پڑھے سویا نہ کر۔

﴿نماز بعد زوال﴾

سورج ڈھل جانے کے بعد اس نماز کا وقت شروع ہوتا ہے۔

حدیث: سیدنا عبداللہ بن السائب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ظہر سے قبل سورج ڈھلنے کے بعد رسول

اللہ ﷺ چار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ یہ ایسی گھڑی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں، اور میں چاہتا ہوں کہ اس وقت دنیا سے میرا نیک عمل آسمانوں میں داخل ہو۔

﴿نماز قبل العصر﴾

عصر کے فرضوں سے پہلے یہ نماز پڑھی جاتی ہے۔

حدیث: سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس پر اللہ کی رحمت ہوگی جس نے عصر کی نماز سے پہلے چار رکعت نماز پڑھ لی یا یہ نبی کریم ﷺ کی دعا اور معنی یہ ہو کہ اللہ کی رحمت ہو اس پر جو عصر سے پہلے چار رکعت پڑھے۔

﴿نوافل بعد از مغرب﴾

نماز مغرب کے بعد جو نوافل پڑھی جاتی ہیں عام طور پر اس انہیں اوّابین کہا جاتا ہے۔

حدیث: سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی مرد، یا عورت مغرب کی نماز پڑھ کر چھ(6) رکعت اس طرح ادا کرے کہ ان کے کے درمیان کوئی بات نہ کرے تو ان چھ رکعتوں کے عوض میں اس کو اتنا ثواب ملے گا جیسا کہ اس نے بارہ (12) سال کی عبادت کی ہو۔

حدیث: محمد بن عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم سے روایت ہے وہ مغرب کی نماز کے بعد چھ(6) رکعت پڑھتے تھے اور کہتے تھے میں نے اپنے حبیب رسول اللہ ﷺ کو مغرب کے بعد چھ(6) رکعت پڑھے گا اسکے گناہ بخشے جائیں گے خواہ وہ سمندر کے جھاگوں کے برابر ہوں۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس کسی نے مغرب کی نماز کے بعد (20) رکعت پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک محل بنائیں گے۔

باب (7) عمل مختصر ثواب زیادہ

حضرت ام ہانیؓ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ تشریف لائے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں بوڑھی ہوگئی ہو اور ضعیف ہوں ۔ کوئی ایسا عمل بتادیجئے کہ بیٹھے بیٹھے کرتی رہا کروں، حضور ﷺ نے فرمایا:

سُبْحَانَ اللّٰہِ

سو(100) مرتبہ پڑھا کرو، اس کا ثواب ایسا ہے گویا تم نے سو(100) غلاموں کو آزاد کئے اور:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

سو(100) مرتبہ پڑھا کرو۔ اس کا ثواب ایسا ہے گویا تم نے سو(100) گھوڑے مع سامان لگام وغیرہ جہاد میں سواری کیلئے دیدئے، اور...

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

سو(100) مرتبہ پڑھا کرو، اس کا ثواب تو تمام آسمان زمین کے درمیان کو بھر دیتا ہے اس سے بڑھ کر کسی کا کوئی عمل نہیں جو مقبول ہو

ثواب میں سب سے زیادہ

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت سلمیٰ رضی اللہ عنہا نے بھی نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی وظیفہ مختصر سا بتادیجئے زیادہ لمبا نہ ہو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا (اللّٰہ اَکْبَرُ دس 10 مرتبہ) پڑھا کرو اللہ جل شانہ اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ یہ میرے لئے ہے پھر (سُبْحَانَ اللّٰہِ دس 10 مرتبہ) کہا کرو اللہ تعالیٰ پھر یہی فرماتے ہیں کہ یہ میرے لئے ہے۔ پھر (اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی دس 10 مرتبہ) پڑھا کرو اللہ تعالیٰ پھر یہی فرماتے ہیں کہ ہاں میں نے مغفرت کردی۔

حیاۃ الصحابہ جلد سوم میں ہے حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا۔ میں تمہیں پانچ ہزار بکریاں دے دوں یا ایسے پانچ کلمات سکھا دوں جن سے تمہارا دین اور دنیا دونوں ٹھیک ہو جائیں، میں نے عرض کیا یا رسول ﷺ! پانچ ہزار بکریاں تو تو بہت زیادہ ہیں لیکن آپ مجھے وہ کلمات ہی سکھا دیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ کہو:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَ وَسِّعْ لِیْ خُلُقِیْ وَ طَیِّبْ لِیْ کَسْبِیْ وَقَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَلَا تُذْهِبْ قَلْبِیْ اِلٰی شَیْءٍ صَرَّفْتَہٗ عَنِّیْ

چند سیکنڈوں میں لاکھوں گناہ معاف

رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: جس نے ایک دن میں سومرتبہ کہا: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ اس کے گناہ مٹادئے جائیں گے اگر چہ سمندر کی جاگ کے برابر ہوں۔

(محاسن اسلام جنوری 2021 بحوالہ رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ)

چند سکینڈوں میں اربوں نیکیاں

جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا کہ جوشخص روزانہ کم ازکم ایک مرتبہ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ پڑھے گا اس کودنیا کے تمام مسلمانوں میں سے ہرایک کی جانب سے ایک ایک نیکی ملے گی (محاسن اسلام جنوری 2021 بحوالہ معجم کبیر طبرانی)

فائدہ: ہرنماز کے بعد مذکورہ دعا پڑھ لیں تو چند سیکنڈوں میں اربوں نیکیاں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

مغفرت کا پروانہ

حضور ﷺ نے ارشادفرمایا کہ جو بندہ کسی جانی یا مالی مصیبت میں مبتلا ہواور وہ کسی سے اس کا اظہار نہ کرے اور نہ شکوہ شکایت تو اللہ تعالیٰ کا ذمہ ہے کہ وہ اس کو بخش دیں گے۔

(محاسن اسلام 2021 جنوری بحوالہ معجم الاوسط للطبرانی)

ہر غم سے نجات کا بہترین نسخہ

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (توبہ:129)

ابوداؤدشریف میں ہے کہ جواس آیت کوسات مرتبہ صبح اورسات مرتبہ شام پڑھ لیا کرے، اللہ تعالیٰ اس کے دنیا اور آخرت کے ہرغم کے لئے کافی ہوجائیگا۔ (تفسیر روح المعانی)

پندرہ سیکنڈ میں تمام گناہ (صغیرہ) معاف

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

مشکوٰۃ کی حدیث شریف میں ہے کہ جوشخص بستر پر لیٹے ہوئے اس دُعا کوتین مرتبہ پڑھے گا... اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرمادینگے... اگر چہ سمندر کی جھاگ کے برابر... یا ریت کے ذرّات کے برابر یا درختوں کے برابر یادرختوں کے پتوں کے برابر... یا دُنیا کے دنوں کی تعداد کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

(محاسن اسلام فروری 2021)

چند سیکنڈوں میں مکمل قرآن کا ثواب

تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے پرایک تہائی قرآن شریف پڑھنے کا ثواب... حدیث شریف میں آیا ہے...

صرف 10 سیکنڈ میں ایک مرتبہ پڑھی جاسکتی ہے اور اگر 9 دفعہ پڑھ لیا جائے تو مکمل قرآن کریم کا ثواب حاصل کیا جاسکتا ہے۔ (محاسن اسلام فروری 2021)

(ایک منٹ میں میزان عمل بھاری)

بخاری شریف کی حدیث شریف میں ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں جو رحمٰن کو بہت پیارے ہیں زبان پر بہت ہلکے ہیں اوراعمال تولنے والے ترازو میں بہت بھاری ہیں اوروہ یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ:

آدمی چلتے پھرتے ان کلمات کا ورد کرتا رہے جب روزمحشر اعمال کا وزن کیا جائے گا تو یہ کلمات نیکیوں کے پلڑے کووزنی کردیں گے۔ یہ دو کلمے صرف ایک منٹ میں 50 مرتبہ پڑھے جاسکتے ہیں۔

(محاسن اسلام فروری 2021)

ایک منٹ میں یومیہ گناہ معاف

حدیث شریف میں ہے کہ جوشخص بستر پرآتے وقت یہ کلمات پڑھے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمادیتے ہیں... اگر چہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔ (محاسن اسلام فروری 2021 بحوالہ عمل الیوم واللیلہ)

وقت کی قدر کیجئے

یادرکھیں! زندگی کا ایک ایک لمحہ قیمتی ہے اسے ضائع نہ کریں اوراللہ تعالیٰ کی رضا کے کاموں میں خرچ کریں۔

ایک منٹ کی قیمت

ایک منٹ میں ہم کتنی مرتبہ سبحان اللہ کہہ سکتے ہیں جبکہ ایک مرتبہ کہنے پر حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ یہ کلمہ کہنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے... گھڑی پرنظر رکھیں اور ہر ہر منٹ کو قیمت بنانے کی فکر کریں۔ معمولی معمولی اعمال جن پر نہ رقم خرچ ہوتی ہے نہ مشقت اور نہ زیادہ وقت لیکن احساس کی دولت کو پیدا کرلیا جائے تو آدمی اس چندروزہ زندگی کو اللہ تعالیٰ کے قرب ورضا اور ولایت کا ذریعہ بنا سکتا ہے۔

(محاسن اسلام فروری 2021)

﴿باب (8) اولاد کی حفاظت اور بیماریوں کے وظائف﴾

اَلرَّقِیْبُ (بڑا نگہبان)

جو شخص اپنے اہل وعیال و مال ومنال پر سات مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر روزانہ دم کیا کرے اور یَارَقِیْبُ کا ورد رکھے انشاءاللہ وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر حمل کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو عورت اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر سات بار اس اسم مبارک کو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا۔ اگر سفر میں کسی بال بچے کی طرف سے فکر ہو تو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر اس اسم مبارک کو سات مرتبہ پڑھے انشاءاللہ وہ بچہ سفر میں محفوظ رہے گا۔ جو کوئی پھوڑے و پھنسی پر تین بار یہ اسم مبارک پڑھ کر پھونک دے انشاءاللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔ جو کوئی اپنا مال و اسباب (گاڑی وغیرہ) کہیں چھوڑتے وقت اس اسم کو پڑھ لے انشاءاللہ چوری سے حفاظت رہے گا۔ مجرب ہے۔ (جامع الوظائف)

زندہ نہ رہنے والے بچے کیلئے پہلا وظیفہ

اگر بچہ زندہ نہ رہتا ہو، تو نیلے سوت کے اکتالیس (41) تار بچہ کی ماں کے قد کے برابر لیکر اس پر اکتالیس مرتبہ سورۃ مزّمل (پارہ:29) پڑھیں اور ہر مرتبہ گرہ دیتے جائیں، جب اکتالیس گرہ پوری ہو جائیں، تو عورت کی کمر میں باندھ دیں اور جب بچہ پیدا ہو جائے، تو اس دھاگہ کو موم جامہ (پلاسٹک کور) میں سی کر بچے کے گلے میں باندھ دیں۔

اس طرح گیارہ سال تک مسلسل دھاگوں پر سورۃ مزمل پڑھ کر بچے کے گلے میں باندھتے رہیں، جب بچہ "اگر اللہ نے چاہا گیارہ سال کا ہو جائے، تو ان سب دھاگوں کو کسی پاک جگہ دفن کر دیں، انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچہ زندہ رہے گا۔ از گنجینہ اسرار: صفحہ 72 کمالات عزیزی: صفحہ 145)

پیٹ میں خشک ہونے والے بچہ کیلئے وظیفہ

اگر کسی عورت کے پیٹ میں بچہ خشک ہو جائے، تو مندرجہ ذیل تعویز پانی میں گھول کر پلائیں، انشاءاللہ تعالیٰ بچہ زندہ اور تندرست پیدا ہوگا۔ وہ تعویز یہ ہے: **بِسْمِ اللّٰہ الرحمن الرحیم علے علے علے علے علے علے له له له له له له مه مه مه مه مه مه میسر میسر میسر میسر میسر میسر میسر.**

(مجرب عملیات وتعویزات: صفحہ:165۔ مستند مجموعہ وظائف (قاسمی) صفحہ:323)

مردہ بچہ کو عورت کے پیٹ سے نکالنے کا وظیفہ

جس عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہو، تو مندرجہ ذیل تعویز لکھ کر اور دھو کر پلایا جائے اللہ تعالیٰ کے فضل

سے بچہ جلد باہر نکل آئے گا۔ وہ تعویز یہ ہے:

ح ح ح غ ع دد ك ر د ط ا ه ٢ كه ا كه ك و و

(مستند مجموعہ وظائف (قاسمی) صفحہ:323)

بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ

درج ذیل آیت کو تعویز بنا کر بچوں کے گلے میں ڈالنے سے بچے تمام امراضِ بچکانہ سے محفوظ رہتے ہیں:

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ مَامِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌم بِنَا صِیَتِھَااِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ () فَاِنْ تَوَلَّوا فَقَدْ اَبْلَغْتُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِہٖٓ اِلَیْکُمْ ط وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْ مًا غَیْرَکُم وَلَا تَضُرُّوْنَہ' شَیْاًءَ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ (سورۃ ہود، آیت:56-57)

آفات سے بچے کی حفاظت کیلئے وظیفہ

سورۃ جاثیہ (پارہ:25) بچے کی پیدائش کے وقت اس کو لکھ کر باندھنے سے تمام آفات وموذی جانوروں سے بچہ محفوظ رہے گا۔ (از اعمال قرآنی صفحہ:97)

بچوں کی نشوونما کیلئے وظیفہ

اَلَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَہ' وَبَدَاَخَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ() ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَہ' مِنْ سُلٰلَۃٍ مِنْ مَّآءٍ مَّھِیْنٍ() ثُمَّ سَوّٰہُ وَنَفَخَ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِہٖ وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَۃَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ()

جب بچہ پیدا ہوئے سترہ دن گزر جائیں، تو مذکورہ بالا آیات شیشہ کے برتن میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر دو حصہ کر لیں ایک حصہ اس بچے کے کھانے کی چیز میں ملائیں اور ایک حصہ بوتل میں رکھ کر چھوڑ دیں اور سات (7) روز تک اس بچہ کو پلائیں اور اس کے منہ کو ملیں، انشاءاللہ تعالیٰ خوب نشوونما ہوگی۔ (سورۃ السجدہ: 7،8،9، از اعمال قرآنی: 94،95)

بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ

اگر پیدائش کے وقت سورۃ جاثیہ (پارہ:25) لکھ کر موم جامہ (پلاسٹک کور) کر کے بچے کے گلے میں پہنائی جائے، تو آسیب وغیرہ سے محفوظ رہتی ہے۔ (از گنجینہ اسرار:71)

اولاد کے فرمانبردار ہونے کا پہلا وظیفہ

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھا کرے اور ذُرِّیَّتِیْ کی جگہ اپنے بچے کا نام ذہن میں رکھے وہ آیت یہ ہے: **وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ** (

سورۃ الاحقاف،آیت:15)

اولاد کے فرمانبردار ہونے کادوسرا وظیفہ

اگرکسی نافرمان اولادکی پیشانی پکڑکرایک ہزار(1000)مرتبہ ''اَشَّھِیۡدُ،، پڑھاجائے،توانشاءاللہ وہ فرمانبردارہو جائے گی۔ نیز 21یا 31مرتبہ پڑھنا بھی مجرب ہے (از اعمال قرآنی: صفحہ 143۔تحفہ صندلیہ :صفحہ 82)

نہ بولنے والے بچے کیلئے پہلا وظیفہ

سورۃ (اسراء پارہ:15)اگرزعفران سےلکھ کرپانی سے دھوکراس بچےکوپلائیں،جس کی زبان نہ چلتی ہو،توزبان چلنے لگے گی۔(ازاعمال قرآنی:صفحہ 83۔گنجینہ اسرار:151)

نہ چل سکنے والے بچے کیلئے وظیفہ

اسم حق تعالیٰ''اَلْمَتِیْنُ ہرن کی جھلی پرلکھیں اورخوشبوکا بخور(یعنی خوشبوکی دھونی)دےکراس اپاہج بچے کے گلے میں ڈالیں،تواس سے اس کوقوتِ رفتارحاصل ہوجائے گی۔(ازمجربات دیربی:ص327)

بستر پر پیشاب کرنے والے بچے کیلئے وظیفہ

اگرکسی بچےکا پیشاب بستر پرنکل جاتا ہو،توسات مرتبہ درجہ ذیل آیت لکھ کرپانی میں گھول کرپانی پلایا جائے،انشاءاللہ تعالیٰ شفاہوگی وہ آیت یہ ہے۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَ يٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وقُضِيَ الْاَمْرُ.

(سورۃ ہود،آیت44۔ازگنجینہ اسرار136،137)

بچے کے رونے کوکم کرنے کا پہلا وظیفہ

درل ذیل آیت کولکھ کربچے کے گلے میں ڈال دیں،رونا کم ہوجائے گا:

وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا() يَوْمَئِذٍيَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لاَعِوَجَ لَهٗ وخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا()

(سورۃ الکہف،آیت:25سورۃ طہٰ،ایت108۔ازمستندمجموعہ وظائف(قاسمی)صفحہ:347)

بچے کے رونے کو کم کرنے کا دوسرا وظیفہ

سورۃ الفلق اورسورۃ النّاس تین بارپڑھ کربچوں پردم کریں،یاتعویذ بناکران کی گردن میں لٹکادیں۔

(ازتحفہ صندلیہ:صفحہ 66)

(رونے،ڈرنے اور نظر بد سے حفاظت کا وظیفہ)

سورۃ ابراھیم(پارہ:13)سفیدریشم کےٹکڑے پرباوضولکھ کربچےکوباندھ دیں،تورونااورڈرنااورنظربد دفع ہوجائے اوردودھ چھڑاناآسان ہوجائے گا۔(ازاعمال قرآنی صفحہ:80)

ڈرنے والے بچے کے لئے وظیفہ

سورۃ مدثر (پارہ:29) کی درج ذیل سات آیات خواب میں ڈرنے ،اور نیند اچاٹ ہوجانے کوختم کرنے کیلئے ایک کاغذ پرزغفران سےلکھ کرتعویذ بناکربچے کے گلے میں ڈال دیں،انشاءاللہ مرض دورہو جائے گا۔یہ نہایت مجرب ہےوہ آیات یہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ() قُمْ فَاَنْذِرْ()وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ () وَالرُّ جْزَ فَاهْجُرْ() وَلَاتَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ

وَلِرَ بِّكَ فَاصْبِرْ() (سورۃ المدثر،آیت1،7:ازطب روحانی صفحہ:175)

کمزور بچے کی صحت کیلئے پہلا وظیفہ

دن میں تین مرتبہ باوضو ہوکرگیار(11)مربہ سورۃ التین (پارہ:30) پڑھیں اور پانی پردم کرکے پلائیں،گیارہ دن تک اس عمل کو بلاناغہ کریں،انشاءاللہ تعالیٰ سوکھا پن جاتارہے گا۔(ازمستندمجموعہ وظائف(قاسمی):صفحہ 350)

ماں کا دودھ نہ پینے والے بچے کیلئے وظیفہ

مندرجہ ذیل آیت کورے برتن میں لکھ کراس میں پانی ڈالیں اوروہ پانی اس بچہ کوپلائیں،انشاءاللہ تعالیٰ ماں کادودھ پیناشروع کردے گا،وہ آیت یہ ہے: سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّايَصِفُوْنَ()

(سورۃ الصّٰفّٰت،ایت:18ازمستندمجموعہ وظائف(قاسمی):326)

بچے کا دودھ چھڑانے کیلئے پہلا وظیفہ

جوسورۃ البروج(پارہ30)لکھ کراس بچے کے گلے میں باندھ دیں توبچہ دودھ آسانی کےساتھ چھوڑدےگا۔

(ازاعمال قرآنی102،کمالات عزیزی صفحہ 150)

بچے کا دودھ چھڑانے کیلئے دوسرا وظیفہ

جوبچہ آسانی کےدودھ نہ چھوڑتاہو،تواسے چندروزتک درجہ ذیل دعالکھ کرپلائی جائے،توآسانی کے ساتھ دودھ چھوڑدےگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْمَتِيْنِ الَّذِيْ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِقُوَّةِ الْمَتِيْنِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَم

الرَّا حِمِيۡنَ.

(ازکمالات عزیزی:صفحہ 150)

آسانی کے ساتھ بچے کے دانت نکلنے کا پہلا وظیفہ

سورۃ ق (پارہ:26) ایک کاغذ پر لکھیں، پھر اسے دھو کر اس کا پانی بچے کے دانتوں کی جگہ پر ملیں، انشاء اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ بغیر تکلیف کے دانت نکل آئیں گے۔ (ازکمالات عزیزی:صفحہ 150)

آسانی کے ساتھ بچے کے دانت نکلنے کا دوسرا وظیفہ

سورۃ ق پارہ 26 کے شروع سے ''الخروج''، تک (گیارھویں آیت تک) لکھیں اور اسے دھو کر بچے کو پلائیں، تو اس سے بھی آسانی کے ساتھ دانت نکل آئیں گے۔

بچوں کے جلدی امراض کیلئے وظیفہ

اِعۡصَارٌ فِيۡهِ نَارٌ فَاحۡتَرَقَتۡ۔

1:۔طاق عدد میں پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

2:۔یا پینے کے 41 تعویز بنا کر پلائیں (ہر دن ایک تعویز)

3:۔پانی پر دم کریں، پھر مریض کو کسی بڑے برتن میں کھڑا کر کے اس پر یہ پانی ڈالیں، پھر استعمال شدہ پانی کسی پاک جگہ پھینک دیں۔ (ازتحفہ صندلیہ:صفحہ 40)

نظر بد سے بچنے یا ختم کرنے کا پہلا وظیفہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَحِجۡرُ يَابِسٍ وَّ شِهَابُ قَابِسٌ رُدَّتۡ عَيۡنُ الۡعَائِنِ عَلَيۡهِ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيۡهِ (فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ حَلۡ تَرٰى مِنۡ فُطُوۡرٍ) ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ كَرَّ تَيۡنِ يَنۡقَلِبۡ اِلَيۡكَ الۡبَصَرُ خَاسِئًاوَّهُوَ حَسِيۡرٌ

مندرجہ ذیل بالا الفاظ و آیت لکھ کر تعویز بنا کر مریض کو دیں یا پانی پر دم کر کے مریض کو پانی پلائیں اور اس پر چھڑکیں یا پانی پر دم کر کے اس پانی سے مریض کو غسل کرائیں پھر استعمال شدہ پانی کسی پاک جگہ پر بہا دیں۔ (ازتحفہ صندلیہ صفحہ 24،25)

بچے کو تمام آفات سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ

بچے کی پیدائش کے وقت سورۃ جاثیہ (پارہ 25) لکھ کر اس بچے کو باندھ دیں، اس سے بچہ تمام آفات اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا (ازاعمال قرآنی:97)

مال و اولاد کی حفاظت کا پہلا وظیفہ

سورۃ فاتحہ کی خاصیت کے بارے میں حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے منقول ہے کہ جمعہ کے روز جب امام سلام پھیرے، اس وقت الحمد شریف، اور قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ، قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ سات بار پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے دین اور دنیا اور اہل و عیال اور اولاد کو ہر بلا سے اس جمعہ سے آئندہ جمع تک محفوظ رکھیں گے۔ (ازاعمال قرآنی صفحہ 31:)

مال و اولاد کی حفاظت کا دوسرا وظیفہ

اَلرَّقِيۡبُ کا ذکر کثرت سے کرنے سے مال و عیال محفوظ رہتے ہیں۔ سفر میں جاتے وقت اپنے اہل و اولاد میں سے جس پر کوئی خطرہ یا فکر ہو، اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات بار یہ اسم الٰہی پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ وہ مامون رہے گا اور اگر سات بار یا ستر بار اپنی بیوی یا فرزند یا مال پر پڑھ کر دم کریں، تو جنات اور تمام دشمنوں اور تمام آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہیں گے اور ان کا رعب بھی پڑھ جائے گا۔ (ازتحفہ سعادت:صفحہ 75)

مال و اولاد کی حفاظت کا تیسرا وظیفہ

جو کوئی ایک سانس میں سات مرتبہ اپنے لڑکے پر (،اَلۡبَرُّ پڑھ کر اسے اللہ کے سپرد کر دے گا، وہ بچہ انشاء اللہ بلوغ تک تمام آفات سے محفوظ رہے گا اور جو اپنے بچے کے سر کے درمیان ہاتھ رکھ کر پندرہ 15 بار'' اَلۡبَرُّ'' پڑھ کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بِبَرِّ كَهٰذَا لِاِسۡمِ رَبِّهٖ لَا يَتِيۡمًا وَّ لَا لَئِيۡمًا. تو انشاء اللہ یہ دعا قبول ہوگی بچہ نہ یتیم ہوگا ورنہ کمینہ۔ (ازتحفہ سعادت:116)

نافرمان اولاد اور بیوی کیلئے وظیفہ

جس کی اولاد، یا بیوی نافرمان ہو، وہ اکیس دن تک بعد نماز عشاء 505 مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دعا کرے تو اولاد یا بیوی فرمانبردار ہو جائیں گے:

رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا.

(سورۃ الفرقان، آیت 74: ازاعمال قرآنی صفحہ:14)

نافرمان کو فرمانبردار کرنے کا وظیفہ

جو شخص ذیل کی آیت ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے گا، اس کی اولاد انشاء اللہ کبھی نافرمان نہ ہوگی، اور ہمیشہ نیک، صالح اور فرمانبردار رہے گی:

وَاَصۡلِحۡ لِيۡ فِيۡ ذُرِّيَّتِيۡ اِنِّيۡ تُبۡتُ اِلَيۡكَ وَاِنِّيۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ.

(سورۃ الاحقاف: آیت 15۔ازمستند وظائف (قاسمی):347)

اولاد کی عزت کیلئے بہترین درود شریف

اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور نمازِ مغرب 71 مرتبہ اور دیگر نمازوں کے بعد سات بار درود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو انشاءاللہ العزیز اس کو اور اس کی اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام حاصل رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ صَلاَۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ کَذٰلِکَ.

ترجمہ: اے اللہ! رحمت نازل فرما جہانوں کے سردار اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ پر، آپ کی آل پر، ایسی رحمت جو تیرے شایان شان ہو اور اسی طرح برکت اور سلام نازل فرما۔(درود شریف سے آپ کی پریشانیوں کا حل صفحہ:57،58)

مال یا بیٹا گم ہونے کا وظیفہ

جس شخص کا مال یا بیٹا گم ہو گیا ہو، اگر وہ پانچ ہزار بار ''اَلْخَالِقُ'' کا ورد کرے، تو وہ گمشدہ واپس آ جائے گا۔ (از تحفہ سعادت:34)

(مال اور گاڑی کہ حفاظت کا وظیفہ)

جو کوئی اپنا مال واسباب، گاڑی وغیرہ کہیں چھوڑتے وقت ''اَلرَّقِیْبُ'' پڑھ لے، تو انشاءاللہ چوری سے حفاظت رہے گی، یہ عمل مجرب ہے۔(از تحفہ سعادت صفحہ:75)

(باب(9)(نرینہ اولاد کے وظائف)

نرینہ اولاد کیلئے پہلا وظیفہ

جب حمل اڑھائی ماہ کے قریب ہو اور دن کامل نہ گزرے ہوں، تو صبح کی نماز کے بعد باوضو حالت میں پہلے درود شریف پڑھیں اور پھر سورۃ فاتحہ اور پھر سورۃ بقرہ (اَلٓمّٓ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَارَیْبَ فِیْہِ) تک پڑھیں اور پھر نئے مٹی کے آبخورہ میں پانی لیکر اس پر دم کر کے حاملہ عورت کو پلا دیں، سات دن تک یہ عمل کریں انشاءاللہ لڑکا پیدا ہو گا، مجرب عمل ہے۔

(فلاح دارین، مستند مجموعہ وظائف (قاسمی) صفحہ:321)

دوسرا وظیفہ: جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو اس کے پیٹ پر گول لکیر کھینچیں اور ستر بار انگلی پھیرنے کے ساتھ ''یَامَتِیْنُ'' کہیں (از عمل قرآنی: صفحہ 135۔گنجینہ اسرار:71)

تیسرا وظیفہ: جو کوئی ایک ہزار بار ''اَلْخَالِقُ'' پڑھا کرے، اسے اولاد نرینہ عطاء ہو گی۔(تحفہ سعادت :صفحہ 34)

تعویز: سورۃ یوسف (پارہ:12) اس طرح لکھیں کوئی حرف مٹا نہ ہو، اس کو تعویز بنا کر عورت گلے میں ڈل دیں انشاءاللہ لڑکا ہی پیدا ہو گا۔(عملیات کشمیری:52۔مستند وظائف (قاسمی) :322)

باب(10)جسمانی بیماریوں کے مجرب وظائف

ہر ذہنی رکاوٹ اور حافظہ قوی کرنی کا مجرب عمل

اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف...200 مرتبہ یَاقَوِیُّ یَاعَلِیْمُ ...تین مرتبہ سورۃ الم نشرح ۔۔۔تین مرتبہ یہ دُعا پڑھیں:

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ() وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ() یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ

تین مرتبہ'' سُبْحَانَكَ لَاعِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ'' تین مرتبہ... حَسْبُنَااللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ اس کے بعد سینہ پر دم کریں۔ ہوسکے تو پانی پر دم کر کے پی لیں حفظ والے بچوں اور کند ذہن بچوں کیلئے بھی دم بے حد مفید ہے۔(ازمولانا مفتی عبدالروٗف سکھروی مدظلہ)

شوگر کیلئے قرآنی عمل

روزانہ نماز فجر کے بعد تین مرتبہ سورۃ الرحمٰن پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پی لیں۔انشاءاللہ شوگر کنٹرول رہے گا۔الحمداللہ مجرب عمل ہے،بہت لوگوں کوفائدہ ہوا ہے۔(روحانی وظائف)

درد کیلئے مسنون عمل

مولانا مفتی عبدالروٗف سکھروی مدظلہ نے جامع ترمذی شریف کے حوالہ سے یہ دُعا نقل کی ہے کہ درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ بسم اللہ، بسم اللہ، بسم اللہ کہے اور سات مرتبہ یہ دُعا پڑھے:

﴿اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ﴾

حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ فرماتے ہیں میری عمر82 سال ہے۔40 سال سے اس دُعا کا معمول ہے۔آج تک موذی بیماریوں سے محفوظ ہوں اگر درد نہ بھی ہو تو صبح وشام یا پھر ہر نماز کے بعد مذکورہ طریقے سے پڑھتے رہنے کی عادت بنائیں۔(محاسن اسلام اکتوبر2020 بحوالہ جامع ترمذی)

مرض سے شفاکا وظیفہ

نیز فجر کی نماز کے بعد بسم اللہ کے ساتھ ملا کر گیارہ 11 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

ہر قسم کے درد کا پہلا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ه

مندرجہ ذیل آیت تین مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کریں اور کسی تیل پر دم کر کے درد کی جگہ مالش کریں

کیسا ہی درد ہو انشاءاللہ تعالی شفا ہوگی(سورۃ بنی اسرائیل آیت 105 آسان روحانی علاج صفحہ 8 تحفہ صندلیہ:38 اعمال قرآنی صفحہ 11)

داغ دھبوں کا علاج

اگر بدن یا چہرے پر کوئی داغ دھبہ ہو، تو دوا یا مرہم پر مندرجہ ذیل آیت اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر وہ دوا یا مرہم استعمال کریں، انشاءاللہ ہر طرح کا داغ دھبہ دور ہوجائے گا: مُسَلَّمَةٌ لَّا شِیَةَ فِیْهَا (سورۃ البقرہ، آیت:71۔ازمستند مجموعہ وظائف (قاسمی):صفحہ 295۔علاج قرآنی صفحہ:104)

کثرت احتلام ختم کرنے کا پہلا وظیفہ

بستر پر جاتے وقت سورۃ طارق(پارہ:30)پڑھ لی جائے، تو کبھی بھی کثرتِ احتلام کا مرض نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہوگا تو بالکل ختم ہو جائے گا، بہت مجرب عمل ہے (از مستند مجموعہ وظائف (قاسمی):صفحہ 312،313)

کثرت احتلام ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ

کثرت احتلام کا مریض سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے''عمر'' لکھے اور رات کو جب بھی آنکھ کھلے، اسی طرح''عمر'' لکھے انشاءاللہ ہرگز احتلام نہیں ہوگا۔(از آئینہ عملیات:صفحہ 191۔ازمستند مجموعہ وظائف(قاسمی):صفحہ 313)

کثرت خواہش کم کرنے کا پہلا وظیفہ

سورۃ النور(پارہ:18) آبِ زم زم سے لکھ کر پی جائے تو شہوت کا زور کم ہوجائے گا۔ (از اعمال قرآنی صفحہ:19۔ازمستند مجموعہ وظائف(قاسمی):صفحہ 314)

کثرت خواہش کم کرنے کا دوسرا وظیفہ

اگر کسی کو شہوت ستائے اور گناہ کا احتمال ہو، تو اللہ کے وہ اسماء جن میں''ی'' آتی ہے، ان کو کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے گھول کر پلائیں، صبح سات 7 دن تک پہلے پلیٹ میں پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں پھر یہ نام تو انشاءاللہ سکون ہوجائے گا۔''ی'' والے نام مثلاً قَدِیْرٌ۔ خَبِیْرٌ۔ بَصِیْرٌ۔ عَلِیْمٌ۔ حَکِیْمٌ۔ عَزِیْزٌ۔ کَرِیْمٌ۔ حَلِیْمٌ۔ جَلِیْلٌ۔ رَحِیْمٌ۔ (از اعمال قرآنی:صفحہ 102۔ازمستند مجموعہ وظائف (قاسمی):314)

جریان ختم کرنے کا پہلا وظیفہ

جریان کے مریض کو سورۃ الحجرت(پارہ:26) تین بار پانی پر دم کر کے اکتالیس(41)روز تک پلایا جائے

،انشاءاللہ تعالیٰ شفاہوجائے گی۔(ازعملیات کشمیری:صفحہ 100۔ازمستندمجموعہ وظائف(قاسمی)صفحہ:312)

جریان ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ

بعدنمازِعصراوّل وآخرسات مرتبہ درودشریف اورسو(100)مرتبہ یہ آیت پڑھنا جریان کے لئے بہت مفیدہے۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

(سورۃ التحریم،آیت:8۔عملیات کشمیری:105۔ازمستندمجموعہ وظائف(قاسمی):صفحہ 312)

حیض کی کمی اور درد ختم کرنے کا پہلا وظیفہ

جس عورت کوحیض کے آنے میں درد ہوتا ہوتو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلام لکھیں اور شہد یا مصری کے شربت میں ملا کرتین روزتک اس کومتواتر پلایا جائے،انشاءاللہ فوراً آرام آجائے گا۔

یَا اَللّٰہُ، یَا رَحْمٰنُ، یَارَحِیْمُ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، یَانُوْرُ، حَمّ اَللّٰہُ ، حَمّ اَللّٰہُ ، حَمّ اَللّٰہُ ، حَمّ اَللّٰہُ .

حَمّ اَللّٰہُ ، حَمّ اَللّٰہُ ، حَمّ اَللّٰہُ ،یَانُوْرُ ، یَا بَصِیْرُ ،اَللّٰہُ یَالَطِیْفُ، یَاشَافِیْ اَللّٰہُ، یَا شَافِیْ اَللّٰہُ کَافِیْ، یَانُوْرُ۔ (مجرب عملیات وتعویزات:177۔ازمستندمجموعہ وظائف صفحہ(قاسمی):315)

حیض کا درد ختم کرنے کا وظیفہ

جوعورت حالتِ حیض میں کثرت کے ساتھ'' اَلْمُتَعَالِیْ '' کاذکرکرے۔انشاءاللہ اس کی تکلیف دورہو جائے گی۔ (ازتحفہ سعادت:صفحہ 115)

کثرت حیض کم کرنے کا وظیفہ

حیض کاخون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۃ دہر(پارہ:29)پانی پردم کرکے پلایا جائے ،انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ خون آنا بند ہو جائے گا۔(ازعمال کشمیری :صفحہ 111ازمستند مجموعہ وظائف (قاسمی)صفحہ:315)

دودھ کی کمی ختم کرنے وظیفہ

جس عورت کا دودھ کم ہو،یادودھ خشک ہوگیاہو،تواوّل وآخرتین تین مرتبہ دورد شریف پڑھ کرسات مرتبہ مندرجہ ذیل آیت کریم پڑھ کر لاہوری نمک پر دم کرے اور اپنے کھانے پینے کی اشیاء میں استعمال کرے،انشاءاللہ تعالیٰ دودھ بڑھ جائے گا مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ.

(سورۃالبقرہ،آیت 261عملیات کشمیری:صفحہ 129۔مستندمجموعہ وظائف(قاسمی)صفحہ:317)

بانچھ پن ختم کرنے کا وظیفہ

جس عورت کی اولاد پیدانہ ہوتی ہواسے چاہئے کہ متواترتین ماہ تک مندرجہ ذیل آیت(کاغذ پر لکھے اور اسے)گھول کر پیا کرے۔ایام حیض میں چھوڑدے،جب پاک ہوجائے توشروع کردے وہ آیت یہ ہے۔اِنَّ اللّٰہَ لَایَخْفٰی عَلَیْہِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ (۵) ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (سورۃ ال عمران آیت5،6ازمجربات و عملیات صفحہ 178)

بچہ دانی کی جھلی نکالنے کیلئے وظیفہ

اگر بچے کی پیدائش کے بعدوہ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے،نہ نکلے،توایک کپڑے کی پٹی پردرجہ ذیل کلمات لکھ کرعورت کی پیٹھ پر باندھیں:

دَخَلَ جِبْرَئِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَاِسْرَافِیْلُ اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُوْسٰی وَعِیْسٰی وَمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمْزِلِیْ اَیُّھَا الْمَشِیْمَۃُ (ازمجربات دیربی صفحہ:251۔مستندمجموعہ وظائف(قاسمی)صفحہ:324)

مرض کمیٹرا کو ختم کرنے کا وظیفہ

اس مرض میں مبتلا بچوں کے ہاتھ پاؤں میں تشنج واقع ہوجاتا ہے،آنکھوں کے ڈھیلے اوپرکوکھنچ جاتے ہیں ،مرض کا جب زیادہ غلبہ ہوجائے توبچوں پر بے ہوشی بھی طاری ہوجاتی ہے،ایسی صورت میں درجہ ذیل وظیفہ کیا جائے۔:

''فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس(41)مرتبہ پوری سورۃ فاتحہ،بسم اللہ کیساتھ پڑھ کرمٹھائی یاپانی پردم کرکے مسان کے مریض کوکھلایا پلایا جائے توانشاءاللہ تعالیٰ مرض ختم ہوجائے گا۔''(ازعملیات کشمیری:ص111)

نامردی دور کرنے کا وظیفہ

درج ذیل آیت مبارکہ گیارہ(11)مرتبہ پڑھ کرپانی پردم کریں اوروہ پانی مریض کوپلائیں یامریض خود پڑھ کردم کرے اور پیئے،رغبت پیدا کرنے کیلئے اس آیت کاتعویز ناف پر باندھنا بھی بہت مفید ہے۔

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَہٗ دَکَّآءَ وَکَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا() وَتَرَکْنَا بَعْضَھُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ وَّ نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰھُمْ جَمْعًا. (سورۃ کہف،آیت،98،99۔ازتحفہ صندلیہ صفحہ:ص31)

عورت کا دودھ بڑھانے کا پہلا وظیفہ

اگر عورت کے پستان میں دودھ نہ پیدا ہوتا ہو، تو ایک سو ایک (101) مرتبہ درجہ ذیل آیت بارش کے پانی پر دم کر کے پلایا جائے، خوب دودھ پیدا ہو جائے گا۔

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ. (سورۃ ہود آیت 42)

عورت کا دودھ بڑھانے کا دوسرا وظیفہ

سورۃ یٰسین (پارہ:22) لکھ کر پلانے سے عورت کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔(از تحفہ صندلیہ صفحہ:51)

عورت کا دودھ بڑھانے کا تیسرا وظیفہ

اگر کسی عورت کا دودھ کم ہو، تو سورۃ الحجر (پارہ:13) زعفران سے لکھ کر پانی میں گھولیں اور اس عورت کو پلائیں اس کا دودھ بڑھ جائے گا۔(از اعمال قرآنی صفحہ:97)

شہوت نفسانی پر غالب ہونے کا وظیفہ

"اَلْمَلِكُ الْعَزِيْزُ"، کا کثرت کیساتھ ورد کرنے سے شہوانی خواہشات مغلوب رہتی ہیں (از اعمال قرآنی: صفحہ 65)

احتلام سے حفاظت کا پہلا وظیفہ

سورۃ النور (پارہ:18) لکھ کر پاس رکھنے سے احتلام سے محفوظ رہتا ہے اور اگر اس کو آبِ زمزم سے لکھ کر پیوے، تو شہوت جماع منقطع ہو جائے گا۔(از اعمال قرآنی: صفحہ 91)

احتلام سے حفاظت کا دوسرا وظیفہ

سورۃ المعارج (پارہ 29) سوتے وقت پڑھنے سے جنابت اور پریشان خوابی سے حفاظت رہتی ہے۔
(از اعمال قرآنی صفحہ:101)

جماع و ہمبستری پر قادر ہونے کیلئے وظیفہ

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے ذکر کیا گیا کہ فلاح شخص نے نکاح کیا، مگر عورت پر قادر نہیں ہوا۔ آپ نے دو انڈے ابلے ہوئے منگوائے اور چھلکا اتار کر ایک پر یہ آیت لکھی: وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ

اور مرد کو کھانے کیلئے دے دیا اور دوسرے پر یہ آیت لکھی: وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ وہ عورت کو کھانے کیلئے دے دیا اور کہا آپ مطلب حاصل کرو، چنانچہ کامیاب ہوا۔

(سورۃ الذاریات، آیت 47،48: از اعمال قرآنی: 116،117)

دفع استرخاء عضو تناسل کا مجرب وظیفہ

جس شخص کو یہ مرض ہو، وہ تین روزے رکھے، پھر نصف شب کے وقت اٹھ کر درجہ ذیل آیت اپنی داہنی ہتھیلی پر تانبے کے قلم سے گلاب و زعفران سے لکھ کر چاٹ لے، تین دفعہ اسی طرح کرے، انشاء اللہ تعالیٰ شکایت رفع ہو جائے گا۔

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ .

(سورۃ انعام، آیت:36 از اعمال قرآنی:117)

مرض سے شفا کا پہلا وظیفہ

يَاسَلَامُ 131 مرتبہ پڑھنا بھی ہر مرض سے شفاء کیلئے مجرب عمل ہے۔(آسان روحانی علاج صفحہ:8)

آنکھ دکھنے کی دعا

آنکھ دکھنے پر یہ دعا (تین مرتبہ) پڑھے:

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَ كَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (سورہ ق، آیت:22)

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ وَاَرِنِيْ فِي الْعَدُوِّ ثَارِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ۔ (آسان روحانی علاج: ص10)

پیٹ کے درد کیلئے وظیفہ

جس شخص کے پیٹ میں درد ہو، اسے درج ذیل آیت تین مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں، انشاء اللہ العزیز شفاء ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ.

(سورۃ الصّٰفّٰت آیت:47 آسان روحانی علاج:10)

دستوں اور پیٹ کے دیگر امراض کیلئے وظیفہ

سورۃ قدر (پارہ:30) یعنی (اِنَّا اَنْزَلْنَا) بسم اللہ کے ساتھ 14 دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے نہار منہ پییں، انشاء اللہ پیٹ کے امراض سے نجات نصیب ہوگی۔(آسان روحانی علاج صفحہ 10،11)

ناف ٹل جانے کا وظیفہ

اگر ناف ٹل جائے تو باوضو ہو کر یہ آیت کاغذ پر لکھ کر ناف پر باندھ دیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا .

(سورۃ فاطر، آیت:41۔ آسان روحانی علاج:14،15 اعمال قرآنی صفحہ:15)

جگر یا تلی کے بڑھ جانے کا وظیفہ

اگر جگر یا تلی بڑھ جائے، تو یہ آیت کلمات ایک سادہ کاغذ پر لکھ کر تلی کے مقام پر باندھ لیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ ۔

(سورۃ البقرہ، آیت: 178۔ آسان روحانی علاج صفحہ: 15 تحفہ صندلیہ: 35)

دل کے درد سے حفاظت کا وظیفہ

دل کے درد کو ختم کرنے کیلئے تین دفعہ درود شریف پڑھیں، پھر دل پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ دعا پڑھیں۔

یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ قَلْبِیْ

اور داہنی ہتھلی پر دم کر کے دل پر پھیر لیں، پھر داہنے ہاتھ کی انگلی دل پر رکھ کر سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں:

فَاسْتَقِمْ کَمَا اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَکَ ۔

اور سات مرتبہ (یَاقَوِیُّ) پڑھ کر داہنی ہتھیلی پر دم کر کے دل پر پھیر لیں، ہر نماز کے بعد یہ عمل کریں۔

(آسان روحانی علاج صفحہ: 16)

بخار سے نجات کا وظیفہ

مذکور نشانی آیات سات مرتبہ پڑھ کر دائیں کان میں اور سات مرتبہ بائیں کان میں دم کریں انشا اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔ سورۃ المؤمنون قُل اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیلاً آیت نمبر 114 تا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ آیت نمبر 118 تک یہ سورۃ المؤمنون کی آخری پانچ آیت مبارک ہیں۔

ہر بیماری سے حفاظت کا وظیفہ

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

192 مرتبہ روزانہ پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ بیماریوں سے حفاظت رہے گی، او بچوں پر دم کریں، تو وہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہیں گے، اور اگر کوئی بیمار پڑے گا تو اس کو اللہ تعالیٰ (خواہ کیسا ہی مرض ہو شفا دے گا (آسان روحانی علاج صفحہ نمبر 18)

سر درد کیلئے پہلا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ() بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ()

وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَّعَارٍوَّمِنْ حَرِّالنَّارِ ۔

اس دعا کو پڑھ کر دم کریں یا باوضو ہو کر کاغذ پر لکھ کر اپنے سر پر باندھ لیں۔ (آسان روحانی علاج صفحہ: 11)

سر درد کیلئے دوسرا وظیفہ

جو شخص چاہے کہ اس کے سر میں کبھی درد نہ ہو، تو نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے سر پر پھیر لیا کرے: وہ آیت یہ ہے۔

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَ مَافِی الْاَرْضِ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔

(سورۃ التغابن، آیت: 1۔ آسان روحانی علاج: صفحہ نمبر 11، 12)

جوڑوں اور گھٹنوں درد کا وظیفہ

ہر نماز کے بعد (یَامَالِکُ یَا قُدُّوْ سُ) 11 مرتبہ اور (یَاحَیُّ) 17 مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ درد ٹھیک ہو جائے گا۔ (آسان روحانی علاج صفحہ: 26)

یرقان سے بچنے کا پہلا وظیفہ

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَ مَافِی الْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۔

101 مرتبہ اور (اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ 192 مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو کثرت سے یہی پانی پلائیں بہت مجرب ہے۔ (سورۃ الصّٰفّٰت، آیت 1 آسان روحانی: علاج: 27)

کان کے درد کا وظیفہ

اگر کسی کے کان میں درد ہو، تو (یَـا سَـمِیْـعُ) تین مرتبہ پڑھ کر روئی پر دم کر کے کان میں رکھ لے، آرام آجائے گا۔

(آسان روحانی علاج صفحہ: 29)

پھوڑے پھنسی کا علاج نبوی

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ہے کہ نبی ﷺ سے جب کوئی شخص کسی مرض وغیرہ کی شکایت کرتا، یا اسے پھوڑا یا زخم ہوتا تو آپ ﷺ اپنی شہادت کی انگلی مبارک کو زمین سے لگاتے اور پھر اس زخم والی جگہ پر پھیرتے ہوئے یہ کلمات پڑھا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا ۔

کچھ لوگ معمولی زخم ہونے پر فوری علاج کیلئے زخم پر مٹی یا راکھ ڈال کر خون بند کرتے ہیں، اس موقع پر یہ مسنون دعا بھی پڑھ لیا کریں، تو سارا عمل مسنون ہو جائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ اس سے مزید فائدہ بھی

ہوگا۔

(صحیح بخاری،رقم الحدیث:5745۔اورصحیح مسلم،رقم الحدیث:(54)(9421)

سمجھ میں نہ آنے والی بیماری کاوظیفہ

اگر کسی کوایسا بیماری ہو، جوڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو،اس مریض پرکوئی دوااثر نہ کرتی ہو،تو روزانہ تین سو تیرہ(313)مرتبہ درجہ ذیل آیت پڑھ کرآسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو دم کر کے پلائیں،یہ عمل اکیس(21)دن تک کریں۔وہ آیت یہ ہے۔

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (سورۃ القمرآیت10وظائف زوجین صفحہ 114)

بلغمی امراض کا وظیفہ

جس شخص کوبلغمی مرض ہو،وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ (آیت الکرسی) دم کرے اور روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھالے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل شفا ہوگی۔(آسان روحانی علاج صفحہ:28)

ہمیشہ کی صحت وتندرستی کا وظیفہ

جوشخص یہ چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام جسمانی اعضاء درست رہیں،اوروہ مرتے دم تک تندرست رہےتواسے چاہیے کہ وہ روزانہ(3)دفعہ درج ذیل آیت پڑھ کراپنے اوپر پھونک لیا کرے:

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ

وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (سورۃ الروم آیت نمبر:30)

لا علاج مرض کا مجرب وظیفہ

اگرکوئی شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہوجائے،جولاعلاج ہو،تو مریض کثرت کے ساتھ درجہ ذیل آیت کاورد کرے،انشاءاللہ شفانصیب ہوگی۔(اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ)

(سورۃالانبیاءآیت:نمبر83)

پاگل پن سے نجات کا مجرب و ظیفه

اگر کسی شخص کو یہ شبہ ہوکہ اس کادماغی توازن بگڑرہاہے،یااپنی اصلی حالت پرنہیں،یایہ شبہ ہوکہ کسی نے اس پرکچھ کردیاہے،تواس کوچاہیئے کہ وہ درج ذیل آیت مبارک اکتالیس(41)دفعہ پڑھ کراپنے اوپردم کرے۔

ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِيْنٍ تا اِلَّآاَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ تک (یعنی20 آیت سے لیےکر29 تک)

(سورۃالتکویر،آیت:29)

پاؤں کی تکلیف دور کرنے کا نبوی نسخہ

نبی کریم ﷺ نے ایک جماعت یمن بھجیں اوران میں سے ایک صحابی کوان کا امیر بنایاوہ لوگ کئی دن تک وہاں ہی ٹھہرےاورنہ جاسکےاس جماعت کےایک آدمی سے نبی ﷺ نےفرمایاتم ابھی تک کیوں نہیں گئےاس نےعرض کیایارسول اللہ ﷺ ہمارےامیر کے پاؤں میں تکلیف ہے چنانچہ آپ ﷺ اس امیر کے پاس تشریف لے گئےاور یہ پڑھ بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَ قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا . سات(7)مرتبہ پڑھ کراس آدمی پردم کیاوہ آدمی اسی وقت ٹھیک ہوگیا(حیاۃ الصحابہ جلد2صفحہ 78)

حالت مرض کاخاص وظیفہ

جوشخص حالت مرض میں درج ذیل دعاچالیس(40)مرتبہ پڑھ لےاگراس مرض میں مرگیاتو شہید کے برابرثواب ملےگااوراگراچھاتندرست ہوگیا،توتمام گناہ معاف ہوجائیں گے۔

وہ یہ ہےلَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ()

ڈاڑھ اور کان کے درد سے بچنے کا خاص وظیفه

جوشخص ہر چھینک کےوقت درجہ ذیل کلمات پڑھےتووہ اس کی برکت سے ڈاڑھ اورکان کےدرد سے ہمیشہ محفوظ رہےگا۔وہ کلمات یہ ہے۔یَاسَمِیْعُ تین مرتبہ پڑھ کرروئی پردم کرکےکان پررکھ لےتو آرام آجائےگا۔(وظائف زوجین ص113)

پتھری ختم کرنے کا مجرب وظیفه

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ اگرکسی شخص کےگردےیاپتےمیں پتھری ہوتووہ درجہ ذیل آیت

اکتالیس(41)مرتبہ پڑھ کرپانی پردم کرکےمسلسل پیتارہے،انشاءاللہ تعالیٰ پتھری ختم ہوجائےگی وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ.

باب (11) گشادگی رزق اور ترقی کاروبار کے مجرب و مستند وظائف

فراخی رزق وترقی درجات کیلئے عمل

رزق میں فراخی اور درجات کی ترقی کیلئے ایک ہزار (1000) مرتبہ سورۃ ذاریات کی اس آیت مبارکہ کا روزانہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے (یقین کیساتھ عمل شرط ہے) وہ آیت یہ ہے۔

وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ○ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّکُمْ تَنْطِقُوْنَ○ (سورۃ الذّٰریٰت ایۃ22،23اور طیب روحانی)

کاروبار میں برکت کا پہلا وظیفہ

جو شخص یہ درود شریف اپنی دکان، یا دفتر میں بیٹھ کر کثرت سے پڑھے گا، اس کے کاروبار میں انشاء اللہ تعالیٰ خوب ترقی ہوگی وہ درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ والْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔ (آسان روحانی علاج: ص24،25)

کاروبار میں برکت کا دوسرا وظیفہ

روزانہ بعد نمازِ فجر 100 مرتبہ (اَللّٰہُ الصَّمَدُ) (اوّل وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف) پڑھنے سے بھی رزق میں برکت ہوتی ہے اور اگر مقروض ہو تو قرض بھی ادا ہوجاتا ہے۔ (آسان روحانی علاج صفحہ:25)

رزق میں کشادگی اور بیروزگاری سے نجات وظیفہ:۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ 339 مرتبہ روزانہ حسب سہولت پڑھنے سے رزق میں کشادگی ہوتی ہے اور اگر بے روزگاری ہو تو اس سے نجات ملتی ہے (سورۃ آل عمران آیت:173)

بے روزگاری سے نجات کا وظیفہ

بے روزگار حضرات عشاء کی نماز کے بعد یہ وظیفہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ جلد روزگار لگ جائے گا: (یَاوَھَّابُ) 414 مرتبہ اور.... یَاوَھَّابُ لِیْ مِنْ نِّعْمَۃِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔ 112 مرتبہ پڑھ لے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے خوب خشوع وخضوع کے سات دعا مانگیں (آسان روحانی علاج: صفحہ 24)

کاروبار میں برکت کا تیسرا وظیفہ

نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد 101 مرتبہ یہ وظیفہ پڑھ کر دعا کرنا بھی کاروبار میں برکت کیلئے نہایت مجرب ہے: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ (آسان روحانی علاج صفحہ:25)

وظیفہ برائے بازیابی سرمایہ:۔

جس شخص کا سرمایہ یا رقم کہیں پھنس گئی ہو تو اس کی جلد بازیابی کیلئے مندرجہ ذیل آیت ہر نماز کے بعد سات

مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے: وہ آیت یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ تک سورۃ آل عمران آیت 26 سے 27 تک آسانی روحانی علاج 25،26)

دکان میں برکت کا وظیفہ

کسی نیک آدمی سے بعد نمازِ جمعہ یہ آیت لکھوا کر دکان پر رکھیں، انشاء اللہ تعالیٰ خوب بکری (سیل) ہوگی: وہ آیت یہ ہے۔ وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْھَامَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ۔ (سورۃ اعراف آیت: 7 آسان روحانی علاج: صفحہ 29)

ملازمت کیلئے خاص مجرب عمل

سورۃ الضحیٰ کو عاملین نے پرتاثیر کہا ہے، اس میں نو 9 مقامات پر کاف (ک) آیا ہے آپ نمازِ فجر کے بعد اسی جگہ پر بیٹھیں اور سورۃ الضحیٰ اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو (یَاکَرِیْمُ) نو مرتبہ پڑھیں، یہ عمل صرف نو 9 دنوں تک کریں، انشاء اللہ تعالیٰ ملازمت مل جائے گی، اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملے، تو یہ عمل اٹھارہ دن (پہلے سے ڈبل) پڑھیں اور ہر کاف پر اٹھارہ مرتبہ (یَاکَرِیْمُ) پڑھیں پھر بھی ملازمت نہ ملے تو یہ ستائیس (27) دن کریں اور ہر کاف پر 27 ستائیس (27) مرتبہ (یَاکَرِیْمُ) پڑھیں سورۃ ضحیٰ یہ ہے:
وَالضُّحٰی وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی تا رَبِّکَ فَحَدِّثْ تک (سورۃ الضحیٰ، آیات 1 تا 11)

رزق کی تنگی دور کرنے کا وظیفہ

اگر آپ کو اپنے رزق پر سے تنگی دور کرنی ہے اور اس میں کشادگی لانی ہے، تو درج ذیل آیت گیارہ (11) دفعہ فجر کی نمازِ کے بعد پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔ اَللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ. (سورۃ العنکبوت، آیت:62)

کاروبار میں خسارے کے وقت کا وظیفہ

اگر کوئی غم اور پریشانی میں مبتلا ہو، یا اس کی مالی حالت بگڑتی جارہی ہو یا اسے کاروبار میں نقصان ہو رہا ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ درج ذیل آیت کثرت کے ساتھ پڑھے:

اِلَّا رَحْمَۃً مِّنْ رَّبِّکَ اِنَّ فَضْلَهٗ کَانَ عَلَیْکَ کَبِیْرًا (سورۃ العنکبوت، آیت62)

نئے کاروبار سے پہلے کا وظیفہ

نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے درج ذیل آیت روزانہ ایک سو اکتالیس (141) مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں وسعت آئے گی اور کاروبار ترقی کرے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ۔

باب(12) اولادکی پڑھائی سے متعلق مجرب و مستند وظائف

امتحان میں کامیابی کیلئے

حضرت مولانا مفتی تقی عثمانی صاحب مدظلہ اپنے مضمون ''یادیں'' لکھتے ہیں: حضرت والد گرامی مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے مجھے ایک عمل بتایا ہوا تھا کہ جب کبھی امتحان گاہ میں جاؤ تو پرچہ کھولنے سے پہلے دائیں ہاتھ کی پانچ اُنگلیوں پر کٓھٰیٰعٓصٓ اس طرح پڑھو کہ پہلے چھوٹی انگلی پر کاف کہہ کر انگلی بند کرلو پھر ہر حرف پر ایک انگلی بند کرتے جاؤ اس کے بعد کُفِیتُ کہو پھر حٰمٓعٓسٓقٓ اس طرح پڑھو کہ حا کہہ چھوٹی انگلی کھولو پر ہر ہر حرف پر ایک ایک انگلی کھولتے جاؤ، پھر حُمِیتُ کہو، چنانچہ میں اپنے سارے امتحان میں یہ عمل کرتا آتا تھا۔اورالحمدللہ ہمیشہ نمایاں طور پر کامیاب ہوتا ہوا تھا۔محنت اس وظیفہ کے ساتھ شرط ہے۔(ماہنامہ البلاغ رسالہ اپریل 2021)

امتحان میں اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے کا وظیفہ

جوطلبہ یا طالبات امتحان میں اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنا چاہتے ہو وہ سوالیہ پرچہ پڑھنے سے پہلے گیارہ (11) مرتبہ درود شریف گیارہ (11) مرتبہ یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھ کر اپنے اوپر امتحانی پرچہ پر جو ابی کاپی پر اور دوسری ان تمام اشیاء پر جو لکھائی میں کام آرہی ہیں دم کرلیں پھر بسم اللہ پڑھ کر پرچہ حل کرنا شروع کردیں پرچہ حل کرنے کے بعد تین مرتبہ درج ذیل دعا پڑھ کر پرچہ جمع کرادیں: حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ اَنْتَ رَبِّیْ اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ وَلِیَّ فِیْ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ۔ (عطاء فرمودہ مفتی عبدالرؤف سکھردی صاحب مدظلہم)

پڑھائی میں دل لگنے کا پہلا وظیفہ

جس کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو، وہ ہر نماز کے بعد پوری توجہ کے ساتھ سات (7) مرتبہ درج ذیل کلمات پڑھ لیا کرے، انشاءاللہ تعالیٰ پڑھائی میں خوب دل لگ جائے گا۔وہ کلمات یہ ہیں:

یَاحَافِظُ یَاعَلِیْمُ یَاقَادِرُ یَاشَافِی. (تحفہ وظائف صفحہ:6)

پڑھائی میں دل لگنے کا دوسرا وظیفہ

اگر پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو تو اکتالیس (41) دن اکتالیس مرتبہ سورۃ الم نشرح (پارہ: 30) پڑھ کر سکٹ پر دم کر کے صبح خالی پیٹ (نہار منہ) کھالیا جائے، یا بچے کو کھلا دیا جائے، تو پڑھائی میں دل لگنا شروع ہو جائے گا۔(تحفہ وظائف:6)

پڑھائی میں دل لگنے کا تیسرا وظیفہ

اگر کسی کو پڑھنے کو دل نہ کرتا ہو، تو وہ عصر کی نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ پڑھائی کا شوق پیدا ہو جائے گا۔اَللّٰھُمَّ اَفْرِغْ قَلْبِیْ بِحُبِّ الْعِلْمِ۔ (وظائف صفحہ:6)

ذہن تیز کرنے کا پہلا وظیفہ

جو شخص کمزور ذہن والا ہو، وہ روزانہ ایک سو ایک (101) مرتبہ ''اَلْھَادِیُ'' پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ ذہن بہت تیز ہو جائے گا۔(تحفہ صندلیہ صفحہ:35)

ذہن تیز کرنے کا دوسرا وظیفہ

جس کا ذہن کمزور ہو وہ چالیس (40) دن تک روزانہ سورۃ فاتحہ ایک بسکٹ پر لکھ کر کھائے، یا کشمش پر دم کر کے کھائے، اس سے انشاءاللہ تعالیٰ ذہن تیز ہو جائے گا۔(اسلامی وظائف صفحہ:206)

حفظ قرآن میں آسانی کا وظیفہ

جن طلبہ وطالبات کو قرآن پاک حفظ کرنے میں مشکل پیش آتی ہو وہ سورۃ الم نشرح (پارہ:30) ایک صاف سفید کاغذ پر لکھیں اور اسے دھو کر پی لیں انشاءاللہ العزیز قرآن پاک آسانی کے ساتھ حفظ ہوا جائے گا۔

اولاد کو عالم، حافظ اور ذہین بنانے کا مجرب وظیفہ

اگر کسی کا بچہ کند ذہین ہو، آپ اسے عالم و حافظ بنانا چاہتے ہوں، تو درجہ ذیل آیت ایک سو اکیس (121) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں انشاءاللہ العزیز اس عمل کی برکت سے وہ ذہین ہو جائے گا اور عالم و حافظ بنے گا۔وہ آیت یہ ہے:

وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا()(سورۃ النساء،آیت:113)

امتحان میں کامیابی کیلئے پہلا وظیفہ

امتحان میں کامیابی اور پرچوں کی آسانی کیلئے درج ذیل آیت پڑھنا نہایت ہی مجرب ہے، امتحان ہال میں جانے سے پہلے اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ لیں انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی وہ آیت یہ ہے:

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ هُوَالَّذِیْ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُئوْمِنِيْنَ .

ذہن قوی کرنے کا مجرب وظیفہ

اول وآخر تین، تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔دوسو مرتبہ یا''قَوِیُّ'' اور ''یَاعَلِیْمُ'' پڑھیں۔

تین مرتبہ پوری سورۃ ''اَلَمْ نَشْرَحْ'' پڑھیں۔اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

رَبِّ اشْرَحْ لِی صَدْرِیْ()وَيَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ() وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ يَفْقَهُوْا قَوْلِیْ()

تین مرتبہ یہ آیت پڑھیں: سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَاعَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ .

تین مرتبہ ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ'' پڑھیں۔اس کے بعد سینہ پر دم کریں، ہو سکے تو پانی پر دم کر کے پی لیں۔حفظ کرنے والے بچوں اور کند ذہن بچوں کیلئے بے حد مفید ہے۔(عطاء فرمودہ مفتی عبدالرؤف سکھروی صاحب مدظلہم)

سبق یادرکھنے کا پہلا وظیفہ

اگر کسی کو سبق یاد نہ ہوتا ہو، یا یاد کرنے کے بعد بھول جاتا ہو، تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو (100) مرتبہ ''الرَّحْمٰنُ'' پڑھ لیا کرے، انشاء اللہ العزیز سبق یاد رہے گا۔ (اعمال قرآنی صفحہ 12 تحفہ صندلیہ:35)

سبق یاد رکھنے کا دوسرا وظیفہ

اگر سبق بھول جانے کی شکایت ہو، تو روزانہ دس (10) مرتبہ ''اَلْمُعِيْدُ'' پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ سبق یاد رہے گا۔

قوت حافظہ بڑھانے کا پہلا وظیفہ

ہر نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ (11) مرتبہ ''یَا قَوِیُّ'' پڑھیں، انشاء اللہ العزیز حافظہ قوی اور مضبوط ہو جائے گا۔ (تحفہ وظائف صفحہ:5 اسلامی وظائف صفحہ:206)

قوت حافظہ بڑھانے کا دوسرا وظیفہ

فجر کی نماز کے بعد ایک سو پندرہ (115) مرتبہ ''یَا عَلِیْمُ'' پڑھ کر دل پر دم کریں، اس کی برکت سے حافظہ قوی ہو جائے گا (تحفہ وظائف 51 اسلامی وظائف صفحہ 206)

قوت حافظہ بڑھانے کا تیسرا وظیفہ

نمازِ فجر کے بعد ایک سو گیارہ (111) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھنے سے بھی حافظہ قوی ہوتا ہے اور اس سے سبق بھی آسانی سے یاد ہو جاتا ہے۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ (سورۃ الانعام، آیت:125۔ تحفہ وظائف صفحہ:5)

قوت حافظہ بڑھانے کا چوتھا وظیفہ

کسی بھی وقت درج ذیل دعا دس (10) مرتبہ پڑھنا قوتِ حافظہ بڑھانے میں نہایت مفید ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ فَهْمَ النَّبِيِّيْنَ وَحِفْظَ الْمُرْسَلِيْنَ وَالْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ (تحفہ وظائف صفحہ:6)

قوت حافظہ بڑھانے کا پانچواں وظیفہ

جس شخص کا حافظہ کمزور ہو، تو اسے قوی کرنے کیلئے درج ذیل دعا دس (10) مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ قوت نصیب ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِی الْفَهْمَ وَ ارْزُقْنِی الْعِلْمَ وَالْحِكْمَةَ وَالْعَقْلَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ (تحفہ وظائف صفحہ:6)

ذہن تیز کرنے کا تیسرا وظیفہ

کمزور ذہن والا آدمی اگر فجر کی نماز کے بعد اکیس (21) مرتبہ درج ذیل آیت کریمہ پڑھنے کا معمول بنالے، تو اس ذہن کا تیز ہو جائے گا۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ۔ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ يَفْقَهُوْا قَوْلِیْ۔

﴿باب النوم (13) یعنی نیند لانے کی مجرب و مستند وظائف﴾

حضرت بریدہؓ روایت کرتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولی مخزومیؓ نے نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ سے شکایت کی، اور عرض کیا: ''یا رسول اللہ ﷺ! میں بے خوابی کی وجہ سے رات بھر سو نہیں سکتا''۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر جاؤ تو یہ دعا پڑھ لیا کرو: اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ، وَرَبَّ الْاَرْضِيْنَ وَمَا اَقَلَّتْ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضَلَّتْ، كُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا اَنْ يَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ يَبْغِیَ عَلَیَّ، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ. ترجمہ:۔ اے اللہ! ساتوں آسمانوں اور ہر اس مخلوق کے پرودگار جس پر سات آسمان سایہ فگن (سایہ کئے ہوئے) ہیں، اور (ساتوں) زمینوں اور ہر اس مخلوق کے پروردگار جس کو وہ زمینیں اٹھائے ہوئے ہیں، اور تمام شیطانوں اور ان لوگوں کے پروردگار جن کو ان شاطین نے گم راہ کیا ہے، تو اپنی تمام مخلوق کے شر سے میرا محافظ اور پناہ دہندہ (پناہ دینے والا) بن جا کہ (مبادا) ان میں سے کوئی مخلوق مجھ پر زیادہ کرے، یا میرے خلاف اٹھ کھڑی ہو، تیرا پناہ دیا ہوا (شخص) ہی غائب اور محفوظ رہتا ہے، تعریف اعلیٰ و برتر ہے، اور آپ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں ہے۔ (رسالہ ماہنامہ علم و عمل لاہور اکتوبر صفحہ 5 بحوالہ جامع ترمذی)

دوسری دعا

حضرت زید بن ثابتؓ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ سے بے خوابی کی شکایت کی، جس سے میں دوچار تھا، آپ ﷺ نے ارشاد فرمائی کہ یہ دعا پڑھ لیا کرو: (اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ، وَهَدَأَتِ الْعُيُوْنُ، وَاَنْتَ حَیٌّ قَيُّوْمٌ، لَا تَاْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ، يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ، اَهْدِءْ لَيْلِیْ، وَاَنِمْ عَيْنِیْ. ترجمہ: اے اللہ (آسمان پر) ستارے بھی چھپ گئے اور (زمین) پر آنکھیں بھی (نیند میں) ڈوب گئیں، اور تو ہی (ہمیشہ) زندہ رہنے والا اور (سب کو) قائم رکھنے والا نگہبان ہے، تجھے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، اے حیُّ و قیُّوم (پروردگار)! تو میرے رات کو بھی پر سکون بنادے اور میرے آنکھوں کو بھی نیند بخش دے۔ حضرت زید بن ثابتؓ فرماتے ہیں کہ ''میں نے اس دعا کو پڑھا، بس اللہ تعالیٰ نے میری شکایت دور فرمادی۔'' (عمل الیوم واللیلہ لابن السنی)

تیسری دعا

حضرت خالد بن ولید نے حضور اللہ ﷺ کو نیند نہ آنے کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے یہ دعا فرمائی:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ. (سنتِ حبیب ﷺ)

باب(14) چالیس مسنون دعائیں:

ا:۔سوتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا (بخاری:6214)

2:۔سوکراٹھنے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْيَانَا بَعْدَمَآ اَمَاتَنَاوَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ (بخاری:6314)

اور دوسرا دعا

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ رَدَّ عَ عَلَيْنَا رُوْحَنَا بَعْدَ اِذْ كُنَّا اَمْوَاتًا

3:۔ بیت الخلا میں داخل ہونے سے پہلے دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ والْخَبَائِثِ (بخاری:6322)

4:۔ بیت الخلا سے نکلنے کے بعد کی دعا:

غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰى وَعَافَانِیْ (ابن ماجہ:301)

5:۔کپڑا پہنتے وقت کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ :
(ابوداؤد1423)

6:۔ نیا کپڑا پہنتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْ تَنِيْهِ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَمَاصُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ
وَشَرِّمَا صُنِعَ لَهٗ (ترمذی:1767)

7:۔آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھتے وقت کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی:163)

8:۔وضوشروع کرتے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (ابوداؤد:101)

9:۔وضو کے درمیان کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ

10:۔وضو کے بعد کی دعا:

اَشْهَدُاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ،

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ. (ترمذی:55)

11:۔اذان سنتے وقت کا جواب:

اذان کے وقت تو مؤذن کے ساتھ الفاظِ اذان دہرائیں اور جو مؤذن کہتا جائے وہی کہتے جائیں اور
حَیَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ، حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ
کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہیں۔

12 :۔اذان ختم ہونے کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ الْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ
مَقَامًامَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْ تَّهٗ اِنَّكَ لَاتُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (بخاری:614)

13:۔گھر سے نکلتے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (ترمذی:3426)

14:۔گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَالْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى
اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا. (ابوداؤد:5096)

15:۔مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ (مسلم)

16:۔مسجد سے نکلتے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ (مسلم:1652)

17:۔جامع ترین دعا:

دنیاو آخرت کے تمام مقاصد کے لیے سب سے جامع دعا یہ ہے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَافِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَاعَذَابَ النَّارِ (بقرہ:201)

18:۔صبح کے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ .
(ترمذی:3391)

19:۔شام کے وقت کی دعا:

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (ترمذی:3391)

20:۔فرض نماز کا سلام پھیرنے کے بعد کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّ حْمٰنُ الرَّ حِیْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحَزَنَ:

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد:16871)

21:۔نماز فجر اور مغرب کے بعد کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ (ابوداوٗد:5079)

22:۔نماز وتر کے بعد کی دعا:

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ (ابوداوٗد:1430)

23:۔مسلمان کو ہنستا دیکھتے وقت کی دعا:

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ (بخاری:3683)

24:۔کھانا شروع کرنے سے پہلے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ (ابوداوٗد:3769)(پورا بسم اللہ پڑھنا بہتر ہے)(سنتِ حبیب کتاب)

25:۔شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ بھول جانے کی صورت میں کھانے کے دوران کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ (مستدرک حاکم:7089)

26:۔کھانا کھانے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ (ترمذی:3457)

27:۔دودھ پینے کے بعد کی دعا:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ (ترمذی:3455)

28:۔دعوت کا کھانا کھانے کے بعد کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ (مسلم:5362)

29:۔مہمان کی میزبان کے لیے رخصت ہوتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِیْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ (ابوداوٗد:3769)

30:۔روزہ افطار کرتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَ عَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ (ابوداوٗد:2358)

31:۔افطار کے بعد کی دعا:

ذَهَبَ الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ (ابوداوٗد:2357)

32:۔دعوت افطار کے بعد کی دعا:

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآ ئِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَیْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

(ابوداوٗد:3854)

33:۔شب قدر کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ (ترمذی:3513)

34:۔عیادت کے وقت کی دعا:

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ (بخاری:3616)

35:۔سواری پر سوار ہونے کی دعا:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَ وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ() وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

(الزخرف:13،14)

36:۔قبرستان کی دعا:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ یَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَ ثَرِ (ترمذی105)

37:۔صبح وشام کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

(ترمذی:3388)

38:۔نیا چاند دیکھتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ(ترمذی3451)

39:۔ بازار کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا فِیْهَا
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِیْبَ فِیْهَا یَمِیْنًا فَاجِرَةً اَوْصَفْقَةً خَاسِرَةً (مستدرک حاکم:197)

40:۔روز قیامت اللہ تعالیٰ کا بندے کو راضی کرنا (ابوداوٗد،ترمذی)

رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّاوَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْناً وَ بِمُحَمَّدٍ رَّ سُوْلًا نَّبِیًّا 3 مرتبہ

﴿باب(15) فَضَائِلِ النُّورِ وَ الضِّيَاءِ لِاَوْرَادِ الصُّبحِ وَالْمَسَآءِ﴾

صبح وشام کی مستجاب دُعاؤں کا بہترین مجموعہ نماز کی پابندی ضروری ہے تمام دعاؤں کو پڑھنے یا یاد کرنے سے پہلے درود شریف ضرور پڑھا کریں تا کہ دُعا قبول ہو۔

تمام گناہوں کا کفارہ اگرچہ سمندر میں جھاگ کے برابر ہوں۔

(1) اَسْتَغْفِرُاللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ 3 مرتبہ

چار بیماریوں سے موت تک حفاظت۔ جزام، جنون، اندھا، ہونا، فالج

(2) سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ 3 مرتبہ

جہنم سے حفاظت کیلئے (ابوداؤد:5079)

(3) اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ 7 مرتبہ

دس نیکیاں، دس گناہوں کا مٹنا، دس درجات بلند ہونا، دس غلام آزاد کرنے کا ثواب، شیطان اور مکروہ چیز کی حفاظت۔(ترمذی شریف)

(4) لَا اِلٰهَ اِلَّااللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ دس مرتبہ

ناگہانی آفتوں سے حفاظت کیلئے (ابوداؤد، ترمذی:3388)

(5) بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ہر موذی چیز سے حفاظت کیلئے (مسلم، ابوداؤد، ترمذی)

(6) اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ. 3 مرتبہ

روز قیامت اللہ تعالیٰ کا بندے کو راضی کرنا (ابوداؤد، ترمذی)

(7) رَضِیْتُ بِاللهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْناً وَ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا نَّبِیًّا 3 مرتبہ

دنیا اور آخرت کے مسائل کے حل کیلئے اللہ کا کافی ہونا۔(ابوداؤد)

(8) حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ. 7 مرتبہ

1 مرتبہ: سیدنا الاستغفار جنت کا پروانہ ملنا

(9) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ

فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ. (بخاری، ترمذی، نسائی)

ا مرتبہ. دن رات کی نعمتوں کا شکرانہ (ترمذی)

(10) اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ، اَمْسٰی بِیْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ

ا مرتبہ. جن بھوت وغیرہ سے حفاظت کیلئے (ترمذی شریف)

(11) اَللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَاالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ() حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْكِتَابِ مِنَ اللهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ()

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ:

3 مرتبہ. ہر کام کیلئے کافی ہونا

.(12) سُوْرَةُ الْاِخْلَاص، سُوْرَةُ الْفَلَقْ، سُوْرَةُ النَّاس (ابوداؤد، ترمذی، نسائی)

ادائیگی قرض اور ہر پریشانی سے نجات کیلئے (ابوداؤد)

(13) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ ا مرتبہ:

.1 مرتبہ تمام آفتوں سے حفاظت کیلئے (ابوداؤد)

(14) سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ مَاشَآءَ اللهُ كَانَ وَمَا لَمْ یَشَاءُ لَمْ یَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌوَّاَنَّ اللهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا (15)

ستر ہزار فرشتوں کی دُعا اور شہادت کی موت کیلئے (ترمذی)

اَعُوْذُ بِاللهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ() 3 مرتبہ اور ایک مرتبہ:

هُوَ اللهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ() هُوَاللهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ() هُوَ اللهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ()

۴ مرتبہ پوری جسم آگ سے آزادی اور مغفرت کیلئے (ترمذی)

(16)اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَصْبَحْتُ،اَمْسَیْتُ اُشْھِدُكَ وَاُشْھِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلآئِکَتِكَ وَجَمِیْعَ خَلْقِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ.

دُعا سیدنا انسؓ، جان، مال، دین، اہل، وعیال، کی ہر نقصان سے حفاظت کیلئے

(کنزل اعمال، جم الجوامع)

(17)بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَمَالِیْ وَوَلَدِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مَآ اَعْطَانِیْ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَااُشْرِكُ بِہٖ شَیْئًااَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاءُ كَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُكَ.اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّرِیْدٍوَّمِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ()فَاِنْ تَوَلَّوْافَقُلْحَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ()اِنَّ وَلِیِّ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی ا لصَّالِحِیْنَ()

امرتبہ.دُعا سیدنا ابوداؤدؓ: حادثات سے بچنے (کنزالعمال، جمع الجوامع)

(18)اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَلَمْ یَشَآءُ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌوَاَنَّ اللّٰہَ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا()اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّةٍاَنْتَ اٰخِذٌم بِنَاصِیَتِھَااِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُسْتَقِیْمٍ.

ایک مرتبہ.اورادواذکار میں تقصیر کی تلافی کیلئے (ابوداؤد)

(19)فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ()وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّاوَّحِیْنَ تُظْھِرُوْنَ()یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَمَوْتِھَاوَکَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ.

(20)دُورد شریف نبی کریم ﷺ کی شفاعت کیلئے 10 دس مرتبہ (طبرانی، جمع المسانید والسنن)

(باب(16) متفرق مجرب و مستند وظائف)

﴿اپنے آپ سے پوچھے!﴾

اپنا محاسبہ کیجیے اور کہ ان میں سے کون سی ایسی نیکی ہے جسے آپ کرر ہے ہیں (اللہ تعالی کے سوا) لوگوں میں سے کسی کو اس کی خبر نہیں؟

نمبر 1 سحر کے وقت اِستغفار؟ 2 خفیہ طور پر صدقہ؟ 3 خلوت میں آنسو بہنا؟ 4 تہجد کی نماز؟

(رسالہ علم وعمل لاہور، مئی 2020ء)

﴿کبھی کبھی مراقبہ موت کیجئے﴾

پہلے تو یہ سوچیئے میں کس قدر بیمار ہوں اور پھر مرنے کو گویا آب تو میں تیار ہوں، بعد اس کے سوچیئے میں مر گیا روتے ہے سب میرے مرنے کی خبر سن کر جمع ہوتے ہیں سب مجھ کو تختِ پر لٹھایا اور نہلانے لگے پھر کفن کچھ لوگ مِل کر مجھ کو پہنانے لگے، آب مجھے سب دیکھتے ہے آخری دیدار ہیں سب کے دل میں حسرتے ہے سب کے دل میں پیار ہے آب جنازہ ہے میرا تیارے لے جانے لگے، اہلِ خانہ کو میرے کچھ لوگ بہلانے لگے لا کے میت کو میرے مسجد کے باہر رکھ دیا اور پھر میرا جنازہ سب نے مل کر پڑھ لیا اب مجھے کچھ لوگ قبرستان لے جانے لگے، پھر وہ قبرستان پہنچ کر مجھ کو دفنانے لگے کل طلب اپنے تھے، جو وہ آج بے گانے لگے جب اندھیرے میں مجھے سب چھوڑ کر جانے لگے قبر میں آب میں ہو تنہا پاس ہیں منکر نکِیر جان بے حق سے گویا آئے ہے بن کر سبھیر آب اُنھوں نے جو کیا مجھ سے اثر کوئی سوال پاس تو کچھ بھی نہیں اس بدعمل کے جز ما لار پھر یہ سوچیئے حشر کا میدان قائم ہوگیا روزِ محشر عدل کا میزان قائم ہوگیا میں کھڑا ہوں ایک طرف ہے خوف سے حالت بُرے کیا دکھاؤ گا میں صورت ہے میری سیرت بُرے غیب سے اتنے میں ایک آواز آتی ہیں مجھے ذات اقدس کی جیسے جیسے بولاتی ہے مجھے آہ اِدھر آہ بدعمل تیرا ابھی آب لے لو حساب کھول نالائق ذرا اعمال کی اپنی کتاب آب سوالوں سے میں اُسکے ہو گیا ہوں لاجواب خُلد میں جاناپ جایا ہوگیا حُکمِ عذاب اب فرشتوں کیلئے ہوتا ہے یہ اِرشاد حق ڈال دو دوزخ میں اس کو تھا کے حاصل ہو سبق زندگی بھر یہ بُرے اعمال کرتا ہی رہا عالم فانی کی رنگینی پے مرتا ہی رہا، اور ستم اس پر کہ خود کو با اعمال کہتا تھا یہ اپنی ہی تعریف میں شعروں غزل کہتا تھا، یہ لوگ سارے دیکھتے ہے مجھ ذلیل وخوار کو خاسروں، بدبختوں کو بدکار وکو، لاچار وکواب سوائے حصراتوں افسوس کے کیا کی جیئے اے اثر اس بات کو ھر روز سوچا کی جیئے۔ (دارالایمان والتقوٰی پشاور) ﴿اللہ تعالی اس مذکور مراقبہ موت پر اوّال مجھے عمل کا توفیق عطا فرمائیں پھر اپ سب کو آمین)

﴿ایمان ضائع کرنے والے چار کام﴾

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

نمبر 1: جب بھی زِنا کرنے والا زِنا کرتا ہے تو وہ مؤمن نہیں رہتا۔

2 جب بھی شراب پینے والا شراب پیتا ہے تو وہ مؤمن نہیں رہتا۔

3 جب چوری کرنے والا چوری کرتا ہے تو وہ مؤمن نہیں رہتا۔

4 جب لوٹ مارنے والا لوٹ مار کرتا ہے اور لوگ نظریں اُٹھا اُٹھا کر (خوف و افسوس سے) اُسے دیکھنے لگتے ہیں تو وہ مؤمن نہیں رہتا۔ (صحیح بخاری، باب النہی، بغیر باذن صاحبہ: 2475)

﴿دعائیں جلدی قبول کروانے کا طریقہ!﴾

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ''جب تم میں سے کوئی دُعا مانگے تو اُسے چاہیے:

نمبر ا. دُعا کی ابتداء میں اللہ رب العزت کی شایانِ شان، حمد و ثناء بیان کرے۔

۲ پھر نبی کریم ﷺ پر درود شریف پڑھے۔

۳ اور پھر اس کے بعد (جو دعا مانگنی ہو وہ) دُعا مانگے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی: 8780، رجالہ صحیح)

(کیوں کہ اس ترتیب سے وہ اپنی مراد جلد پالے گا (یعنی اس کی دعا جلدی قبول ہو جائے گی)۔

﴿یہ خوبیاں اپنائیں اور بے غم ہوجائیں!﴾

اگر چار خوبیاں تم میں ہوں تو ساری دُنیا بھی اگر تمہارے ہاتھ سے نکل جائے تو کوئی فکر کی بات نہیں؛

1. امانت کی حفاظت 2 گفتگو میں سچائی 3 اخلاق کی عمدگی 4 کھانے میں پاکیزگی۔ (مسند احمد: 6652 صحیح)

﴿ایک مرتبہ پڑھنے سے بیس (20) لاکھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں﴾

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ اَحَداً صَمَداً لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُواً اَحَدٌ۔

(فضائل اعمال)

﴿گناہ اور قرض سے حفاظت کی دُعا﴾

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز میں یہ دُعا مانگا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

ترجمہ: اے اللہ تعالیٰ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں گناہ سے اور قرض سے۔

کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ قرض سے اتنی پناہ کیوں مانگتے ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب مین فرمایا'' آدمی جب مقروض ہوتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ کر کے خلاف ورزی کرتا ہے۔

(زیارت نبی ﷺ کا وظیفہ)

اگر کسی شخص کو نبی کریم ﷺ کی زیارت کا شوق ہو تو وہ جمعہ کی رات میں دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سو 100 مرتبہ یہ درود شریف پڑھے وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ.

جو شخص چند مرتبہ یہ عمل کرے، تو اللہ تعالیٰ اس کو حضرت اقدس ﷺ کی زیارت نصیب فرما دیتے ہیں، بشرطیکہ شوق اور طلب کامل اور گناہوں سے بھی بچتا ہو۔ (اصلاحی خطبات جلد 6 صفحہ 104۔ درود شریف سے آپ کی پریشانوں کا حل:)

جمعہ کی نماز کے بعد گناہ معاف کرانے کا وظیفہ

علامہ ابن سنی ؒ نے اپنی کتاب ''عمل الیوم واللیلہ'' میں لکھا ہے کہ جو آدمی جمعہ کی نماز کے بعد (100) مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے والے کے ایک لاکھ صغیرہ گناہ معاف ہو جائیں گے اور اس کے

والدین کے چوبیس ہزار (24000) گناہ معاف ہو جایں گے۔ وہ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنیؒ، رقم الحدیث شریف: 348)

غم سے نجات کا وظیفہ

ہر قسم کے غم اور خوشحالی کے بعد بری حالت سے حفاظت کیلئے روزانہ سوتے وقت نمازِ عشاء کے بعد 21 مرتبہ یہ دعا مانگیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْرِ۔ (مسند احمد)

چوری چکاری سے حفاظت کا وظیفہ

مکان گاڑی کسی چیز کو چوری سے محفوظ رکھنا ہو تو اسے بند کرتے وقت پوری (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ) پڑھیں پھر تالہ لگاتے وقت پوری بسم اللہ پڑھیں انشاء اللہ العزیز چوروں سے حفاظت رہے گی۔ (آسان روحانی علاج صفحہ: 12)

نظر لگنے یا بچے کا سوتے میں رونے اور ڈرنے کا وظیفہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَق اور **قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس** تین تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں اور یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَیْنٍ لَامَّةٍ اورسورۃ القلم کی آخری آیت 51 تا 52 تک وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ تا اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ تک اورسورۃ الملک آیت 3 تا 4 تک فَارْجِعِ الْبَصَرَ تا وَھُوَ حَسِیْرٌ تک 7 مرتبہ پڑھ کر مریض پردم کریں اور پانی پر بھی دم کر کے پلائیں۔
(آسان روحانی علاج صفحہ 16،17)

وبا اور مصیبت میں پڑھی جانی والی دعائیں

1:۔بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

2:۔اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ۔

3:۔اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ،اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

4:۔اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّئِی الْاَسْقَامِ

5:۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلاً

6:۔اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّةٍ

(محاسن اسلام جولائی 2020ء بحوالہ (1):۔سنن ابوداؤد:5088)(2):۔صحیح مسلم:6880)
(3):۔سنن ابوداؤد:5090)(4):۔سنن ابوداؤد 1554)(5):۔جامع ترمذی:3432)
(6):۔صحیح بخاری:3371)

مانگ کیا مانگتا ھے

نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا فرشتہ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ کہنے والوں پر متعین ہے جب مسلمان دعا میں تین مرتبہ یہ جملہ کہتا ہے یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ تمہارے طرف متوجہ ہے بس مانگ لو کیا مانگتے ہو،
(محاسن اسلام اکتوبر 2018 صفحہ 23)

مال اور اولاد میں وسعت کیلئے

حضور اکرم ﷺ نے اُم سلیم رضی اللہ عنہا کی درخواست پر اپنے خادم حضرت انسؓ کیلئے یہ دعا فرمائی تھی اَللّٰھُمَّ اَکْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ وَبَارِكْ لَهٗ فِیْمَا اَعْطَیْتَه. اس دعا کا اثر تھا کہ حضرت انسؓ کی اولاد سو کے قریب ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے مالی وسعت بھی عطاء فرمائی۔۔۔
(محاسن اسلام دسمبر 2019 بحوالہ معارف القرآن صفحہ:61)

فائدہ:۔اگر اپنے لیے خود دعا مانگے تو یوں کہے۔۔
اَللّٰھُمَّ اَکْثِرْ مَالِیْ وَوَلَدِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَنِیْ.

مصائب سے نجات کا مجرب نسخہ

رسول اللہ ﷺ نے عوف بن مالکؓ کو مصیبت سے نجات اور حصول مقصد کیلئے تلقین فرمائی کہ وہ کثرت کیساتھ لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کریں۔روزانہ پانچ سو(500) مرتبہ اول وآخر میں درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا کریں۔۔۔(محاسن اسلام دسمبر 2019 بحوالہ تفسیر مظہری)

زہریلے جانور کے کاٹنے کا دم

صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت سفر میں تھی کسی گاؤں کے رئیس کو بچھو نے کاٹ لیا تھا لوگوں نے حضرات صحابہؓ سے پوچھا کہ آپ کچھ اس کا علاج کر سکتے ہیں؟ صحابہ کرامؓ نے سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کیا مریض اچھا ہو گیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ کے سامنے اس کا تذکرہ آیا تو آپ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کے اس عمل کو جائز قرار دیا۔(معارف القران: ج 5)

پریشانیوں کے حل کیلئے خاص وظیفہ

ایک ڈاکٹر صاحب ہیں ہسپتال کے پانچ ڈاکٹروں نے ان کے خلاف سازش کر کے ان کو نوکری سے نکلوا دیا۔ کہتے ہیں میں نے اس مسنون استغفار کا کثرت سے ورد کیا۔
اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّاھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ
چند دن میں نوکری بحال ہوگئی اور حاسدوں کا ایسا برا حشر ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ۔
(محاسن اسلام مارچ 2021ء صفحہ 27)

وظیفہ نمبر 2:۔ یہ ایک خوش نصیب جوڑا ہے۔مگر بے اولاد، دنیا کے کئی ملکوں میں علاج کرایا مگر لا حاصل پھر قرآن پاک کی وہ آیات سنی جس میں فرمایا گیا کہ استغفار کرو اللہ تمہیں خوب مال اولاد عطاء فرمائے گا۔اب ماشاءاللہ ان کے تین بیٹے اور چار بیٹیاں ہیں۔وہ ایت یہ ہیں،
فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّهٗ کَانَ غَفَّارًا() یُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا() وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ اَنْھٰرًا() (سورۃ نوح 10 تا 12)
(محاسن اسلام مارچ 2021)

وظیفہ نمبر 3:۔ یہ ایک خاتون ہے۔خاوند صبح شام گالیاں بکتا ہے مارتا ہے۔اور ذلیل کرتا ہے۔اس مؤمنہ بندی نے استغفار کو اپنایا ایک دن خاوند نے بہت مارا یہ اس کے جانے کے بعد استغفار کرتی رہی

بے حدغمزدہ اور زخمی دل کیساتھ اپنے رب سے بخشش اور معافی مانگی رہی اچانک دھماکہ ہوا اور گھر میں ایک جگہ سے کوئی ٹونا تعویز باہر نکل آیا معلوم ہوا خطرناک جادو تھا۔اس کے گھر سے نکال دیا شام کو خاوند آیا تو آتے ہی بیوی سے معافیاں مانگنے لگا۔اور پھر وہ ایسا تبدیل ہوا کہ ماشاءاللہ زندگی ہی بدل گئی۔

(محاسن اسلام مارچ 2021ء)

(۵) یہ ایک مسلمان بہن ہے۔ چاہتی ہے نیک صالح مجاہد اور اللہ پاک کا ولی خاوند ملے ۔استغفار کا معمول ہے۔روزانہ پندرہ سو بار۔اب ماشاء اللہ شادی شدہ ہے۔ عالم مجاہد اور محبت کرنے والا خاونداُسے نصیب ہوا۔

وظیفہ نمبر 5:۔ایک عورت کو کینسر ہوا استغفار کی کثرت کی جب وہ دوبارہ ٹیسٹ کرایا تو بیماری کا نام ونشان ہی نہیں تھا۔

وظیفہ نمبر 6:۔ ایک عورت کی شادی کو تیس(30) سال بیت گئے۔اولاد نہ تھی کسی نے استغفار بتایا تو دن رات اسی میں لگ گئی۔تیس سال بعد اللہ تعالیٰ نے اولاد عطاء فرمائی۔

(محاسن اسلام مارچ 2021ء)

ان واقعات کے لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ ان سے عمل کی ترغیب ملتی ہے۔کیونکہ استغفار پر بے شمار نعمتوں کا وعدہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔اور اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں فرماتے قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: اور اللہ تعالیٰ کا حکم یہ ہے کہ تم اپنے رب سے استغفار کرو یعنی مغفرت اور معافی مانگو پھر اسی طرف رجوع کرو وہ تم کو ایک مقرر وقت یعنی موت تک دنیا میں خوشی عیشی دیگا۔اور ہر زیادہ عمل کرنے والے کو زیادہ ثواب دے گا۔یعنی اصل اجر اور نعمتیں تو آخرت کی ہیں۔مگر دنیا میں بھی سکون چین اور راحت طرح طرح کی نعمتیں عطاء فرمانے کا وعدہ ہے۔(محاسن اسلام مارچ 2021ء صفحہ 27)

ایک قیمتی وظیفہ

ہر کام سے پہلے اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کہنے کا عادت ڈالو بلکہ ہر وقت دل ہی دل میں یہ رٹ لگاؤ...کہ یا اللہ! آپ کیا کروں؟۔پھر دیکھو...کیا سے کیا ہو جاتا ہے۔''

(از عارف باللہ ڈاکٹر محمد عبدالحئی عارفیؒ)

پریشانی کے وقت کا وظیفہ

اگر کوئی سخت مرض یا پریشانی ہو...تو پانچ سو مرتبہ یَا اَرۡحَمُ الرَّاحِمِیۡنُ... پڑھ کر دُعا کرنی چاہئے۔

(از عارف باللہ ڈاکٹر محمد عبدالحئی عارفیؒ)

استخارہ کی مختصر آسان دعا

استخارہ کرنے کے بعد ندامت نہیں ہوتی میں تو چھوٹا سا استخارہ پڑھ لیتا ہوں نماز کے بعد سوتے وقت اَللّٰھُمَّ خِرۡ لِیۡ وَاخۡتَرۡلِیۡ گیارہ مرتبہ پڑھ لیتا ہوں اور یہ حدیث میں آیا ہے۔

(از مفتی اعظم مفتی محمد شفیع صاحبؒ، محاسن اسلام دسمبر 2017ء)

حصول اولاد کیلئے وظیفہ

جس کے اولاد نہ ہوتی ہو...تو یہ عمل بطور تدبیر کرلے یَا بَدُوۡحُ تشتری پر 16 خانے بنا ہر خانے میں یَا بَدُوۡحُ لکھ کر (40) دن پلائیں اس طرح دو تین چلے کرادیں۔

(محاسن اسلام دسمبر 2017)

غم دور کرنے کا وظیفہ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِیۡثُ ۔کو کثرت سے پڑھے اور حق تعالیٰ کے مالک حاکم حکیم ناصر اور ولی ہونے کو سوچا کرے پھر کیا غم۔(از حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحبؒ)

بغیر آپریشن پتھری ختم کرنے کا قرآنی عمل

اگر کسی شخص کے گردے یا پتے میں پتھری ہو تو وہ درج ذیل آیا(41) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسلسل پیتا رہے انشاءاللہ پتھری ختم ہو جائے گی وہ آیت یہ ہے۔(سورۃ البقرہ آیت نمبر 73-74)

حصول اجرکا آسان طریقہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو مسلمان دوسرے مسلمان کو قرضہ دے دیتا ہے... یہ دینا اللہ کے راستے میں...اُس مال کے دو دفعہ صدقہ کرنے کے برابر ہے۔

(مظہری بحوالہ ابن ماجہ معارف القرآن جلد اول صفحہ 395)

جانوروں کے دودھ میں اضافہ کیلئے عمل

اگر کسی جانور کا دودھ کم یا ختم ہو جائے تو یہ آیت کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے جانور کے گلے میں باندھ دیں...انشاءاللہ تعالیٰ دودھ میں اضافہ و برکت ہوگی۔

وَاِنَّ لَکُمۡ فِی الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَۃً نُسۡقِیۡکُمۡ مِّمَّا فِیۡ بُطُوۡنِھَا وَلَکُمۡ فِیۡھَا مَنَافِعُ کَثِیۡرَۃٌ وَّمِنۡھَا تَاۡکُلُوۡنَ

(اسلامی وظائف صفحہ:270)

اللہ تعالیٰ کی رضاء کا نسخہ

حضرت ثوبانؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو مسلمان بندہ صبح و شام تین مرتبہ یہ کلمات

پڑھ لیا کرے، تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کہ قیامت کے دن اسے راضی کریں۔

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًاوَّ بِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِیًّا

میں اللہ کو رب ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر اور محمد ﷺ کو نبی ماننے پر راضی ہوں۔ (ترمذی شریف)

الفاظ بڑھائیے نیکیاں کمائیے!!

1:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ — کہنے پر (10) نیکیاں

2:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ — کہنے پر (20) نیکیاں

3:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ — کہنے پر (30) نیکیاں

(ماہ نامہ علم وعمل لاہور جنوری 2015 بحوالہ سنن الترمذی:2632)

افضل الذکر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (اگر ساتوں) آسمان اور زمینوں اور ان کے درمیان موجود تمام چیزوں کو ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ والا پلڑا جھک جائے گا۔ (مسند احمد:7101)

دوسرا عمل فضیلت لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کو جنت کا خزانہ فرمایا ہے۔

(رسال علم وعمل جولائی 2020ء بحوالہ صحیح بخاری)

لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کو جنت کا ایک دروازہ فرمایا (مسند احمد)

لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

اگرچہ گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں (مسند احمد اسنادہ حسن)

لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ .... اَلْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ

(زندہ جاوید نیکیاں) میں سے ایک شمار فرمایا ہے۔ (مسند احمد)

لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جنت کا پودا شمار فرمایا ہے۔ (مسند احمد)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائیں۔ آمین ثم آمین

اچھے مؤمن کی چار اچھی حفاظت

حضرت اُبی بن کعبؓ کا فرمان ہے مؤمن چار حالتوں کے درمیان رہتا ہے۔

(1):۔ اگر کسی تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے تو صبر کرتا ہے۔

(2):۔ اگر اس کو نعمت ملتی ہے تو شکر کرتا ہے۔

(3):۔ اگر بات کرتا ہے تو سچ بولتا ہے۔

(4):۔ اگر کوئی فیصلہ کرتا تو انصاف کرتا ہے۔ (حیاۃ الصحابہ ج3 ص569)

محروم نہیں ہوتا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں جسے چار چیزیں عطاء کردی جائیں وہ چار چیزوں سے محروم نہیں ہوسکتا۔

نمبر1:۔ جسے دعا عطاء کردی جائے وہ قبولیت سے محروم نہیں ہوتا۔

نمبر2:۔ جسے توبہ عطاء کردی جائے وہ قبولیت سے محروم نہیں ہوتا۔

نمبر3:۔ جسے اِستغفار عطاء کردیا جائے وہ مغفرت سے محروم نہیں ہوتا۔

نمبر4:۔ جسے شکر عطاء کردیا جائے وہ نعمتوں سے محروم نہیں ہوتا۔

افضل کلمات

حضرت سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمام کلموں میں افضل یہ چار کلمے ہیں: سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ.

(علم وعمل رسال جولائی 2020 بحوالہ صحیح مسلم، باب استحباب الذکر بعد الصلاۃ:595)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس دنیا کی وہ تمام چیزیں جن پر سورج کی روشنی اور اس کی شعائیں پڑتی ہے ان سب چیزوں کے مقابلہ میں مجھے یہ زیادہ محبوب ہے کہ ایک مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہوں۔ (صحیح مسلم، باب فضل التہلیل والتسبیح والتحمید:2695)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک ایسے درخت کے پاس سے گزرے جس کے پتے سوکھ چکے تھے، آپ ﷺ نے اس پر اپنی لاٹھی مبارک ماری تو اس کے سوکھے پتے جھڑ پڑے (اور ساتھ والوں نے وہ منظر دیکھا) پھر آپ نے فرمایا کہ یہ کلمے:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ...

بندہ کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتے ہیں جس طرح تم نے اس درخت کے پتے جھڑتے دیکھے۔

(رسال علم وعمل بحوالہ ترمذی، باب ماجاء فی عقد التسبیح بالید:3533 اسنادہ حسن)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا ''وہ کلمے میں زبان پر ہلکے پھلکے، میزان اعمال

بڑے بھاری اور خداوند مہربان بہت پیارے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ (صحیح بخاری باب فضل التسبیح:6406)

﴿آیتی شفا﴾

(گردے کا علاج بزریعہ قران کریم کی چھ آیتی مبارکہ)

نمبر۱: .وَيشْفِ صدُوْرَ قوْمٍ مئومِنِيْنَ ۲: .وَشِفاء لِما فِي الصَّدور ۳: .يَخرُج مِنْ بُطونِهاَ شرابُ مُختلِيْف اَلْوانه فِيه شِفاء لِلنَّاسِ ٤: .وَنُنزِّلُ مِنَ الْقران مَاهو شِفاء وَّرحْمة لِّلْمئومنين ٥: .وإذا مَرِضْتُ فهو يشْفِين ٦: .قُل هوَ لِلَّذين اَمَنُوْا هدى وَّشِفا.

(گردے کی بیمار وغیرہ امراض کے لے کا پر مذکور آیت مبارکہ لکھ دو اور پانی میں ڈال دو اور مریض کو پلائے ان شاء اللہ شِفا نصیب ہوکا بہت مجرب عمل ہیں۔(شیخ ادریس صاحب نے بیان میں فرمائیں)

هر مقصد میں کامیابی کا وظیفه

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ روزانہ 96 مرتبہ پڑھنا ہر مقصد کیلئے مجرب ہے، جو شخص روزانہ اس کی پابندی کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کے کام بنائے گا اور ہر مشکل سے اس کی حفاظت فرمائے گا۔(آسان روحانی علاج صفحہ:19)

سحر و آسیب سے حفاظت کا وظیفه

فجر اور مغرب کی نماز کے بعد درج ذیل آیات پڑھنا سحر و آسیب سے حفاظت کیلئے مجرب ہے، پہلے تین مرتبہ درود شریف

پڑھیں، پھر:

(1)۔آیت الکرسی 7 مرتبہ (2)۔سورۃ الکافرون 3 مرتبہ (3)۔سورۃ اخلاص 3 مرتبہ

(4)۔سورۃ فلق 3 مرتبہ (5)۔سورۃ الناس 3 مرتبہ پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلی پر دم کر کے پورے بدن پر پھیر لیں۔(آسان روحانی علاج ص 19،20)

دل کے ہول کا پہلا وظیفه

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ.

یہ آیت کثرت سے پڑھیں اور اسے ایک کاغذ پر باوضو ہو کر لکھیں اور تعویز بنا کر اس طرح گلے میں

لٹکائیں کہ تعویز دل پڑا رہے۔(سورۃ الرعد آیت صفحہ:28، آسان روحانی علاج صفحہ:20)

دل کے ہول کا دوسرا وظیفه

یہ دعا بھی کثرت سے پڑھنا مجرب ہے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ. (آسان روحانی علاج:21)

دشواری یا رکاوٹ دور کرنے کا پہلا وظیفه

اگر کسی کام میں کوئی دشواری یا رکاوٹ پیش آئے تو یہ پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ. (آسان روحانی علاج صفحہ:21)

دشواری یا رکاوٹ دور کرنے کا دوسرا وظیفه

صبح و شام 500 مرتبہ **حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ** اور **لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ.**

حسب سہولت 101 مرتبہ پڑھ کر دعا کرنا ہر مشکل سے نجات اور مقاصد پورا ہونے کیلئے بہت مجرب ہے۔(آسان روحانی علاج صفحہ:21،22)

گمشدہ چیز یا بچه کی واپسی کا وظیفه

کسی بھی نماز کے بعد اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانچ سو(500) مرتبہ "**لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ**" پڑھیں اور پھر اللہ سے دعا کریں(آسان روحانی علاج صفحہ:22)

بدشگونی سے بچنے کاوظیفه

جب دل میں کوئی بدشگونی کھٹکے، تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ لَايَاْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ - وَلَايَذْهَبُ بِالسَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ، وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ . (آسان روحانی علاج صفحہ:22)

دشمن کے شر سے حفاظت کا وظیفه

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ:

313 مرتبہ دوپہر کے وقت (بعد نماز ظہر) پڑھنا نہایت مجرب ہے(آسان روحانی علاج صفحہ:23)

عافیت کیساتھ گھر واپس لوٹنے کا وظیفه

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو ایک لشکر میں بھیجا اور فرمایا کہ صبح و شام

درج ذیل آیت تلاوت کرتے رہنا چنانچہ انہوں نے مسلسل یہ آیات پڑھیں، صحابہ کرامؓ اجمعین کا بیان ہے کہ ہم ان کہ آیات کی وجہ سے سلامتی کے ساتھ مال غنیمت کے ساتھ واپس لوٹے ، وہ آیات یہ ہیں: (سورۃ المؤمنون: آیت 115 تا 118 تک) اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ تا اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ تک

جانور اور دشمن سے حفاظت کا وظیفہ

اگر راستے میں کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو سات مرتبہ درج ذیل آیت پڑھ کر پھونک ماردیں۔ وہ آیت یہ ہے۔ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ (سورۃ البقرہ آیت: 18)

مقدمہ میں کامیابی کا مجرب وظیف

اگر مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنا مقصود ہو، تو روزانہ کسی بھی نماز کے بعد ایک سو تینتیس (133) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھ لیں۔ انشاءاللہ العزیز کامیابی ہوگی البتہ یہ یاد رکھیں کہ یہ وظیفہ وہ شخص کرے، جو حق پر ہو ناحق پر ہوتے ہوئے یہ پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے، وہ آیت یہ ہے:

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَھُوْقًا (سورۃ بنی اسرائیل آیت: 81)

خاوند کی حرام کمائی سے نجات کا مجرب وظیفہ

اگر کسی کا خاوند گھر میں حرام کمائی لاتا ہو، تو اس حرکت سے روکنے کیلئے گیارہ (11) دن تک اکتالیس (41) مرتبہ درج ذیل آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کرکے کھلائیں، انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے:

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ و الطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ فَاتَّقُوا اللّٰہَ یٰاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ. (سورۃ المائدہ آیت: 100)

ضرررساں چیزوں سے حفاظت

ہمارا مشفق استاذ مکرم صاحب حضرت مولانا شمشاد غازی صاحب دوران درس میں فرماتے تھے کہ برے دوست سے بچنے کیلئے یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ یَّوْمِ السُّوْءِ وِمِنْ لَّیْلَۃِ السُّوْءِ وِمِنْ سَاعَۃِ السُّوْءِ وِمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ وِمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَۃِ (طبرانی)

خاوندکی حرام کاری سے نجات کا مجرب وظیفہ

اگر کسی کا خاوند کسی دوسری عورت سے نا جائز تعلق رکھتا ہو، تو اس حرام حرکت سے روکنے کیلئے گیارہ (11) دن تک اکتالیس (41) مرتبہ درج ذیل آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے

کھلائیں، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ و الطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ فَاتَّقُوا اللّٰہَ یٰاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ

(سورۃ المائدہ، آیت: 100)

حصول عزت اور نام پیدا کرنے کا وظیف

اگر کسی نے عزت حاصل کرنی ہو یا اچھے کاموں میں نام پیدا کرنا ، ہو تو روزانہ درج ذیل آیت سات (7) مرتبہ پڑھے انشاءاللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَهُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (سورۃ الجاثیہ آیت: 36)

حج کی سعادت حا صل کرنے کا وظیفہ

اگر کسی کو حج کرنے کا شوق ہو، لیکن اس کیلئے کوئی وسیلہ نہ ہو، تو اسے چاہیئے وہ کثرت کے ساتھ درج ذیل آیت کا ورد کیا کرے: سورۃ الفتح آیت 27 لَقَدْ صَدَقَ اللّٰہُ رَسُوْلَہُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ تا ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا تک.

چہرے اور دل کی نورا نیت بڑھانے کا وظیفہ

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ اس کی چہرے کی رونق اور نورانیت میں اضافہ ہو جائے یا اس کا دل منور ہو جائے، تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ درج ذیل آیت ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مارلے۔ وہ آیت یہ ہے:

سورۃ النور آیت 35 اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ تک۔

(5 وقت نماز کی پابندی شرط ہیں پھر یہ واظیفہ اثر کریگا)

ظالم شخص کے خلاف مجرب وظیفہ

ظالم کے ظلم کو دور کرنے کیلئے تین دن تک اکیس (21) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھنا نہایت ہی مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

یہ بڑی جلالی ہے، اس کو نا جائز پڑھنے والا خود ہلاکت اور بربادی میں مبتلا ہو جائے گا۔ جب ظالم کا ظلم نا قابل برداشت ہو جائے تب یہ وظیفہ کریں۔ (سورۃ الانعام آیت: 45)

جھوٹے مقدمے اور تہمت سے بچنے کا وظیفہ

اگر کوئی جھوٹے مقدمہ میں پھنس گیا ہو، یا کسی نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہو، یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو، تو وہ درج ذیل آیت اٹھتے بیٹھتے ہر وقت کثرت سے پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی ۔وہ آیت یہ ہے:

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (سورۃ یونس آیت:82)

سیدھے راہ اور دل کی غفلت دور کرنے کا وظیفہ

جو شخص سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو، یا برے افعال میں مبتلا ہو گیا ہو، یا اللہ کی یاد سے غافل ہو گیا ہو تو ،اسے چاہیے کہ وہ درج

ذیل آیت کو روزانہ (101) مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پانی پی لے۔ وہ آیت ہے:

وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى (سورۃ النّٰزِعات آیت:19)

لا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ کا عمل

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جسے غم و افکار گھیر لیں اسے چاہئے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ بکثرت پڑھا کرے علماء عظام فرماتے ہیں کہ اس کلمات کے عمل سے بڑھ کر کوئی چیز مددگار نہیں۔

(سُنت حبیب ﷺ صفحہ 91) اور ایک روایت میں ہے کہ یہ کلمات 99 بیماریوں کیلئے شفا ہے ادنیٰ اس میں سے غم ہے۔

نیک اولاد کیلئے وظیفہ

دوران حمل ہر روز (41) مرتبہ یَاقُدُّوْسُ پانی یا دوا پر دم کر کے پیتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نہایت با اخلاق اور پاک باطن اور نیک، ماں باپ کا تابعدار ہوگا۔ ساری عمر کبھی والدین کی نافرمانی نہیں کرے گا۔ (محاسنِ اسلام ستمبر 2020)

بیماریوں سے بچنے کیلئے سورۃ فاتحہ سے دوستی کر لیجئے

آج ہر جگہ بیماریوں نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں۔ علاج اس قدر مہنگے کہ اللہ کی پناہ! تو کیوں نہ ہم سورۃ فاتحہ سے دوستی کر لیں۔ یہ سورہ سورۃ شفاء کہلاتی ہے۔ اس میں تمام بیماریوں کا علاج ہے۔ ہر کھانے پینے سے پہلے سورۃ فاتحہ پڑھ لیں۔ کولر یا بوتل سے گلاس بھرنے کے دوران صرف ایک منٹ میں بآسانی سورۃ فاتحہ پڑھی جا سکتی ہے۔ خود بھی اس کی عادت بنائیں اپنے بچوں کو بھی عادی بنائیں، اور اپنے کو بھی عادی

بنائیں کہ ہر کھانے پینے کی چیز پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر پھر کھائیں پئیں۔ آپ اس سورۃ سے دوستی کر کے تو پھر دیکھیں (محاسنِ اسلام ستمبر 2020)

(حوادثات سے حفاظت آیت کریم کی تاثیر)

بزرگان دین کا یہ معمول ہے کہ حوادثات و آلام روزگار اور شدید بیماریوں اور پریشانیوں کے وقت آیت کریم پڑھتا تھا۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کا ورد کرتے ہیں۔ بعد نمازِ عشاء اس آیت کریم کو ایک سو ایک (101) بار اول و آخر گیارہ 11 بار درود شریف پڑھ کر اپنی حاجات کی دعا کی جائے، انشاء اللہ تعالیٰ غم سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ (محاسن اسلام اکتوبر 2018)

پریشانی کا حل

ظاہری و باطنی کوئی بھی پریشانی ہو اس کیلئے اکثر و بیشتر اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کا کثرت سے ورد استغفار و تسبیحات اور درود شریف کا مستقلاً ورد رکھنا سکون قلب کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

(اللہ تعالیٰ کو راضی کر لو۔۔۔ پھر پریشانی میں بھی شان ہوگی)

﴿صدقہ کا بہترین زمانہ﴾

ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ کون سا صدقہ اَجر و ثواب میں سب سے بڑھ کر ہے؟ نبی کریم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا: وہ صدقہ جو تم صحت و تندرستی کی حالت میں دو، جب کہ تمہیں دولت کی حرص ہو، تنگ دستی کا خوب ہوا اور سرمایہ کاری کی خواہش ہو، صدقہ کرنے میں اتنی تاخیر نہ کرو کہ روح حلق تک آ پہنچے اور پھر تم (آخری وقت میں) کہو کہ فلاں کو اتنا صدقہ دے دو اور فلاں کو اتنا، حالاں کہ اب وہ مال تو وارثین کا ہو چکا ہے۔

(صحیح بخاری، باب ای الصدقہ افضل، رقم:1419)

﴿نیک اعمال کے پانچ اثرات﴾

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نیک اعمال کی وجہ سے:

1 چہرہ پر رونق آتی ہے 2 دل میں نور پیدا ہوتا ہے 3 رزق میں کشادگی ہوتی ہے 4 بدن میں طاقت و قوت آتی ہے 5 مخلوق کے دل میں محبت پیدا ہو جاتی ہے (الجواب الکافی لابن القیم، فصل فی آثار المعاصی جلد 1 ص 54)

﴿اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے﴾

توبہ واستغفار کرنے والے (سورۃ البقرہ: 222) پاکیزگی اختیار کرنے والے (سورۃ التوبہ: 108) نیکیاں کرنے والے (سورۃ آل عمران: 134) صبر کرنے والے (سورۃ آل

عمران: 146)عدل وانصاف کرنے والے(سورۃ الحجرات: 9)تقویٰ اختیار کرنے والے(سورۃ التوبہ:4)سنتوں پرعمل کرنے والے(سورۃ آل عمران:31)

﴿گھر کے اندر اور باھرآفات سے حفاظت!﴾

نبی کریم ﷺ نے ارشادفرمایا:''جب تم اپنے گھر میں داخل ہوتو2رکعتیں نماز پڑھ لیا کرو،یہ2رکعتیں تمہیں گھر کے اندر کی برائی سے محفوظ رکھیں گی۔اسی طرح جب تم گھر سے نکلوتو2رکعتیں تمہیں گھر سے باہر نقصان سے بچائیں گی۔(مجمع الزوائد:3686:حدیث صحیح)

﴿نیکیوں کے اَنبار﴾

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:جس نے بازار میں داخل ہونے وقت یہ دُعا پڑھی:

لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَحْدَه‘ لَا شَرِيْكَ لَه‘ لَه‘الْمُلْكُ وَلَه‘ الحَمدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر۔

تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھتا ہے،اوراس کے دس لاکھ برائیاں مٹا دیتا ہے،اوراس کے دس لاکھ درجے بلند فرماتے ہے۔(سنن ترمذی:3428،إسنادہ صحیح)

بچیوں کے رشتہ کا مجرب وظیفہ

جن بچیوں کے رشتے نہ آتے ہوں وہ بچیاں خوداوران کے والدین حب ذیل وظیفہ صبح وشام پابندی سے پڑھا کریں وظیفہ یہ ہے۔يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ تین سو(300)مرتبہ اوريَابَاسِطُ يَا لَطِيْفُ (313)مرتبہ پڑھ کردعا کریں انشاءاللہ تعالیٰ بہتر رشتہ آجائے گا۔(وظائف اکابر)

لڑکی کے رشتہ کیلئے مجر ب عمل

رَبِّ اِنِّىْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَىَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ(سورۃ القصص 24.28)

اگر آپ کی لڑکی کیلئے رشتہ آتا ہو یا آتا ہومگر رشتہ پسند نہ آتا ہوتو ایک سو بارہ(112)مرتبہ اس دعا کو اور تین دفعہ سورۃ ضحیٰ پڑھیں ہر مہینہ گیارہ(11)دن تک پڑھیں اور تین مہینہ یہ عمل جاری رکھیں(وظائف اکابر جلداول صفحہ 96)

شادی میں بندش کادرود ابراھیمی سے حل

اگر کسی لڑکی یالڑکے کی شادی میں رکاوٹ ہویا سرے سے رشتہ آتا ہی نہ ہوتو لڑکا یالڑکی اوراس کی ماں صبح فجر کی نماز کے بعداور شام کومغرب کے بعد پانچ سو(500)مرتبہ درودابراہیمی پڑھ کردعا کریں تو بہت جلد نیک اوراچھے رشتہ کا اللہ انتظام کردیں گے ہیں اوررکاوٹ دورہوجاتی ہے۔(وظائف اکابر جلداول صفحہ نمبر96)

شادی کیلئے

اگرکسی لڑکے یالڑکی کا رشتہ نہ آرہا ہوتو وہ بعدنماز عشاءيَالَطِيْفُ يَاحَكِيْمُ (111)مرتبہ اول واخر میں درود شریف(100)مرتبہ پڑھیں پھر دعا کریں تو انشاءاللہ بہت جلد شادی ہوجائے گی یا بعدنماز فجر اول وآخر میں درود شریف(11)مرتبہ سورۃ یٰسین(1)مرتبہ جب سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبِّ الرَّحِيْمِ پر پہنچیں تو اس آیت کو(317)مرتبہ پڑھیں پھر آخر سورت تک مکمل کریں پڑھیں اوراس کے بعد شادی کیلئے دعا کریں انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد شادی ہوجائے گی۔(وظائف اکابر)

﴿بچوں کو سکھائیے!﴾

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کتابوں میں یہ لکھا ہے کہ وہ عمر میں اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ عَلٰى طَاعَتِكَ (اے اللہ تعالیٰ!ہم آپ سے آپ کی اطاعت پر مدد چاہتے ہیں)پڑھتے تھے۔اِس دعا سے ذہن اور علم میں برکت ہوتی ہے۔اس لے خود بھی اہتمام اوراپنے بچوں کو بھی یہ دعا یاد کرو مانگنے کی عادت بھی ڈلوایئے۔(ملفوظات حکیم الامت:ج26ص392)

﴿حقیقی کنجوس﴾

نبی کریم ﷺ نے فرمایا''(اصلی)بخیل وہ شخص ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا۔(سنن ترمذی،ابوب الدعوت،رقم:3546،حسن صحیح)

﴿اِیمان کی مضبوطی اور سلامتی کے لیے دُعا﴾

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًالَا يَرْتَدُّ وَ نَعِيْمًا لَا يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍﷺفِىْ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ (صحیح ابن حبان،ذکرالدعاءالذی سائل اللہ ماسائل:9170،اسنادحسن،مسنداامام اعظم کتاب الفضائل)

ترجمہ: اے اللہ تعالیٰ!میں آپ سے ایسے(مضبوط)ایمان کی دُعا کرتا ہوں جس سے کبھی محروم نہ ہوں،اورایسی نعمتوں وراحتوں کا سوال کرتا ہوں جو کبھی ختم نہ ہوں اور جنت کے اعلیٰ درجہ جنت الخلد میں نبی کریم ﷺ کی رفات کے(ساتھ)مانگتا ہوں۔

﴿سال اور مہینہ کے ابتداء کی دُعا﴾

حضرت عبداللہ بن ہشام رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم سال یا مہینہ کے شروع ہونے پر یہ دُعا پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَرِضْوَانٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ وَجَوَارٍ مِّنَ الشَّيْطٰنِ.

ترجمہ: اے اللہ! اس سال اور مہینے کو امن، ایمان، سلامتی، اسلام، رحمان کی رضا، اور شیطان سے پناہ کے ساتھ ہم کے ہم پر داخل فرما۔ (طبرانی فی الاوسط)

(نظرکی کمی زُوری کیلئے)

جس شخص کی نظر کم زور ہو لفظ ''اللہ'' کسی کاغذ یا تختی پر خوب جلی (موٹی لکھائی میں) لکھ کر اس پر نظر جمایا کرے، ان شاءاللہ تعالیٰ نگاہ تیز ہوجائے گی اور نظر کو بہت قوت حاصل ہوگی۔ (محاسن اسلام جنوری 2022ء)

(حافظہ کی قوت کے لئے)

21...بار سورۃ فاتحہ پانی پر دم کر کے پی لے۔ (محاسن اسلام جنوری 2022ء)

(برائے حفظ وحافظہ)

سورۃ الم نشرح لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا حفظ قرآن شریف اور تحصیل علم کے لئے خاص ہے۔ (عملیات پالنپوری ص5)

(ذھن اور حافظہ کے لئے)

سات سو چھیاسی (786) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب کے وقت پیئے جائیگا اور حافظہ قوی ہوجائیگا۔ (عملیات پالنپوری ص5)

(مرنے والوں سے خواب میں ملاقت...اَولیاء اللّٰہ کامجرب وظیفہ)

حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ سے ایک عورت نے حاضر ہوکر عرض کی...کہ میری بیٹی فوت ہوگئی ہے.....میں چاہتی ہوں...کہ خواب میں اُس کے ساتھ ملاقت ہوجائے...آپ نے فرمایا: نمازِ عشاء کے بعد چار رکعت نفل پڑھو...اور ہر رکعت نفل میں...سورۃ فاتحہ کے بعد...سورۃ ''الھٰکم التکاثر'' ایک مرتبہ پڑھ کر لیٹ جاؤ...دُرود پاک پڑھتی ہوئی سوجاؤ...اس عورت نے اس پر عمل کیا...تو خواب میں...اُس کی ملاقات...اُس کی بیٹی سے ہوگئی۔ (محاسن اسلام جنوری 2022ء)

﴿عفت وعزت کیلئے﴾

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی:

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے ہدایت، پرہیز گاری، عفت اور (لوگوں سے) بے پرواہی مانگتا ہوں (مسلم شریف)

(علم سے نفع حاصل کرنا)

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا (ابن ماجه)

اے اللہ! جو تو نے مجھے سکھایا ہے اس کے ساتھ مجھے نفع دے اور مجھے سکھا جو مجھے نفع دے اور میرے علم میں اضافہ کر۔

(موت اور حساب کی سختیوں سے حفاظت)

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَ اتِ الْمَوْتِ وَسَکَرَاتِ الْمَوْتِ (ترمذی سریف)

اے اللہ موت کی سختیوں اور اس سے طاری ہونے والی بے ہوشیوں میں میری مدد فرما۔

اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا (حاکم) اے اللہ! میرے حساب کو آسان فرمادے۔

(قرضے سے نجات)

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ (ترمذی شریف)

اے اللہ! میری کفایت کر اپنے حلال کردہ کے ساتھ، اپنے حرام کردہ سے (بچا کر) اور مجھے اپنے فضل سے اپنے سوا ہر کسی سے بے پرواہ کردے۔

(صبر وشکر کے لئے)

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّ اجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا

اے اللہ! تو مجھے بہت صبر کرنے والا اور بہت شکر کرنے والا بنادے اور مجھے میری نظر چھوٹا اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنادے (حصن حصین)

(چار چزوں سے پناہ)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا یُسْتَجَابُ لَھَا (مسلم شریف)

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دل سے جو نہ ڈرے اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دُعا سے جو قبول نہ کی جائے۔

عافیت کیساتھ گھر واپس لوٹنے کا وظیفہ

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو ایک لشکر میں بھیجا اور فرمایا کہ صبح وشام درج ذیل آیت تلاوت کرتے رہنا چنانچہ انہوں نے مسلسل یہ آیات پڑھیں صحابہ کرامؓ اجمعین کا بیان ہے کہ ہم ان کہ آیات کی وجہ سے سلامتی کے ساتھ مال غنیمت کے ساتھ واپس لوٹے وہ آیات یہ ہے

(سورۃ المؤمنون: آیت 115 تا 118 تک) اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ تا اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ تک

جانور اور دشمن سے حفاظت کا وظیفہ

اگر راستے میں کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو سات مرتبہ درج ذیل آیت پڑھ کر پھونک ماردیں۔ وہ آیت یہ ہے۔ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ (سورۃ البقرہ آیت 18 وظائف زوجین صفحہ 140)

﴿غریبی اور خوشحالی﴾

غریبی آتی ہے سات چیزوں کے کرنے سے

1۔ جلدی جلدی نماز پڑھنے سے۔
2۔ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے۔
3۔ پیشاب کرنے کی جگہ وضو کرنے سے۔
4۔ کھڑے ہو کر پانی پینے سے۔
5۔ منہ سے چراغ بجھانے سے۔
6۔ دانت سے ناخن کاٹنے سے۔
7۔ دامن یا آستین سے منہ صاف کرنے سے۔

﴿خوشحالی آتی ہے سات چیزوں کے کرنے سے۔﴾

1۔ قرآن کریم کی تلاوت کرنے سے۔
2۔ پانچوں وقت نماز پڑھنے سے۔
3۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے سے۔
4۔ غریبوں اور مجبوروں کی مدد کرنے سے۔
5۔ گناہوں سے معافی مانگنے سے۔
6۔ ماں، باپ اور رشتہ داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے سے۔
7۔ صبح کے وقت یٰسین شریف اور شام کے وقت سورۃ واقعہ پڑھنے سے

(تعمیر حیات ص 23۔25 ستمبر 2000ء)

﴿ایک مجرب عمل﴾

جمعہ کہ دن	یَا اَللّٰہُ یَا ھُو	ایک ہزار مرتبہ
ہفتہ کے دن	یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ	ایک ہزار مرتبہ
اتوار کے دن	یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ	ایک ہزار مرتبہ
پیر کے دن	یَا صَمَدُ یَا وِتْرُ	ایک ہزار مرتبہ
منگل کے دن	یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ	ایک ہزار مرتبہ
بدھ کے دن	یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ	ایک ہزار مرتبہ
جمعرات کے دن	یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	ایک ہزار مرتبہ (عملیات پالنپوری ص 3)

(دشمن سے حفاظت کی دعا مجرب)

دشمن کہ حفاظتا جب آپ کو ڈر ہو کہ ہم پکڑا جائے اور راستہ میں دشمن ہوں یا ظلم پولیس وغیرہ سے محفوظ ہونے کیلئے یہ قرآنی آیت بہت مجرب ہے، بہت علماء، اور طلباء، اور مجاہدین، اس وظیفہ کو استعمال کیا بہت فائدہ ہوا اور اپنے مقصد کو پہنچ گیا۔ وہ آیت یہ سورۃ یٰسین کی آیت نمبر 8 آخر تک پڑھیں۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ بوقت راستہ میں جانے پڑھ کر دشمن پر پھونک دے (سورۃ یٰسین آیت 8)

مختصر قرآنی سورتوں کے خواص و فوائد

سورۃ الفاتحہ

سورۃ فاتحہ اللہ کے غضب سے بچاتی ہے۔

سورۃ نوح

سورۃ نوح حضرت نوحؑ کی قوم کی صداقت کی گواہی دے گی

سورۃ الجن

سورۃ جن وجنات وآسیب کے اثر سے محفوظ رکھتی ہے۔

سورۃ البقرہ

سورۃ البقرہ کا پڑھنا برکت اور نہ پڑھنا حسرت ہے۔

سورۃ المزمل

یہ دنیا وآخرت میں خوش رکھے گی اور افلاس کو دور کرے گی۔

سورۃ یٰسین

سورۃ جن و جنات و آسیب کے اثر سے محفوظ رکھتی ہے۔

سورۃ البقرہ

سورۃ البقرہ کا پڑھنا برکت اور نہ پڑھنا حسرت ہے۔

سورۃ المزمل

یہ دنیا و آخرت میں خوش رکھے گی اور افلاس کو دور کرے گی۔

سورۃ یٰسین

سورۃ یٰسین قیامت کے دن پیاس بجھائے گی

سورۃ الفجر

سورۃ فجر اولاد نیک بخت ہوتی ہے۔

سورۃ الدّخان

مغفرت کا سبب ہے

سورۃ الرَّحمٰن

قرآن کی زینت ہے اور نعمتوں کا شکرادا کرتی ہے۔

سورۃ الشّمس

سورۃ الشّمس بدزبان آدمی کی بدزبانی دور کرتی ہے

سورۃ الوقعہ

سورۃ واقعہ فقر و فاقہ سے بچاتی ہے۔

سورۃ الکفرون

سورۃ کافرون موت کے وقت کفر سے بچاتی ہے۔(محاسن اسلام جولائی 2020 صفحہ 28)

(مختصر اسمائے حسنٰی) اللہ کے مبارک ناموں کے خواص و فوائد

علم میں اضافہ کیلئے

یَاحکِیْمُ یَابَاعِثُ

بعد نماز فجر اول و آخر درود ابراہیمی (21) بار اور اس وظیفہ کو (500) بار پڑھیں

حصول عزت کیلئے

یَاجَلِیْلُ یَا کَرِیْمُ

بعد نماز تہجد اول و آخر درود شریف (7) بار اور اس وظیفہ کو (101) ایک سو ایک بار پڑھیں۔

جادو سے صحت کیلئے

یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ

بعد نماز فجر اول و آخر درود ابراہیمی (21) بار اور اس وظیفہ کو (313) بار پڑھیں

یَاوَھَّابُ یَا وَاسِعُ

بعد نماز مغرب اول و آخر درود ابراہیمی (7) بار اور اس وظیفہ کو (101) بار پڑھیں۔

شفاعت نصیب ہونے کیلئے

یَا حَسِیْبُ یَا تَوَّابُ

بعد نماز عشاء اول و آخر درود ابراہیمی (11) بار اور اس وظیفہ کو (313) بار پڑھیں۔

گمشدہ کیلئے

یَاجَامِعُ یَامُعِیْدُ

بعد نماز عشاء اول و آخر درود ابراہیمی (11) بار اس وظیفہ کو (500) بار پڑھیں۔

مشکلات سے نجات کیلئے

حَسَبُنَااللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

مشکلات سے نجات کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْم

بعد نماز عشاء (12) ہزار مرتبہ ہر ہزار کے بعد 2 نوافل اور پھر دعا کر

باھمی محبت کیلئے بکثرت پڑھیں

یَاجامِعُ یَا وَدُوْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی حَبِیْبِکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍوَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اِنَّکَ رحِیْمٌ وَّدُوْدٌ بکثرت سے پڑھیں

دشمن سے حفاظت کیلئے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْ رِ ھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

(ماہنامہ محاسن اسلام اگست 2020 صفحہ 25)

مسنون اعمال دنیا و آخرت کی بھلائیاں مسواک کے حیرت انگیز فوائد و برکات

حضور ﷺ سے جن مواقع پر مسواک کرنا ثابت ہے۔

1:۔گھر سے نکلتے وقت 2:۔نماز سے پہلے 3:۔دوران وضو 4:۔جمعہ کے دن

5:۔نماز تہجد سے پہلے۔بحالت روزہ 7:۔سحری کے وقت 8:۔تلاوت سے پہلے

9:۔نیند سے بیدار ہونے پر 10:۔ سفر میں رات کو سونے سے پہلے

11:۔علم دین پڑھتے پڑھاتے وقت

مسواک کے جسمانی فوائد

1:۔منہ کی صفائی 2:۔قوت حافظہ میں اضافہ 3:۔بلغم کی صفائی 4:۔ ہاضمہ کی درستگی

5:۔زائد طوبت کا خاتمہ 6:۔ذہانت میں اضافہ 7:۔رزق میں آسانی

8:سر درد سے حفاظت 9:۔دانتوں کی مضبوطی 10:۔نظر کی تیزی

11:۔بدن میں قوت 12:۔مسوڑھوں کی مضبوطی

13:۔جسم سے زائدہ حرارت کا خاتمہ۔اس کے علاوہ بہت بے شمارہ فائدے ہیں۔

(محاسن اسلام اگست 2020 صفحہ 18)

ترک سنت پر تنبیہ کا واقعہ

چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی ؒ کا قصہ لکھا ہے کہ ایک بار آپ وضو کرنے میں انگلیوں کا خلال کرنا بھول گئے تو غیب سے آواز آئی کہ محبت رسول کا دعویٰ اور سنت کا ترک؟ آپ نے فوراً توبہ کی کہ آئندہ ایسی حرکت نہیں کروں گا۔اور لکھا ہے کہ آپ کی یہ حالت بھی کہ جہاں آپ آگ کو دیکھتے تو کانپ اٹھتے کہ کہیں قیامت کے روز سے اس کی سزا نہ ہوا تو اتباع سنت میں ان حضرات کا وہی حال تھا جو حضرت صحابہ کرام عنہ کا تھا (تاریخ مشائخ چشتی) (ان واقعہ سے معلوم ہوا کہ سنت کو ترک نہ کریں اگر کا معمولی عمل کیوں نہ ہوں آپ نے اوپر دیکھ کہ حرف خلال نہ کیا کتنا تنبیہ دیا اللہ رب العزت ہم سب کو سنت کی اتباع عطاء فرمائے۔آمین

(ان قیمتی باتوں کو معمول بنائیں)

(1)۔دن کا آغاز نماز فجر مسنون آذکار اور توکل علی اللہ سے کرو۔

(2)۔گناہوں سے مسلسل معافی مانگتے ہیں گناہ بھی معاف رزق میں بھی اضافہ۔

(3)۔دعا نہ چھوڑیں یہ کامیابی کی کنجی ہے۔

(4)۔یادرکھیں زبان سے نکلے کلمات لکھ جاتے ہیں۔

(5)۔سخت آندھیوں اور مشکلات میں اُمید کا دامن نہ چھوڑیں۔

(6)۔انگلیوں کی خوبصورتی ان کے ذریعہ تسبیح کرنے میں ہے۔

(7)۔افکار اور غم کی کثرت میں۔(لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ ۔ کہیں۔

(8)۔روپے پیسے سے فقیروں اور مسکینوں کی دعا خریدیں

(9)۔خشوع اور اطمینان سے کیا گیا سجدہ زمین بھر سونے سے بھی بہتر ہے۔اسکی قدر کریں۔

(10)۔زبان سے کوئی لفظ نکالتے ہوئے سوچیں اسکے اثرات کیا ہونگے ایک لفظ بھی بعض اوقات مہلک ہو جاتا۔(11)۔مظلوم کی بد دعا اور محروم کی آہ سے بچیں۔

(12)۔اخبار ورسائل سے پہلے کچھ تلاوت قرآن کر لیں۔

(13)۔آپ اپنی اصلاح کی فکر کریں اپکا گھرانہ بھی آپکے راستے پر چلے گا۔

(14)۔آپکا نفس برائی کی طرف بلاتا ہے اور نیکی میں لگا کر مقابلہ کریں۔

(15)۔والدین کی قدر کیجئے انکو نعمت عظمیٰ سمجھیں یہ رضائے الٰہی کا قریبی سبب ہے۔

(16)۔آپکے پرانے کپڑے غریبوں کیلئے نئے ہیں جب نیا سوٹ بنائیں پرانا صدقہ کردیں۔

(17)۔زندگی انتہائی مختصر ہے غصہ نہ کریں کسی سے بغض نہ رکھیں، رشتہ داریوں اور تعلقات کو خراب نہ کریں۔

(18)۔آپکو سب سے زیادہ طاقت والے اور سب سے بڑے مالدار کا ساتھ حاصل ہے،

(اللہ سبحانہ وتعالی) اس پر اعتماد کریں اور خوش رہیں۔

(19)۔گناہوں سے اپنے لیے دعا کی قبولیت کا دروازہ بند نہ کریں۔

(20)۔مصیبتوں، مشقتوں حتیٰ کہ ذمہ داریوں کے نبھانے میں نماز آپکی مددگار ہے اسکا سہارا لیں۔

(21)۔بدگمانی سے بچیں دوسروں کو بھی راحت پہنچائیں اور خود بھی راحت میں رہیں۔

(22)۔تمام فکروں غموں کا سبب اپنے رب سے دوری رہے۔اس کو دوری ختم کردیں۔

(23)۔وقت پر نماز کا اہتمام کریں۔قبر میں یہی ساتھ جائیگی۔

(24)۔غیبت نہ کریں نہ سنیں کوئی کررہا ہو تو اسکو بھی روکیں۔

(25)۔رات کو سورۃ الملک کی تلاوت قبر کا نجات کا باعث ہے۔

(26)۔خشوع سے خالی نماز، آنسو سے خالی آنکھیں، محرومی ہے اس محرومی سے نکلیں۔

(اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے بندوں میں شامل کرلیں آمین)

اللہ رب العزت اول مجھے اچھی عبادت کرنے کی توفیق عطاء فرمائے اور آپ سب کو بھی)۔آمین
(محاسن اسلام مارچ 2021ء صفحہ 27)
اللہ تعالیٰ نے سورۃ بنی اسرائیل کے دوسرے رکوع میں قیامت کی منظر کشی کرتے ہوئے فرمایا:۔

روزانہ کا محاسبہ چارٹ

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا (بنی اسرائیل:14)

ترجمہ (کہا جائے گا) لو پڑھ لو اپنا اعمال نامہ آج تم خود اپنا حساب لینے کیلئے کافی ہو۔آیئے! ذیل کے نقشے کی مدد سے اپنا محاسبہ کریں اور ہر آنے والے دن کو گزشتہ دن کی نسبت بہتر انداز میں گزارنے کا عزم کریں ایک مؤمن کی شان یہی ہے کہ اس کا ہر قدم پچھلے پہلے قدم کی نسبت بہتری کی طرف اٹھتا ہے اور وہ جنت کے قریب ہو رہا ہوتا ہے۔اور یہ نقشہ بچوں کو ضروری استعمال کریں بہت فائدہ ہوگا۔

1:۔پانچوں نمازیں باجماعت مسجد میں ادا کیں۔	ہاں/نہیں
2:۔والدین کی اتباع کیا یا نہیں۔	ہاں/نہیں
3:۔آج کسی کی غیبت تو نہیں کی۔	ہاں/نہیں
4:۔آج کتنی مرتبہ درود شریف پڑھا	300/100
5:۔آج گزرتے ہوئے ہر کسی کو سلام کیا۔	ہاں/نہیں
6:۔آج اپنی اصلاح کے لئے فکر کی۔	ہاں/نہیں
7:۔آج کسی کو نقصان تو نہیں پہنچایا۔	ہاں/نہیں
8:۔آج علم دین کی کوئی بات یا مسئلہ سیکھا۔	ہاں/نہیں
9:۔آج اللہ تعالیٰ کی نافرمانی تو نہیں کی۔	ہاں/نہیں
10:۔آج کچھ دینی کتاب کا مطالعہ کیا ہے۔	ہاں/نہیں
11:۔کیا مجموعی لحاظ سے میرا یہ دن گزشتہ دن سے بہتر ہے۔	ہاں/نہیں
12:۔آج آپ نے گھر میں بہن بھائی اپنے اوپر درجہ والوں کی اتباع کی۔	ہاں/نہیں
13:۔آج مدرسہ یا مسجد کو کتنے سپارے تلاوت کیں۔	ہاں/نہیں
14:۔آج کتنی مرتبہ استغفار پڑھا	100 % 200

(رسالہ محاسن اسلام فروری 2021 صفحہ 34)

کلمات خیر و برکت

1:۔کوئی کام شروع کرو تو کہوں	بِسْمِ اللّٰهِ	شروع اللہ کے نام سے
2:۔چھینک آئے تو کہوں	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	سب تعریف اللہ کیلئے ہیں۔
3:۔اللہ کے نادو تو کہوں	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰه	اللہ تعالیٰ کی راہ میں
4:۔نیک کام کرنے کا ارادہ ہو تو کہو	اِنْ شَآءَ اللّٰه	اگر اللہ نے چاہا
5:۔کوئی اچھی خبر سنو تو کہو	سُبْحَانَ اللّٰه	اللہ تعالیٰ پاک ہے
6:۔کسی کو تکلیف ہو تو کہو	يَا اللّٰه	اے میرے اللہ
7:۔کسی کی تعریف کرنا ہو تو کہو	مَاشَآءَ اللّٰه	جو اللہ نے چاہا
8:۔کراٹھو تو کہو	لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

خطرناک امراض سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّءِ الْاَسْقَام.

ترجمہ اے اللہ میں برص سے اور دیوانگی سے اور جذام (کوڑھ) سے اور تمام بری (اور موذی) بیماریوں سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔(حصن حصین)

انکھ کے زخم کا علاج

انکھ میں زخم ہو جائے یا چوٹ لگ جائے تو اس پر گیارہ (11) مرتبہ اَلنَّافِعِ الْبَارِئُ پڑھ کر دم کریں۔
(مستند قرآنی علاج صفحہ:222)

سب سے بڑا وظیفہ

تمام گناہوں کا چھوڑ دینا ہے۔کہ اس کے بغیر نہ کوئی دُعا قبول ہوتی ہے اور نہ کوئی وظیفہ و عمل اثر دیکھا تا ہے۔اللہ اول مجھے گناہوں سے محفوظ فرمائیں اور پھر آپ کو۔(آمین) (محاسن اسلام مارچ 2021)

شیطان سے گھر کی حفاظت

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آیت الکرسی قرآن کریم سورتوں کی سردار ہے۔جس گھر میں پڑھی جائے شیطان اُس سے نکل جاتا ہے۔(معارف القرآن)

بِسْمِ اللّٰه کے فوائد

بسم اللہ میں 19 حروف ہیں ایک مشہور روایت ہے شمس المعارف الکبری میں کہ جو شخص صبح کے وقت 19 بار بسم اللہ پڑھ لے اور وہ اس دن فوت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنے فضل سے جہنم سے آزاد

فرمائیں گئے اور نہادست کا درجہ دیں گے اس کیلئے کہ جہنم کے 19 دروازے ہیں اور بسم اللہ کے بھی 19 حروف ہیں تو ایک ایک حرف کے پڑھنے پر جہنم کے ایک ایک دروازے سے خلاصی ہوتی جائے گی۔

(2)۔اگر ہم اپنی شادی کی تقریبات یا دیگر دعوتوں میں 19 بار بسم اللہ پڑھ کر کھانے کی چیزوں پر دم کریں تو انشاء اللہ تعالیٰ کسی بھی چیز کی کمی واقع نہیں ہوگی بلکہ خوب برکت ہو جائے گی۔

(3):۔بسم اللہ کے بارے میں ایک مشہور روایت ہے کہ مسلمان جس کام کے ابتداء میں بسم اللہ پڑھ لے گا اس کام میں نقصان نہیں اٹھائے گا۔

(۴)۔رات کو سوتے وقت اگر کوئی 19 بار بسم اللہ پڑھ کر اپنے گھر کا حصار کر لے تو اس کے پورے گھر کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ خود لے لیتے ہیں اور وہ شخص صبح سکون سے اٹھے گا اسے کسی قسم کی پریشانی نہیں ہوگی اس لیئے ہمیں چاہئے کہ اس کو
اپنے معمولات میں شامل کرلیں (وظائف اکابر جلد اول صفحہ 188)

اللہ تعالیٰ ہم سب سے بہت زیادہ محبت فرماتے ہیں

اپنے تمام معاملات کو اللہ کے سپرد کر دینا چاہے کہ وہ ستر (70) ماؤں سے زیادہ شفیق ذات ہے اللہ تعالیٰ سے ہم جس طرح گمان کریں گے وہی معاملہ ہوگا۔اس لئے اللہ تعالیٰ سے اچھی اچھی امیدیں وابستہ رکھنی چاہئیں،استغفار اور درود کی کثرت رکھنی چاہئے پُرسکون ایمانی وروحانی زندگی کیلئے یہی چیزیں اصل اور حقیقی سرمایہ ہے۔(محاسن اسلام مارچ 2021)

شہوت اور بدنظری کا مفید علاج

روزانہ خلوت میں توجہ کے ساتھ یَاحَمِیۡدُ یَابَاعِثُ ایک سو(100) مرتبہ پڑھیں اول وآخر درود شریف بھی پڑھ لیں۔تقریبا دو ہفتے پابندی کریں۔اللہ تعالیٰ گناہوں کے تقاضوں اور بدنظری جیسے مہلک امراض سے نجات عطاء فرمادیں گے۔(اسلامی وظائف صفحہ:199)

ان عادتوں کو معمول نه بنائیں)

1:۔غیبت نیک اعمال کو کھا جاتی ہے۔
2:۔غم عمر کو کھا جاتا ہے۔
3:۔غصہ عقل کو کھا جاتا ہے۔ایک اور روایت میں ہے صبر اللہ کی طرف سے ہے اور غصہ شیطان کی طرف سے ہے۔
4:۔جھوٹ رزق کو کھا جاتا ہے۔

:۔تکبر علم کو کھا جاتا ہے۔
6:۔بہادر وہ ہے جو صبر تحمل سے کام لے اور مشکل وقت میں برے پڑوسی کی مدد کرے۔دنیا کی تھکن اتارنے کا سبب مؤثر ذریعہ ذکر اللہ ہے۔اللہ رب العزت ہم کو بری عادتوں سے اول مجھے اور پھر آپ سب کو محفوظ فرمائے آمین ثم آمین۔حسین اخلاق ایسا ہتھیار ہے جس کا وار خالی نہیں جاتا۔
(محاسن اسلام فروری 2021)

خاموشی کے سات ہزار فوائد

علماء نے لکھا ہے کہ خاموشی کے سات ہزار فوائد ہے ان میں سات یہ ہیں
1:۔خاموشی بغیر ٹھاٹ کے عبادت ہے۔
2:۔بغیر زیوارت کے زینت ہے۔
:۔بغیر سلطنت کے ہیبت ہے۔۔
4:۔بغیر قلعہ کے حفاظت ہے۔
5:۔بغیر اعتذار کے دولت ہے۔
6:۔لکھنے والے فرشتوں کیلئے باعث راحت ہے۔
7:۔نقائض وعیوبات پر پردہ ہے
(قلوبی 271) محاسن اسلام فروری 2021)

چار منٹ میں جنت میں محل

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص دس مرتبہ سورۃ اخلاص (قُلۡ هُوَ اللّٰهُ احدٌ) پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے واسطے جنت میں ایک گھر بنا دیتے ہیں (کنز العمال جلد 1 صفحہ 585)

(فائرنگ کی دعا)

جب دشمن پر فائرنگ کرتے ہوں اس وقت یہ دعا پڑھا کرو وَمَا رَمَیۡتَ اِذۡ رَمَیۡتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ رَمٰی بہت مجرب عمل ہے (ترجمہ) اور آپ نے پھینکا آپ نے نہیں پھینکا لیکن اللہ نے پھینکا (سورۃ انفال آیت:16)

(مجاہدین کی کامیابی کیئلیے)

اَلۡحَمۡدُ سے وزدنٰھم تک روزانہ کثرت سے پڑھنا یہ آیتیں مجاہدین کے درمیان اختلافات ختم کرنے کیلئے بھی نہایت مفید ہیں (وظائف شفا صفحہ:100)

کسی کام کی بندش کیلئے وظیفہ یعنی کام نہ ہونے سے پریشان ہو

اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنَ یہ آیت بہت زیادہ مجرب ہے کسی جگہ مصیبت یا کام نہیں ہوتا ہو
اور آپ پریشان ہو یا دفتر وغیرہ میں حل نہ ہو سکے تو یہ آیت پڑھی (سورۃ یٰسین آیت 82)

وساوس سے بچنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ بوقت وساوس کثرت سے پڑھنا
یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ .
(تفسیر القرطبی 4/صفحہ 20۔تفسیر روح المعانی 2/ 14,431/ فتح القدیر/صفحہ 430)

(سورۃ انعام کی ابتدائی تین آیتوں کی فضیلت)

نبی کریم ﷺ سے روایت ہے کہ جس نے سورۃ انعام کی ابتدائی تین آیتیں پڑھ لئے۔یعنی ماتکسبون..تک تو اللہ تعالیٰ اس پڑھنے والے کیلئے چالیس فرشتے مقرر فرمادیتے ہیں۔جو قیامت تک انکے اعمال نامہ میں لکھتے رہتے ہیں۔اللہ تعالیٰ آسمان سے اس پڑھنے والے کیلئے ایک فرشتہ اتارتا ہے،جس کہ پاس لوہے کا گرز (فلک) ہوگا،جب شیطان اس بندے کے دل میں وسوسہ ڈالنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ فرشتہ اسکو اسطرح مارتا ہے کہ اس بندے اور شیطان کے درمیان ستره(70) پردے (حجاب) بن جاتے ہیں۔اور جب قیامت کا دن ہوگا،اللہ اس بندے کو کہے گا کہ جاؤں میرے رحمت کے سایہ میں اور کھاؤ جنت کے پھلوں سے ماء الکوثر سے ہوں،اور ماء اسلسبیل سے غسل کیا کرو،تو میرا بندہ ہے اور میں آپ کا رب ہوں۔(تفسیر جلالین سورۃ الانعام حاشیہ میں)

استقامت في الدين

کلمہ شہادت روزانہ سو(100) مرتبہ پڑھنا۔جو شخص اس سے دعا مانگتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ دین پر ثابت قدم رہے گا جس کی برکت سے خاتمہ ایمان پر ہوگا۔(وظائف اکابر جلد اول صفحہ 94)

شرح صدر کیلئے

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْ أَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ
لِّسَانِیْ یَفْقَهُو قَوْلِیْ (سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 20)

من پسند رشتہ کیلئے درود شریف

جو چاہے کہ اسے من پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے با کمال ہو تو اسے چاہئے کہ عشاء کے بعد تہجد کے وقت گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا گو ہو تو حق تعالیٰ

شانہ اس کی جائز دلی مراد پوری کردینگے اور اس رشتہ میں باہم الف و محبت نصیب ہوگی مدت عمل اکیانوے (91) دن ہے پھر یہ دعا پڑھیں۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْعِزَّةِ الْكِبْرِ یَآءِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ (وظائف اکابر جلد اول صفحہ 97)

اولاد کے حصول کرنے کیلئے مجرب عمل

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ
جس کو اولاد سے مایوسی ہوگئی ہو اس آیت کو پڑھا کرے خداوند کریم اس کی برکت سے فرزند صالح عطاء فرمائیں گے انشاء اللہ تعالیٰ (سورۃ عمران آیت 38) اور اعمال قرآنی مولانا اشراف تھانوی صاحب والا صفحہ 5)

اولاد نرینہ کا عمل

وَاتَّقُوا الَّذِیْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ () اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِیْنَ وجَنّٰتٍ وَّ عُیُوْنٍ (سورۃ اشعر 132 تا134) نرینہ اولاد کیلئے اور رزق کی برکت کیلئے اس آیت کو کثرت سے پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔(محاسن اسلام 2020 صفحہ 23)

دوسرا طریقہ: یہ کہ ہمارے مشفق استاد حضرت مولانا مفتی محمد نعیم الطالب صاحب نے ترجمہ تفسیر میں اس مذکورہ آیت میں فرمایا تھا کہ جو شخص اولاد سے مایوس ہوں تو سات (7) انڈے اُبلے ہوئے منگوائے اور چھلکا اتار کر اس پر یہ آیت مبارکہ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ لکھی کر اس طریقہ پر کہ ہر انڈے پر جدا جدا یعنی ایک ایک انڈے پر مذکورہ آیت لکھے اور ایک انڈا شوہر اور ایک انڈا بیوی کھائے جس دن کھائے تو اُس رات ہمبستری کریں اور جب تین رات مکمل ہوجائے اور آخری رات میں جب ایک انڈا رہ جائے تو ادھا کریں ادھا شوہر کھاے اور ادھا بیوی اور انڈے کہ درمیان میں جو زرد ہے تو وہ زیادہ عورت کھائے تو یہ بہتر ہے۔یہ عمل بہت زیادہ مجرب ہے جس نے بھی یہ عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو فرزند صالح عطاء فرمایا (سورۃ عمران آیت: 37)

محبت کیلئے

مفتی محمد نعیم الطالب صاحب ترجمہ تفسیر درس میں اس آیت مبارک میں فرماتے ہیں۔
وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ کہ جب آپ کسی کے ساتھ تعلق قطع کرتے ہو۔اور وہ آپ کے ساتھ باتیں نہ کرتا ہوں تو اس آیت کو اس پر پھونک دو یا کاغذ پر لکھ کر اس کو پانی میں ڈالو اور پھر اُس کو پلایا جائے تو انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا آپ کے ساتھ وہ باتیں شروع کرے گا۔کیونکہ تعلق قطع کرنا

گناہ ہے۔حدیث کامفہوم آپ ﷺ نے فرمایا(صِلُ مَنُ قَطَعَ) یہ وظائف بہت زیادہ مجرب ہے
ہم نے یہ وظیفہ بہت سے لوگوں کو دیا جس سے اُن کو بہت فائدہ ہوا ایک مرتبہ ایک شخص میرے پاس آیا اس
نے کہا کہ میرا بھائی اپنی بیوی کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کرتا ہے یعنی محبت نہیں کرتا ہے، اگر آپ کہ پاس
کوئی وظیفہ ہوں تو دے میں اپنے مشفق استاذ حضرت مفتی نعیم صاحب کے پاس آیا اس کو واقعہ بتایا اپنے
دوست کا تو مفتی صاحب نے اس کو یہ آیت مبارکہ لکھ کر دی اس نے کہا کہ یہ پانی میں ڈالوں جب شوہر
پانی چاہتا ہے تو اس کو دو تو انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا کچھ دن بعد وہ دوست آیا میں نے اس پوچھا کہ کچھ فائدہ
ہوا اس نے کہا کہ بہت فائدہ ہوا وآپس میں بہت محبت اور پیار کرتے ہے (اللہ رب العزت ہمارے استاذ
مکرم کی عمر میں مزید برکت عطاء فرما اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کو دارز عمر دین کی خدمت کیلئے عطاء فرماء لے
اور اللہ تعالیٰ اس کی جان و مال اولاد میں برکت عطاء فرماء لے اور انکی تمام شرعی مسائل حل فرمالے، اور اسکی
تمام دینی خدمات کو قبول فرمائے آمین ثمّ آمین (آیت مبارکہ سورۃ طٰحٰہٰ 38)

انمول خزانہ نمبر1کے فضائل وفوائد

مندرجہ ذیل چھ(6)دعاؤں کو پہلے درود شریف پھر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم کے ساتھ ہر فرض
نماز کے بعد پڑھیں وہ چھ(6)دعائیں مندرجہ ذیل ہیں۔

1:۔سورۃ فاتحہ(پارہ1) 2:۔آیت الکرسی(پارہ3سورۃ البقرہ آیت255)
3:۔ شَھِدَ اللّٰہ سے حساب تک(پارہ نمبر3سورۃ ال عمران آیت 19/18 تک)
4:۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِكَ الۡمُلۡكِ سے حساب تک (پارہ3سورۃ عمران 27/26)
:۔لقدجَاء کُمۡ سے آخرتک(پارہ11سورۃ توبہ آیت نمبر129/128)

عظیم الشان وظیفہ

سیدنا ایوب انصاریؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی شھِدَ اللّٰہُ اَنَّہُ لَا اِلٰہَ ھُو
اور قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِكَ الۡمُلۡكِ تُؤتِی الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشاء،،تك بِغَیۡرِ حِسَابِ تک نازل ہوئی
عرش سے معلق ہو کر فریاد کی کہ کیا آپ ہمیں ایسی قوم پر نازل فرما رہے ہیں جو گناہوں کا ارتکاب کریں
گے۔ارشاد فرمایا کہ قسم ہے میری عزت و جلال اور ارتفاع مکان کی کہ جو لوگ ہر فرض نماز کے بعد
تمہاری تلاوت کریں گے ہم ان کی مغفرت فرمادیں گے اور جنت الفردوس میں جگہ دیں گے اور ہر روز
ستر(70)حاجتیں پوری کریں گے۔جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے۔
روح المعانی بحوالہ دیلمی، تفسیر الدر المنثور، تفسیر معارف القرآن مولانا مفتی محمد شفیع صاحب بعض روایات

میں ہے کہ ہم اس کے دشمنوں پر اس کا غلبہ عطاء کریں گے(بحوالہ روح المعانی جلد3صفحہ106)

لَقَدۡ جَاءَ کُمۡ کی فضیلت

علامہ سخاوی، ابوبکر بن محمدؒ سے نقل کرتے ہیں کہ میں جناب ابوبکر بن مجاہدؒ کے پاس تھا کہ اتنے میں شیخ
المشائخ شبلی آئے ان کو دیکھ کر ابوبکر بن مجاہد کھڑے ہوئے گئے ان سے معانقہ کیا ان کی پیشانی کو بوسہ دیا
میں نے ان سے عرض کیا کہ میرے سردار آپ شبلی کے ساتھ یہ معاملہ کرتے ہیں حالانکہ آپ اور سارے
علماء بغداد یہ خیال کرتے ہیں کہ یہ پاگل ہیں انہوں نے فرمایا کہ میں نے وہی کیا جو رسول اللہ ﷺ کو
کرتے دیکھا پھر انہوں نے اپنا خواب سنایا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی کہ
رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں شبلی حاضر ہوئے رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوگئے اور ان کی پیشانی کو
بوسہ دیا اور میرے استفسار پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ ہر نماز کے بعد یہ آیت شریف:
لَقَدۡ جَاءَ کُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ (سورۃ التوبۃ 128/9)اخر تک پڑھتا ہے۔ابوبکرؒ کہتے ہیں کہ
اس خواب کے بعد جب شبلی آئے تو میں نے ان سے پوچھا کہ نماز کے بعد کیا ورد پڑھتے ہو تو انہوں نے
یہی بتایا۔(بقایا تفصیل مع واقعہ کہ ساتھ وظائف اکابر جلد اول صفحہ 167 میں ہے)

برائے سحر اعمال اشفاقیہ

جس پر سحر کیا گیا ہو اس کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھا جائے اور اس نقش کو پانی میں ڈال کر مریض کو پلایا جائے
اور اس کے جسم پر چھینٹے لگائی جائیں۔نقش کو لفظ اللہ سے لاتعداد بھر دیں۔

اللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہ
اللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہ
اللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہ
اللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہ
اللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہاللہ

اور سحر زدہ اور جنات کے مریض پر مندرجہ ذیل وظائف پڑھ کر دم کریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔
(1)چار قُل بسم اللہ کے ساتھ 2:۔سورۃ الفاتحہ(3)سورۃ البقرہ کی ابتدائی پانچ آیات
(4)آیۃ الکرسی 5:۔سورۃ البقرہ کا آخری رکوع(6)سورۃ الجن کی ابتدائی چار آیات
(7)معوذتین 3-3بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور مستقل پانی پر دم کر کے مریض کو اس سے غسل
کرنے کیلئے کہی اور مندرجہ ذیل کلمات چالیس(40)روز تک چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں،

يَا حيُّ حِينَ لَا حَيُّ فِيُ دِيمُوُمَةِ مَلَكَهٗ وبِقَاتِهٖ يَاحَيُّ (وظائف اکابر جلد اول صفحہ 186)

عذاب قبر سے نجات کیلئے

عذاب قبر سے نجات کیلئے ہر روز بعد نماز عشاء کے باوضو سورۃ الملک ایک بار پڑھ لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ عذاب قبر سے محفوظ رہیں گا۔اس کا روزانہ پڑھنا عذاب قبر سے نجات کا ذریعہ ہے اور مریض پر پڑھنے سے تین بار صبح وشام شفاء کا موجب ہے۔

مریض کی شفا کیلئے دعا

مریض پر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے اگر موت مقدر نہ ہوتو اللہ تعالیٰ ضرور شفاء دے گا۔وہ دعا یہ ہے۔

اَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیْکَ

(سنن ابی داوٗد کتاب الجنائز باب الدعاء للمریض عند العیادۃ رقم الحدیث 2700 مسند احمد بدایۃ مسند عبداللہ بن عباس رقم الحادیث 2030 کنزل العمال رقم 25133)

عمل آیت الکرسی

مولانا مفتی ولی حسن صاحب نوّر اللہ مرقدہ جادو کے علاج کیلئے عمل آیت الکرسی تلقین فرمایا کرتے تھے عمل آیت الکرسی یہ ہے۔درود شریف تین بار ت سورۃ الفاتحہ تین بار آیت الکرسی تین بار سورۃ اخلاص تین بار سورۃ الفلق تین بار سورۃ الناس تین بار درود شریف فجر،ظہر،اور عشاء کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیریں یہ دم
مریض پر بھی کیا جا سکتا ہے بعض مشائخ اس میں سورۃ الکافرون کا اضافہ بھی فرماتے ہیں۔
(وظائف اکابر جلد اول صفحہ 120)

عزت حاصل کرنے کا نسخہ

فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْ جَعُوْنَ

اگر آپ لوگوں کی نظروں سے گر گئے ہوں،اور چاہتے ہوں کہ آپ کی عزت قائم ہوجائے تو مذکور آیت کو گیارہ (11) دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کامیاب ہوجائے گے۔
(سورۃ یٰسین 83 اور وظائف اکابر جلد اول صفحہ 122)

غصہ دور کرنے کا نسخہ

والْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ الْعافِیْنَ عَنِ النَّا سِ واللّٰہُ یُحِبَّ الْمُحْسِنِیْنَ

اگر آپ کا غصہ شدید ہے اور آپے سے باہر ہوجاتے ہیں تو ایک سو ایک (101) دفعہ مذکور آیت اکیس

(21) دن تک چینی یا شکر پر پڑھیں پھر اس کو چائے یا پانی میں ڈال کر پی جائیں۔تو غصہ ختم ہوجائے گا۔(سورۃ آل عمران 34)

غیبت سے بچنے کا عمل

مجلس میں بیٹھتے وقت اگر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلِّ عَلٰی مَحَمَّدٍ پڑھے تو یہ خود لوگوں کی غیبت سے اور لوگ اس کی غیبت سے محفوظ رہیں گے۔انشاء اللہ

نوکری کیلئے انٹریو میں کامیابی

اگر کسی عہدہ ملازمت پر بہت سے امیدواروں کی درخواستیں آئی ہو اور انتخاب صرف چند کا ہونے والا ہو تو ایسی صورت میں کوئی امیدوار چاہیے کہ میری درخواست منظور ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت تین روز تک ایک مقرر وقت پر سات سو (700) مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ تمام اُمیدواروں میں سے اس ختم کا پڑھے والا عہدہ ملازمت پر منتخب کر لیا جائے گا یہ عمل نہایت مجرب ہے اور بار ہا ازمودہ عمل ہے۔وہ آیت ہے۔

نَرْفَعُ دَرجَاتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفوْق کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ (سورۃ یوسف آیت نمبر 76)

سخت ترین حالات کیلئے مسنون دعا

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں جن کو تم سختی اور مصیبت کے وقت پڑھا کرو۔وہ کلمات یہ ہے۔

اَللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

ترجمہ:۔اللہ اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں مانتا۔

(رسال محاسنِ اسلام نومبر 2020 صفحہ 23 بحوالہ سنن ابی داوٗد باب فی الاستغفار حدیث 1527)

تیزا مزاج مرد کی اصلاح کا عمل

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا (سورۃ الطلاق 15) تحقیق وہ مکر کرتے ہیں ایک مکر گھر میں کسی بھی فرد کا غصہ بہت تیز ہو تو اس شخص پر یہ دعا پڑھ کر پھونکیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔(محاسنِ اسلام 2020)

بچوں کو نیک فطرت اور ذہین بنانے کیلئے

بچوں کو نیک فطرت اور ذہین بنانے کیلئے ہر کھانے پینے کی چیزوں پر یہ اللہ کا نام پڑھ کر کھلائیں یَا ھَادِی تین مرتبہ (3) (اعمال قرآنی)

دواؤں کے مضر اثرات سے بچنے کیلئے

سورۃ الطلاق (آخری پارہ) تین مرتبہ پڑھ کر بسم اللہ کے ساتھ دواؤں پر دم کریں (اعمال قرآنی)

سورۃ فاتحہ سورۃ شفاء

امراض سے شفا کیلئے کم از کم گیارہ (11) بار الحمد اللہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے رہیں۔ جس قدر زیادہ تعداد

الحمداللہ کی ہوگی۔ اثر بڑھتا جائے گا۔ مریضوں کو اس عمل سے بہت جلد حق تعالیٰ کی رحمت سے شفاء ہوتی ہے۔ اس کا نام سورۃ شفاء بھی ہے۔ (مجالس ابرار)

دینی و دنیاوی کی ترقی کا آسان عمل

یَـــا لَــطِیْفُ کی تسبیح ترقی کیلئے مفید ہے عشاء کے بعد پڑھی جائے اول و آخر میں درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ (القلام الحسن)

ہر مرض کیلئے شافی

ہر مرض کی شفاء کیلئے یَـــا سَلَامُ 131 مرتبہ اول و آخر میں درود شریف گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر دم کرنا اور دعا کرنا کہ اے اللہ اس نام پاک یَا سَلَامُ کی برکت سے تمام امراض سے سلامتی عطاء فرما مجرب ہے۔

کسی کام میں رکاوٹ دور کرنے کا عمل

بارہ روز تک روز اس دعا کو بارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر ہر روزانہ دعا کیا کرے انشاء اللہ کیسا ہی مشکل کام ہو پورا ہو جائے گا۔ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ (مجاسن اسلام جنوری 2021ء)

مقدمہ کی کامیابی کیلئے عمل

ایک شخص نے کسی اللہ والے سے مقدمہ کی کامیابی کے لئے وظیفہ پوچھا تو اللہ والے نے فرمایا گھر کے سب لوگ یَا حَفِیْظُ بغیر کسی تعداد کے بکثرت سے پڑھتے رہیں (محاسن اسلام جنوری 2021)

عزت کی حفاظت کیلئے قرآنی عمل

وَلَا یَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعاً هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اگر کوئی کسی کو بدنام کرنے پر تُلا ہے اور اس کو اپنی عزت کا خطرہ ہے تو وہ اس دعا کو صبح و شام 41 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دے (قرآنی مستجاب دعائیں) سورۃ یونس 65)

لڑکی کی پیدائش کا عمل

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَاتَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَاتَزْدَادُ وَ كُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ

(سورۃ الرعد 7)

جو عورت لڑکی کی خواہش رکھتی ہو وہ روزانہ 21 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے (5 مہینے تک) جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو۔ ابتدا سے لے کر 9 مہینے تک روزانہ 1 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے (محاسن اسلام جنوری 2021ء)

مشکلات میں آسانی کا قرآنی عمل

یَـفْـرَحُ الْـمُـؤْمِـنُـوْنَ (4) بِـنَـصْـرِ الـلّٰـهِ یَـنْـصُـرُ مَـنْ یَّشَـآءُ وَ هُـوَ الْـعَـزِیْـزُ الرَّحِیْمُ جائز مراد کے لئے اور ہر مشکل کی آسانی کیلئے ان آیتوں کو ایک سو تیرہ دفعہ پڑھیں۔

باھمی محبت کیلئے آسان عمل

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تم باہم مصافہ کیا کرو اس سے کینہ کی صفائی ہوتی ہے اور آپس میں ہدیہ دیا کرو اس سے باہم محبت پیدا ہوگی اور دلوں سے دشمنی دور ہوگی (مؤطا امام مالک حدیث نمبر: 3368)

آسان استخارہ

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے اس طرح پڑھیں کہ دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین ایک بار پڑھیں نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک یَـــا حَـکِـیْـمُ یَـــا مَـجِـیْـدُ لکھ کر سو جائیں انشاء اللہ جس جانب خیر ہوگی اللہ تعالی اسی طرف دل کو مائل فرما دیں گا۔ (اسلامی وظائف)

حل مشکلات کیلئے آسان عمل

دو رکعت صلوٰۃ الحاجۃ پڑھیں ۔۔۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور دوسری میں سورۃ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیر کر ایک سانس میں جتنی بار ممکن ہو یَا هَادِیُ کا ورد کریں سانس ٹوٹنے کے بعد سجدے میں جا کر اللہ تعالیٰ کو اپنی مشکل و حاجت پیش کریں انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان اور حاجت پوری ہوگی۔ اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ (لطف اللطیف صفحہ نمبر: 34)

بلڈ پریشر کا قرآنی علاج

فجر کی نماز کے بعد سورۃ فاتحہ مکمل پڑھ کر خود پر دم کر لیں اور پانی پر دم کر کے پی لیں۔ (محاسن اسلام ستمبر 2020ء)

اھل مجلس کو کھانا پورا ھو جائے

جس قدر کھانا تیار ہوا چانک مہمان زیادہ آ جائیں تو آپ ایسے میں اطمینان سے موجود کھانے پر صرف تین مرتبہ سورۃ القریش پڑھ کر دم کریں اور کھانے کو اوپر سے ڈھانپ دیں۔ ضرورت کے مطابق لیتے جائیں انشاء اللہ کھانا تمام مہمانوں کو پورا ہو جائیگا۔ (جامع الوظائف)

بے یار و مددگار کیلئے مجرب عمل

کوئی شخص کسی سے تنہارہ گیا ہواور اس کا کوئی حمایتی وطرف دار نہ ہوتو وہ اکیس (21) مرتبہ سورۃ توبہ کی یہ آیت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اجنبی لوگ طرفدار اور دوست بن جائی کی (طب روحانی) وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ وَمَالَکُمْ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّ لِیٍّ وَّ لَانَصِیْر (سورة یونس ایت:116)

اہل خانہ کی عافیت کیلئے مسنون دعا

عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ اللہ کی قسم! مجھے اپنی جان اپنے اہل وعیال اور مال کے بارے میں بہت ڈر رہتا ہے آپ نے فرمایا وشام یہ کلمات پڑھا کرو۔ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ

ترجمہ:۔ میں اپنے دین پر اپنی جان پر اپنی اولاد پر اپنے گھر والوں پر اور اپنے مال پر اللہ کا نام لیتا ہوں۔

اس آدمی نے یہ کلمات کہنے شروع کر دیئے اور پھر حضور ﷺ کی خدمت میں پیش آیا حضور ﷺ نے اس سے پوچھا تمہیں جو ڈر لگتا تھا اس کا کیا ہوا اس نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا ہے وہ ڈر بالکل جاتا رہا ہے۔ (اخرجہ ابن عسیا کر بذا فی الکنز 1 /صفحہ 294)

تین باتوں سے پنا مانگنے کی مسنون دعا

اَللّٰھُمَّ لَا تُھْلِکْنَا فَجَاءَۃً وَلَا تَاْخُذْنَا بَغْتَۃً وَلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِیَّۃٍ

ترجمہ:۔ اے اللہ ہمیں ناگہاں ہلاک نہ کیجئے اور نہ ہم کو اچانک پکڑیئے اور نہ ہمیں کسی حق ووصیت سے غافل رکھئے (مناجات مقبول)

ہر قسم کی پریشانیوں سے بچنے کیلئے اکابر کا مجرب عمل

بعض اکابر صوفیاء کرام نے کسی شخص کو مہم ۔۔۔ اور مشکل پیش آنے پر بعض اذکار کا وظیفہ پڑھنے کو بتادیا ۔۔۔ اس نے اس ذکر کو چند آدمیوں کی مدد سے ختم کیا اور دعا مانگی اور مراد پائی۔ اسے ختم خواجگان کہتے ہیں اور اس کے بے شمار فوائد ہیں۔

حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی خانقاہ میں یومیہ پڑھا جاتا تھا اس کی برکت سے مصائب سے حفاظت امراض سے شفا کھاری کنویں کا میٹھا ہو جانا....ہے حیرت انگیز فوائد وثمرات دیکھے گئے ہیں آج بھی بعض اکابر کے ہاں بعد عصر اجتماعی انداز میں پڑھا جاتا ہے۔ اس وظیفہ کا طریقہ:۔ اول آخر درود شریف پھر 313 مرتبہ یہ کلمہ پڑھیں۔

لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ

پھر 313 مرتبہ یہ سورۃ پڑھیں اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ الخ

پھر 313 مرتبہ اوپر والا کلمہ لَا حَوْلَ پورا پڑھیں۔ (محاسن اسلام جون 2020ء صفحہ 28)

عزت نیک نامی اور صحت بند کیلئے مجرب عمل

فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

اگر آپ کو عزت وآبرو اور وقار حاصل کرنا ہو یا بخار کو دور کرنا ہو یا زخم کو ٹھیک کرنا ہو۔۔ یا اچھے کاموں میں نام پیدا کرنا ہو... یا عمل کا وزن بھاری کرنا ہو..تو روزانہ مذکور آیت سات مرتبہ پڑھیں۔

ذہن اور حافظہ کیلئے

سات سو چھیاسی (786) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ (محاسن اسلام جون 2020)

ہر رنج و غم دور کرنے کا بہترین نسخہ

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ.

عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھنے سے ہر رنج وغم دور کرنے کیلئے غیب سے مدد کا دروازہ کھلتا ہے۔ (محاسن اسلام جون 2020)

رزق میں کشادگی اور کاروبار کی ترقی کیلئے مجرب عمل

لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ

رزق میں کشادگی کیلئے کاروبار کی ترقی کیلئے یا نیا کاروبار کی ترقی کیلئے یا نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے آیت کو روزانہ ایک سو اکتالیس (141) دفعہ پڑھیں (محاسن اسلام جون 2020)

کند ذہن کا روحانی علاج

وعَلَّمَکَ مَالَمْ تَکُنْ تعْلَمْ و کَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا

اگر آپکا بچہ یا کوئی طالب علم کند ذہن ہو تو ایک سو اکیس (121) مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں انشاء اللہ اسکی برکت سے عالم فاضل ہو جائیگا۔

(محاسن اسلام جون 2020) (سورۃ النساء آیت 113)

خیر و برکت اور رزق کیلئے

اگر کوئی شخص خیر و برکت اور رزق میں وسعت کا خواہش مند ہو تو وہ سورۃ واقعہ اور سورۃ یٰسین کی تلاوت پر پابندی کرے اور اگر یہ کلمات بھی پڑھ لیا کرے تو بہتر ہے انشاء اللہ اسے خیر و برکت کی دولت اور روزی میں کثرت بارش کی طرح ہوگی۔ کلمات یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الۡمَلِكِ الۡحَقِّ الۡمُبِيۡنِ وَهُوَ نِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَنِعۡمَ النَّصِيۡرُ۔

اسی طرح اگر کوئی شخص استغفار کا ورد رکھے تو اللہ پاک اسے رزق میں ترقی کیساتھ ساتھ رنج و غم سے محفوظ رکھیں گے۔ (محاسن اسلام جولائی 2020)

بڑی مصیبت و مشکل کا حل

کسی بڑی مصیبت یا مشکل میں مبتلا ہو جانے پر یہ آیت پڑھیں۔ حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ

ترجمہ:۔ ہمیں بس اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے (محاسن اسلام جولائی 2020)

شدید زخموں کیلئے

سورۃ الطلاق کا تین دن تک باوضو تین مرتبہ پڑھ کر شدید زخموں پر دم کرنا اللہ کے فضل سے زخم کا جلد ٹھیک ہو جائیں گے۔ (وظائف اکابر جلد اول صفحہ 73)

ہر قسم کی روحانی بیماری سے نجات کیلئے

سورۃ الفتح روزانہ (7) مرتبہ پڑھنا (وظائف اکابر)

جسمانی اور روحانی امراض سے صحت کیلئے

تمام جسمانی اور روحانی بیماریوں کی شفا کیلئے سورۃ الفاتحہ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ آخر تک پڑھا کرے۔ رسول اللہ ﷺ نے سورۃ الفاتحہ کے متعلق فرمایا کہ فاتحہ الکتاب (یعنی اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ آخر تک ہر بیماری کیلئے شفا ہے فی فاتحہ الکتاب شفاء مِنۡ كُلِّ دَاءٍ۔

ہر بیماری سے شفاء

فَكُلُوۡهُ هَنِيۡٓـًٔا مَّرِيۡٓـًٔا (سورۃ نساء:4)

اس آیت سے سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے ایک عجیب دوا استنباط فرمائیں ہیں وہ یہ ہے کہ جو کوئی شخص اپنی زوجہ کو دین مہر میں سے کچھ زر نقد دے اور وہ عورت اس زر نقد کو لے کر پھر اپنے شوہر کو بخش دے اس زر نقد سے شہد خرید لیا جائے اور اس میں بارش کا پانی ملا کر جس مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور شفاء پائے گا مجرب و آزمودہ ہے۔ (جامع الوظائف:118)

گمشدہ اور چوری شدہ چیز کیلئے

سورۃ النصر،، اور سورۃ الضحیٰ،، گیارہ (11) یا اکیس (21) یا اکتالیس (41) مرتبہ (وظائف اکابر صفحہ 124)

شر اور فتنوں سے حفاظت کیلئے

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا (سورۃ الکھف 10.18 اور وظائف اکابر صفحہ 142)

رسول اللہ ﷺ کی زیارت کیلئے مجرب عمل

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوۡنَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِيۡنَ آمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا : (سورۃ الاحزاب:56)

جو رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا خواہشمند ہو وہ رات کو سوتے وقت اس تسبیح کو مع درود شریف پڑھے انشاء اللہ جلد ہی نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوگی۔ (وظائف اکابر صفحہ 42)

﴿تمّت بالخیر واللہ اعلم بالصّواب﴾

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس احسن الوظائف کی کتاب کو بتاریخ 10 مئی 2021ء بمطابق 1442ھ 27 رمضان المبارک بروز پیر بوقت 3:00 بجے سحری ختم کیا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس تھوڑی سی محنت کو قبول فرمائیں اس کتاب کو نافع عام بنادے اور اس کو میرے لیے اور میرے والدین اور اساتذہ کرام کیلئے مغفرت کا ذریعہ بنادے۔ امین

﴿اللهم تقبله لرضاء تك واجعله لی وسیلة لفلاح الدارین امین﴾

﴿ایصال ثواب﴾ سارے رسول اللہ ﷺ کے امتیوں کیلئے:

﴿شریف اللہ الطالب عفی عنہ اپنی دعاؤں میں مت بھولو جزاک اللہ خیر﴾

﴿کلماتِ دُعائیہ﴾

﴿حضرت مولانا عرفان اللہ صاحب﴾ (مدظلہ)

اے اللہ ہمارے بھائی کی اس محنت کو شرف قبولیت عطا فرما اور اس کے پڑھنے والے کو شرور و آفات سے محفوظ رکھیں۔

﴿ناظم التعلیمات بجامعہ دارُالعلوم نعمانیہ جامع مسجد نعمان محلّہ گلاب خانہ نمک منڈی پشاور شہر﴾

﴿خطیب و امام جامع مسجد عمر فاروقؓ سعید آباد نمبر 2 پشاور شہر﴾

اگر کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی اصلاح فرما کر مشکور فرمائیں۔

بندہ پر احسان عظیم ہوگا۔

احسن الوظائف